مجلس بیان مین حاضر تھی ابوقت روانگی حقیر طرف دار الامارہ کے بالحاح مکرر عرض کیا کہ یہ سب حال کا اتفاق
بیان کا ہوا ہے اگر اس بیان کو زبین تحریر مین تحریر کیجئے تو خالی فائدہ سے نہ ہوگا اور یہ اس زمانہ کی یادگار
رہیگا پس بلحاظ الحاح اور عرض مکرر عزیز مذکور کے باوجود پراگندگی حال و تشتت بال اور کثرت
سبقون طلبا کی کہ فرصت ایکدم کی بھی نہ تھی بالاستیعاب حال امام مظلوم بر سبیل اختصار روایات صحیحہ
معتبرہ سے التقاط کر کے لکھا پس یہ عجالہ شائبہ افراط اور تفریط سے مبرا اور کذب بہتان
سے مبرا ہے اور رسالہ نافعہ کو ایک مقدمہ اور دو باب اور خاتمہ پر مرتب کیا اور نام اسکا انتخاب ۱۲
ہدایۃ الکونین الی شہادۃ الحسنین رکھا حق سبحانہ و تعالی اس رسالہ کو پسند خواص و عوام کا
کرے اور پسند خاطر خلائق کی کرے اور اس گنہگار شرمسار کو بتصدق آل عبا کی روز حساب کو عذاب سے
نجات بخشے اور نہین ہے توفیق میری مگر ساتھ اللہ کے اور وہ کافی ہے مجھکو اور بہتر وکیل ہے

مقدمہ

بیچ بیان وجہ شہادت حضرت حسنین علیہما السلام کے اور پر اہل بصیرت کے مخفی و محتجب نہیں
کہ جو کمالات کہ منتشر تھے تمامہ انبیا علی نبینا و علیہم السلام مین حق تعالی جل شانہ نے اپنی
قدرت کاملہ سے ان سبکو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم مین جمع کیا تفصیل
مختصر اس اجمال کی یہ ہے کہ دیا حق سبحانہ و تعالی نے آنحضرت کو مرتبہ خلافت کا جیسا کہ
دیا تھا آدم علیہ السلام کو اور دیا ملک جیسا کہ دیا سلیمان علیہ السلام کو اور دیا حسن
جیسا کہ دیا یوسف علیہ السلام کو اور دیا مرتبہ خلت کا جیسا دیا ابراہیم علیہ السلام کو اور
حضوری کلام کی جیسا کہ دی موسی علیہ السلام کو اور دیا رتبہ عبادت کا جیسا کہ دیا
یونس علیہ السلام کو اور دیا شکر جیسا کہ دیا نوح علیہ السلام کو الحاصل جو صفت
کہ علیحدہ علیحدہ دی انبیا علیہم السلام مین تھے وہ سب ذات آنحضرت سرور عالم فخر بنی آدم

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں جلوہ گر ہوویں گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مظہر جملہ اوصاف
انبیا علیہم السلام تھے شعر حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری ۔ آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری
اور یہ اوصاف جو انبیا علیہم السلام میں بٹے تھے سرور کائنات فخر موجودات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کو عنایت ہوئے تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افضل ممتاز اور انبیا علیہم السلام سے ہوویں
چنانچہ زیادہ کمالات سبحانہ تعالی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں کمالات مثل
اسلام ولایت و تصرفات و محبوبیت مطلقہ و برگزیدگی مطلق و دیدار حق و نزدیکی اتم جیسے
شب معراج مقام قاب قوسین میں شفاعت عظمی روز قیامت کی اور جہاد کرنا راہ خدا میں اور
غیر اسکے مثل علم کسب دعوات تمام و تعبد و تقوی و اجتہاد و احتساب و قرأت ختم نبوت
ولوائے حمد کہ جسکے نیچے اوسکے دن قیامت کو تمام ذریت بنی آدم ہوگی اور پس پشت سے دیکھنا
جیسا آگے سے اور رات تاریک میں دیکھنا جیسا روز روشن میں اور مقام محمود میں مشرف ہونا
اور داہنی عرش کی کرسی پر بیٹھنا اور چاند کا انگشت مبارک سے شق ہونا اور سیر معراج و
سواری براق اور گذر جانا سدرۃ المنتہی سے اور پہلا افاقہ آنا صیحہ سے سب سے اور حشر کے
اور پہلے گذرنا پل صراط سے اور کھلوانا پہلے سب انبیا علیہم السلام سے دروازہ بہشت کا اور
پہلے جنت میں جانا آپکی امت کا اور مرتبہ وسیلہ کا کہ اوپر اوسکے کوئی مرتبہ نہیں جیسے ہے
عنایت ہونا اور چوبیس ہزار مرتبہ حضرت جبرئیل کا جانب خدا سے پیغام لیکر آنا اور کمالات
دوسرے لاتعد و لاتحصی کہ جسکی تحریر سے قلم عاجز اور اوسکے بیان سے زبان جن و بشر کی
قاصر ہے آنحضرت کو عنایت ہوئے مصرع بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر لیکن باقی
رہگیا مرتبہ جلیل القدر شہادت کا کہ سرور کائنات کو عنایت نہ ہوا اور جبکہ نہایت
ہوا یہ کمال کا ذات پاک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نہ ہے کہ اگر

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شہید ہوتے جہاد کفار مین تو کسر شرکت اسلام کا ہوتی اور
تحلل راہ ہوتا جریان دین مبین مین اور اگر شہید ہوتے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم دفعۃً وباخفا جیسا کہ شہید ہوے خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم آپکے تو مشہور نہ ہوتا امر شہادت کا
اور کامل نہ ہوتا مرتبہ اوسکا اسواسطے کہ کمال مرتبہ شہادت کا یہ ہے کہ مارا جاوے
وہ شخص بغربت و بلا مین اور پامال کیے جاوین گھوڑے اور مرکب اوسکے اور ڈالا جاوے زمین پر
لاشہ اوسکا اور گھوڑے دوڑائے جاوین اوسکی لاشے پر اور ماری جاوین گردنین عزیز اور
قریب اوسکی اور لوٹ لیا جاوے تمام مال اوسکا اور قید کیے جاوین عورتین اور
یتیم اوسکے اور ہووے یہ سب با جرم محض راہ خدا مین حسبۃً للہ پس مقتضی ہوئی حکمت حکیم مطلق
جل شانہ کی واسطے شامل کرنے اس کمال عظیم اور اتمیم یعنی شہادت کے ساتھہ تمام کمالات
سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد انتقال فرمانے آنحضرت کے صلی اللہ علیہ وسلم
اور گذر جانے ایام خلافت خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کے کہ منافی مقتولیت و
مظلومیت کی ہے بواسطہ مردان اہل بیت بلکہ بواسطہ نزدیک ترین اقربا و عزیزان
اولاد آنحضرت صلعم کی بلکہ بواسطہ اوس شخص کے کہ ہووے وہ شخص حکم اولاد آنسرور
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین یہان تک کہ لاحق ہووے حال اوسکا حال آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین اور مندرج ہووے کمال اوسکا کمال آنسرور صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم مین پس متوجہ ہوئی عنایت ازلی اور مشیت سرمدی حق جل وعلی کی بعد
گذرنے ایام خلافت خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین کے طرف اس الحاق کے
پس قائم کیا حق سبحانہ وتعالی نے حسنین علیہما السلام کو مقام جد بزرگوار اپنے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس کمال جلیل القدر مین اور گردانا حقتعالی نے

جل شانہ نے اسی قدرت کاملہ سے حسنین علیہما السلام کو آئینہ واسطے ملاحظہ کرنے کمال
آنسرور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور گردانا حق تعالی نے حسنین علیہما السلام کو دو رخسار
واسطے مشاہدہ کرنے جمال سراپا کمال آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تاکہ صورت
کمالیہ شہادت کی اس آئینہ رسول نما میں دیکھی جاوے اور صفائی طینت حسین علیہما السلام
کی بیک شہادت رسول الثقلین کی ہووے اور چونکہ بعض بھی شہادت اوپر دو قسم کے ایک شہادت
خفی اور دوسری جلی تقسیم کی گئیں یہ دونوں شہادتیں اوپر حضرت حسنین علیہما السلام
ہیں خاص کیے گئے فرزند اکبر یعنی حضرت امام حسن علیہ السلام ساتھ قسم اول یعنی
شہادت خفی کے اور یہ کہ ہوتا امر اس شہادت کا چھپا ہوا ظاہر نہ ہوا ذکر اسکا
وحی آسمانی میں او مبہم رہا امر اسکا نزدیک واقع ہونے کے بھی یہاں تک کہ سرانجام
ہوا یہ امر یعنی شہادت خفی ہات زوجہ انکی سے اور زوجہ عرف میں علاقہ محبت میں بیگانہ ہے
سے عداوت سے اور یہ سب امر اسی لیے تھا کہ یہ شہادت حقہ مخفی تھی اور پردہ حقا
اسیواسطے نہ خبر دی اس واقعہ ہائلہ سے سرور عالم فخر بنی آدم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور نہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے اور نہ غیروں نے الحاصل یہ قسم شہادت کی
موقوف تھی اوپر پوشیدگی کے بعد کتمان اس راز کا اگر یہ ہوا تو اسیواسطے ہاتھ
زوجہ سے سرانجام اس کام کا ہوا کہ بیچ پردہ اختفا اور استتار کے رہے اور
سال اسکا وحی آسمانی میں بیچ خبر جبرائیل سے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور زبان حضرت
علیہ السلام کے واقع نہ ہوا کہ یہ سر مکتوم قتل واقع ہونے کے پردہ حجاب میں
رہے بخلاف قسم دوسری کے کہ بیچ اسکے شہرت اور اعلان یہ تھا جیسا کہ سال
اسکا تفصیل آتا ہے اور خاص کیے گئے فرزند اصغر یعنی حضرت امام حسین علیہ السلام

ساتھ یہ قسم دوسری سے کے اور لم اور سر بیچ خاص ہوئی شہادت سر خفی کی حضرت
امام حسن علیہ السلام میں اور خاص ہوئی شہادت ظاہر و علانیہ حضرت امام حسین
علیہ السلام میں سو یہ ہے کہ غیبت کو اوپر علانیہ کے تقدم وضعی حاصل ہے اور
بھی سر مثل اجمال و علانیہ مثل تفصیل کے ہے اور تفصیل بعد اجمال کے ابلغ زیادہ ہے
حق سبحانہ و تعالی نے قسم پہلی کو خاص کیا فرزند اکبر میں اور اختصاص فرمایا قسم
دوسری کو فرزند اصغر میں تا کہ تحفظ تقدم اور تاخر مرتبے کی کہ درمیان سبطین علیہما السلام
ہے برقرار رہے اور ظہور شہادت کا بعد مرتبہ غیبت کے اور وقوع تفصیل کا بعد اجمال کے
ظاہر اور ہویدا ہو وے پس جبکہ تھا مبنی قسم ثانی کا اوپر شہرت اور اعلان کے نازل کی گئی
پہلے خبر اسکی بوحی آسمانی اوپر زبان جبرئیل علیہ السلام کے اور سنے آواز اسکی زبانی
فرشتہائی آسمانی کے اور متعین ہونا مکان شہادت کا اور نام اوس جا کا کہ
مشہور بکربلا ہے اور تعیین ہونا زمانہ شہادت کا کہ شروع سن ساٹھ ہجری میں یہ
ماجرا ہوگا اور شہرت پایا اس امر نے اور ظاہر ہوئی یہ خبر اوپر زبان الہام بیان
حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کے سفر صفین میں یہ سب امور کہ بیان کیے گئے
باعث اشتہار قبل واقع ہونے شہادت کے تھی اور وہ امور کہ باعث اشتہار
بعد شہادت کے ہوئی وہ یہ ہیں پس جبکہ واقع ہوا یہ حادثہ ہائلہ ہوگئی مٹی خون
یہاں تک کہ کوئی پتھر بیت المقدس میں نہ تھا کہ نیچے اوسکے خون تازہ نہ نکلی اور
برسنا خون کا آسمان سے یہاں تک کہ مٹکے اور گھڑے اور ظروف بھی خون سے بھر گئے
اور نوحہ کرنا جنوں کا اور مرثیہ کہنا انہوں کا حضرت امام شہید کے حال پر اور محافظت کرنا
درندوں کا لاشہائے شہدا پر اور داخل ہونا چیونٹی کا سوراخ ناک قاتلوں میں اور گڑوا ہونا

گوشت شتران لشکر امام مظلوم کا وقت پکنے کے اور سوختہ ہونا عنبر اُنکا وقت ملنے کے
اور پھر ہونا عصفر ہو کر اور سیاہ ہو جانا سورج کا اور برسنا آسمان کا مدت دراز تک اور سوا
اسکے اور عجائب و غرائب کہ آئندہ تفصیل مذکور ہونگے اور یہ سب امور شہرت کے
اسلیے ہوئے تاکہ مطلع ہو جاویں اس حادثہ پر حاضرین و غائبین اور باقی رہی نکاو
حزن و الم اور تذکرہ اس واقعہ ہائلہ کا حضرت کی امت میں قیامت تک پس پہونچا
یہ حادثہ ہائلہ نہایت شہرت کو عالم علوی و عالم سفلی و عالم غیب و شہادۃ اور عالم جن
و عالم انس گویا اور بے زبان میں یعنے حیوانات و جمادات میں اتنا کہ تمام عالم
سے لیکر تا انسان و حیوان و جماد اس واقعہ ہائلہ سے آگاہ و خبردار ہوا اور حادثہ محیرہ
اس حادثہ کا یہ ہے کہ ہر جگہ حرم میں سر ہوے غم و الم و بکا و زاری تازہ ہو گی
پس جبکہ مقدمہ تمام ہوا چاہیے کہ اب بیان کریں ہم مقصود کو بدانکہ واسطے ثابت ہونے
حضرت حسین علیہما السلام کو فرزندی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں دو وجہ ہیں پہلی
وجہ یہ ہے کہ بیٹی کا بیٹا حکم بیٹے میں ہے لہذا شمار کیے گئے عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل میں
اس واسطے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بے باپ قدرت کاملہ سے پیدا ہوئے اور حضرت مریم
بنی اسرائیل یعنے فرزندان یعقوب سے ہیں پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت مریم کے
رشتے سے بنی اسرائیل کہلائے پس بواسطہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے حضرت
حسین علیہما السلام بھی بیٹے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہوے اور وجہ
دوسری یہ ہے یعنے نص صریح آئی ہے اور بیٹے ہونا حضرت حسین علیہما السلام کا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث صحیح میں طرق متعددہ سے ثابت ہے
اس رسالہ میں بلحاظ طول ہونے کے ترجمہ حدیث پر اکتفا کیا فرمایا رسول مقبول

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دونوں میرے بیٹے ہیں اور روایت کی ہے امام احمد بن
حنبل نے اپنی مسند میں ابی اسحق سبیعی سے اور انھوں نے ہانی بن ہانی سے اور
انھوں نے امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا امیر المومنین نے کہ جبکہ پیدا ہوئے
حسن تشریف فرما ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور فرمایا دکھلاؤ مجھکو میرے
بیٹے کو کیا نام رکھا تم نے اوسکا حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ میں نے
عرض کیا کہ نام اسکا میں نے حرب رکھا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
بلکہ حسین ہے پس جبکہ پیدا ہوئے حسین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہوئے
اور فرمایا دکھلاؤ میرے بیٹے کو کیا نام رکھا تم نے اسکا جناب امیر نے عرض کیا
کہ حرب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلکہ یہ حسین ہے پس جبکہ پیدا ہوئے
محسن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہوئے اور فرمایا دکھلاؤ میرے بیٹے کو
کیا نام رکھا تم نے اسکا حضرت امیر نے عرض کیا حرب آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے فرمایا بلکہ یہ محسن ہے بعد اسکے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
ارشاد فرمایا کہ نام رکھا میں نے ان تینوں لڑکوں کا اوپر نام بیٹوں ہارون کے کہ
شبر وشبیر ومشبر ہے اور خارج کیا ہے اس حدیث کو طبرانی نے معجم کبیر میں اور دار قطنی نے
افراد میں اور حاکم اور بیہقی اور ابن عساکر ان سبھوں نے جناب امیر سے اور خارج کیا ہے
اس حدیث کو بغوی اور طبرانی نے سلمان رضی اللہ عنہ سے مثل اوسکے اور قاموس میں
ہے کہ شبر کبقم وشبیر کقمیر ومشبر کمحدث ابناء ہارون علیہ السلام **فائدہ** اس حدیث شریف سے
معلوم ہوا کہ حضرت محسن علیہ السلام روبروے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
پیدا ہوئے تھے اور شرف تسمیہ زبان نبوت ترجمان سے مشرف ہوئے پس طعن

محالفین کا اس شخص سچا ہے اور لیکن حضرت حسنین علیہما السلام کا آئینہ ہو یا
واسطے ملاحظہ کرے حال باکمال سرور عالم فخر بنی آدم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
پس انکی بھی دو وجہ ہیں وجہ پہلی بواسطہ سیادت یعنے سرداری مطلق سے کیونکہ حدیث
پس مسند اوسکی یہ ہے کہ خارج کیا نسائی اور ترمذی اور ضیاء نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے
اور ابو یعلے نے ابی سعید رضی اللہ عنہ سے اور ابن ماجہ نے عمر رضی اللہ عنہ سے
اور ابن عدی نے ابن مسعود رضی اور ابو نعیم نے علی سے اور طبرانی نے معجم کبیر میں عمر سے
اور جابر اور براء بن عازب اور اسامہ بن زید اور مالک بن حویرث اور دیلمی میں
انس بن مالک سے اور ابن عساکر میں عائشہ اور ابن عمر اور ابن عباس اور ابی رمثہ کر
رضی اللہ عنہم کہ تحقیق فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ حسن اور حسین
سردار جوانان بہشت ہیں اور زیادہ کیا ابن ماجہ اور غیر اوسکے نے کہ باپ ان دونوں کا
بہتر ہے ان دونوں سے اور بروایت طبرانی کے یہ ہے کہ باپ ان دونوں کا افضل ان دونوں سے
ہیں اور زیادہ کیا ہے حاکم اور ابن حبان اور غیر ان دونوں کی کہ مگر دو بیٹے خالہ کے
یعنے بن مریم و یحیی بن زکریا علیہما السلام اور جملہ متفرعات اس مراتب سے یہ ہے کہ محبت
و دوستی حسنین علیہما السلام کی بعینہ محبت و دوستی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی ہے اور بغض و عداوت ان دونوں صاحبزادوں کی بعینہ بغض و عداوت رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی ہے جیسا کہ واقع ہوا ہے روایت ابن عساکر اور غیر اوسکے میں
ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ جو شخص کہ دوست رکھے ان دونوں کو یعنی حسنین علیہما السلام کو پس تحقیق
اوسنے دوست رکھا میرے تئیں اور جو شخص کہ دشمن رکھے ان دونوں کو پس تحقیق کہ اوسنے دشمن رکھا میرے تئیں
اور وجہ دوسری یہ کہ اونکی جہت مشابہت صورت کی ہے پس یہ تحقیق حسنین علیہما السلام حق ما مد تصویر

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظاہر مین جیسا کہ سیرت اور باطن مین مشابہ تمام تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پس بہ تحقیق خارج کیا ہے بخاری سے انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انس رضی اللہ عنہ نے نہ تھا کوئی مشابہ زیادہ ساتھہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے اور کہا انس رضی نے حسین مین بھی تھی مشابہت زیادہ ساتھہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور روایت کیا ہے مفصلاً اس حدیث کو ترمذی نے علی کرم اللہ وجہہ سے اور صحیح کیا ہے اس حدیث کو اونے اور کہا تھی حضرت امام حسن علیہ السلام اشبہ زیادہ ساتھہ رسول اللہ کی سینے مبارک سے لیکر سر اطہر تک یعنے جہت اعلی مین اور حضرت امام حسین مشابہ زیادہ تھے ساتھہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینے مبارک سے قدم تک یعنے جہت اسفل مین اور خارج کیا ہے ترمذی نے کہ بہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لی لیا حضرت امام حسن و حضرت امام حسین علیہما السلام کو پس فرمایا جو شخص دوست رکھے میرے تئین اور دوست رکھے ان دونوں کو تئین اور دوست رکھے باپ اور ماں ان دونوں کو وہ شخص ساتھہ میرے ہوگا بیچ درجہ میری کے دن قیامت مین اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث منکر ہے اور خارج کیا ہے مسلم نے کہ باہر تشریف فرما ہوے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وقت صبح کے اور تھی آپ کے دوش مبارک پر کملی منقش سیاہ بالوں کی پس تشریف لائے حضرت امام حسن علیہ السلام پس داخل کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکو کملی مین بعد اوسکے تشریف لائے حضرت امام حسین علیہ السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکو بھی کملی مین داخل کیا بعد اسکے تشریف لائے حضرت علی کرم اللہ وجہہ انکو بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

داخل کیا بعد اسکے تشریف لائیں حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکو بھی کملی میں داخل کیا بعد اسکے سرور عالم بشری آدم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیہ کریمہ پڑھا انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس اہل البیت ویطہرکم تطہیرا یعنی ارادہ کیا خدا نے کہ لیجاوے تم سے نجاست کو اور پاک کرے تمکو پاک کرنا یہ حدیث شریف غرر الاقتباس تصنیف خاتم المحدثین استاد العالمین شاہ عبد اللہ قدس سرہ میں مذکور ہے اور یہ حدیث شریف بھی اس رسالہ میں مسطور ہے آیا میرے پاس ایک فرشتہ آسمان سے کہ نہ آیا تھا قبل اسکے کبھی اور سلام کیا اور خوشخبری دی مجکو کہ حسن و حسین سردار ہو جوانان جنت کے ہیں اور فاطمہ سردار زنان اہل جنت کی ہیں روایت کیا ہے اس حدیث کو ابن عساکر نے اور بھی یہ حدیث اوس رسالہ شریفہ میں مسطور ہے بتحقیق حسن و حسین دو پھول ہیں میرے باغ سے دنیا میں روایت کیا اس حدیث کو ترمذی نے یعنے حضرت حسنین علیہما السلام ثمرہ دل باغ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہیں اور بھی اوس رسالہ طیبہ میں یہ حدیث مذکور ہے یہ دو بیٹے حسن و حسین بیٹے میرے ہیں اور دو بیٹے بیٹی میری کی ہیں بار خدا دوست رکھتا ہوں میں ان دونوں کو پس دوست رکھہ تو انکو اور دوست رکھہ اوس شخص کو کہ دوست رکھے انکو روایت کیا ہے اس حدیث کو ترمذی نے پس حکم دعا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقبول ہوئی پس جو دوست رکھے حقتعالی کے حضرت حسنین علیہما السلام اور انکو دوست اوسکے تئیں ستہ باقی نہ رہا اور بھی اوس رسالہ جلیلہ میں یہ حدیث شریف مسطور ہے کہ فرمایا خدا اور اوسکے رسول نے کہ یہی ہے مال تمہارا اور اولاد تمہاری مگر فتنہ یعنے سبب آزمایش کے نظر کیا میں نے ان دونوں لڑکوں کی طرف یعنی حسن و حسین

کہ جاتی تھے اور گرتے تھے پیراہن دونوں کا پس صبر نہ کر سکا مین یہان تک کہ قطع کیا یعنی اپنی کلام یعنی خطبہ کو اور اوٹھا لیا مین نے ان دونوں کو روایت کیا ہے اس حدیث شریف کو ترمذی و ابن ماجہ و ابو داؤد و نسائی مین یعنی ایک روز سرور کائنات فخر موجودات صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم مجلس صحابہ کبار رضی اللہ عنہم مین مشغول خطبہ پڑھنے اور وعظ فرمانے مین تھے کہ ناگاہ درمیان وعظ کے حضرت حسنین علیہما السلام کھیلتے ہوے تشریف لائے اور پیر مبارک ان دونوں صاحبزادونکا چلنے مین لغزش کرتا تھا اور عنقریب تھا کہ زمین پر گرین اور سبب اونکی بدن مبارک کو بوجھ کی سرور عالم فخر بنی آدم صلے اللہ علیہ و آلہ و سلم نے اس حالت کو اثنار خطبہ مین ملاحظہ فرمایا ازراہ شفقت اور زیادتی محبت سے ضبط نہ کر سکے خطبہ کو چھوڑ کر دونوں صاحبزادونکو گود مبارک مین اوٹھا لیا بعد اوسکے یہ حدیث فرمائی اس مقام مین اہل بصیرت کو غور کرنا چاہیے کہ سرور کونین جد الحسنین صلے اللہ علیہ و آلہ و سلم کو کس قدر کی محبت اور شفقت حضرت حسنین علیہما السلام کے ساتھہ تھی کہ وعظ الہی کو حضرت حسنین علیہما السلام پر ترجیح دی پس مصائب جگر گوشہاے رسول خدا خاصتہ سید الشہدا علیہ التحیۃ و الثنا و دیگر اہل بیت مصطفی کو جو کہ کربلا مین واقع ہوئی کس قدر غم و الم روح انور شفیع روز محشر صلے اللہ علیہ و آلہ و سلم کو لاحق ہوے ہونگے اور اس قسم کی احادیث صحیحہ بیان فضائل حضرت حسنین علیہما السلام مین کتب صحاح مین بے شمار موجود ہین کہ اونکی استیفا کے واسطے دوسری کتاب بطول چاہیے یہ رسالہ مختصر گنجایش نہین رکھتا اس عجالہ مین بطور المنوذج کے چند احادیث صحیحہ کتب صحاح سے لکھی گئین پس اس مادی ناپیدا کنار سے عنان قلم کو روک کر طرف میدان مقصود کی روان کرتا ہے

روایت کی ہے امام محق ناطق حضرت جعفر صادق علیہ السلام سے انہوں نے پدر بزرگوار
فرمایا آپکے پدر بزرگوار سے کہ حج کیا حضرت امام حسن علیہ السلام نے پچیس حج پیادہ
اور حال آنکہ گھوڑے کوتل آپکے آگے چلتے تھے اور دیا حضرت نے راہ خدا میں تمام مال
اپنا دو بار اور تقسیم کیا راہ خدا میں نصف مال اپنا تین بار یہاں تک کہ دے دیا
راہ خدا میں ایک نعل اور رکھ لیا اپنے لیے ایک نعل اور دے دیا ایک موزہ اور رکھ لیا
ایک موزہ اور منجملہ اخلاق پسندیدہ آنحضرت علیہ السلام سے یہ قصہ ہے کہ ایک روز
آپ مسند امامت پر جلوہ گر تھے اور موالی دامالی گرد آپکے مانند ہالہ کے گرد چاند کے
بیٹھے تھے کہ ایک مرد نے گنواروں میں سے آکر پوچھا رئیس مجلس کون ہے اور نام اوسکا کیا
حضرت امام حسن علیہ السلام نے اوسکی طرف مخاطب ہو کر فرمایا میں ہوں حسن یہی نام ہے اور
کہ اوسنے کہا وہی علی کہ جو گنوار اور نہایت جبار تھا اور اور کلمات ناشایستہ و نالائق
اسد اللہ غالب کی حق میں سکے اور پوچ گوئی نہایت کو پہنچائی حضار مجلس گرامی نے
بمجرد سننے اس ہفوات و خرافات کی بہت پیچ و تاب کھا کر قصد کیا کہ اوس بے ادب کو
تادیب کریں کہ اس اثنا میں حضرت امام سراپا تہذیب مستجمع خلق عظیم کے متوجہ
اوسکے حال کے ہوئے اور فرمایا کہ اے شخص تیرے طرز کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ تو
کسی رنج میں مبتلا اور کسی مصیبت میں گرفتار ہے اگر تو بھوکھا ہے طعام لذیذ
تیرے واسطے لاؤں اور اگر پیاسا ہے پانی سرد موجود ہے اور اگر قرضدار ہے تیرا
قرض ادا کر دوں اور اگر کوئی تیرا دشمن ہو تو تیری اعانت کروں اوس مرد گنوار نے
یہ کلام دلاویز و تحمل سنکر بمقابلہ اپنے کلمات زہر آمیز و مغلظات حسرت انگیز کر
زبان شیریں بیان اوس طفل تاجدار امامت و گل گلستان ولایت سے سنکر کہنے لگا

حضرت امام علیہ السلام کی طرف مخاطب ہوکر کہا تو بیشک بیٹا علی ولی اللہ کا
کہ وہ قالع خیبر و برادر اور وصی پیغمبر کا تھا اور وہ مرد کافر مشرف باسلام ہوکر فدویان
خاص این برتبہ اختصاص فائز ہوا اور غاشیہ اطاعت جناب امام کا دوش فرمانبرداری پر
کھینچا اس قبیل کی حکایتین آپکی حسن اخلاق کی لاتعد و لاتحصی ہین کہ اونکا احصا و شمار نے
یہ عجالہ مختصر گنجایش اونکی نہین رکہتا لہذا عنان شبدیز قلم کو اوس جولانگاہ سے پہیر کے
طرف وادی مقصود کی روان کیا اور واقع ہوئی شہادت اوس سید الشہدا سردار
ہر دو سرا کی اس پچاس ہجری مین بیچ ارجح اقوال کے اول مہینے ربیع الاول مین اور بعض
روایت مین آخر صفر یعنے اٹھائیسوین تاریخ بھی آیا ہے اور یہ روایت مشہور ہے
اور بعض روایت مین سن پچاس تاریخ پنجم ربیع الاول بھی آیا ہے اور راویان جگرسوز
اور مخبران غم اندوز جناب امام علیہ السلام کی وجہ شہادت یون روایت کرتے ہین
کہ زوجہ آپکی یعنے جعدہ بنت اشعث بنت قیس نے باغواے یزید پلید کے آپکو زہر دیا
اوس پلید نے اس خبیثہ سے وعدہ کیا تھا کہ مین اپنے ساتہہ تجہسے بعد وقوع اس واقعہ ہائلہ
یعنے شہادت امام کے نکاح کرونگا چنانچہ اوس خبیثہ نے یزید پلید کے اغواے
جناب حضرت امام زمان کو سم قاتل دیا پس مریض ہوے امام ہمام قدوۂ انام حضرت
امام حسن علیہ السلام صدمہ اوس زہر ہلاہل سے اور چالیس دن بعد روح پرفتوح
جسد اطہر سے طرف ملاء اعلی کے متوجہ ہوئی انا للہ وانا الیہ راجعون پس بعد واقع ہونے
اس حادثہ ہائلہ کے اوس خبیثہ قاتلہ نے طرف یزید پلید کے ایک شخص کو صفیر کرکے
بھیجا کہ وفا کرے وہ خبیث پلید اپنے وعدہ کو پس جبکہ اس خبیثہ کا صفیر اوس خبیث کے
پاس پہونچا اوس لعین نے کہا مین راضی نہ تھا کہ تو امام حسن رض کے پاس رہے پس مین کیونکر

راضی ہونگا کہ تو میرے پاس رہے پس ہو گئی وہ خبیثہ خسر الدنیا والآخرۃ اوسپر ا
حسان آشکارا رہے اور تھا مرض امام علیہ السلام کا اسہال کبدی اور پارہ پارہ
ہوتا جگر اور آتا تھا ایسے وقت اجابت کے جگر و آنت ٹکڑے ہوکر گرتے تھے چنانچہ
ایک شخص وقت مرض آپکی عیادت کو گیا آپ نے فرمایا جگر میرا پارہ پارہ ہوا اوس شخص نے
کہا کہ میں نے بچشم اپنے دیکھا کہ فی الواقع قطعات جگر کے تھے اور جسکہ وقت انتقال
امام علیہ السلام کا ہوا تشریف لائے آپکے پاس حضرت امام حسین علیہ السلام اور
عرض کیا آپ سے کہ اے برادر بزرگوار کسنے آپکے ساتھ یہ معاملہ کیا ہے حضرت
امام علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا ارادہ اوسکے قتل کا ہے حضرت امام حسین علیہ السلام نے
عرض کیا آری پس حضرت امام حسن علیہ السلام نے کمال حلم عظیم سے فرمایا کہ اگر کیا ہے
اس کام کو اوس شخص نے کہ جسکا مجکو گمان ہے پس حق تعالیٰ زیادہ منتقم حقیقی اور سزا
کرنیوالا ہے اگر فی الواقع یہ کام اوس شخص سے نہیں ہوا پس نہیں دوست رکھتا ہوں
اسبات کو کہ قتل کرے تو بے گناہ کو اور فرمایا کہ پلایا گیا میں زہر کئی بار لیکن
پلایا گیا میں سخت اس بار سو زیادہ تنبیہ ظاہر ہے کہ نے قاتل میں چند اسرار تھا
اول یہ ہے کہ جسکہ مدار شہادت سریہ کا اخفا پر تھا قاتل کو بھی پردۂ اخفا میں
رکھا دوسرے یہ بھی کہ مدار قصاص کا شرع شریف میں جزم اور احتیاط پر ہے
تاوقتیکہ قاتل کا خوب یقین نہ ہو حکم اوسکے قتل کا جاری کرنا چاہیے تیسرے یہ کہ
اعراض کرنا اظہار قاتل سے دلیل ہے اوپر کمال حلم اور کھانے غصہ پر اسواسطے
کہ اگر خوب تفحص و تجسس کیا جاتا تعین قاتل کا من حیث الشرع ممکن تھا لیکن باز رہنا
انتقام سے اور پہلوتہی کرنا قصاص سے باوجود قادر ہونے کے فی الحقیقت

کا کام انہیں حضرات کا ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے شائبہ اغراض نفسانیہ سے
بیچ جبلی پاک ان حضرات علیہم السلام کے خلق نہیں کیا ورنہ سرانجام اس کام دشوار کا
عوام بلکہ خواص بشر سے بھی متعذر ہے اور فصل الخطاب میں منقول ہے کہ امیر المومنین
حسن علیہ السلام کو چھ مرتبہ زہر دیا پانچ مرتبہ کاری نہ ہوا چھٹے مرتبہ کاری ہوا
اور حلیۃ ابو نعیم میں عمیر بن اسحق سے روایت ہے کہ میں اور دوسرا شخص بیچ مرض الموت
حضرت امام حسن علیہ السلام کے واسطے عیادت کے گیا حضرت رضی نے فرمایا کہ اے فلان
کچھ مجھسے سوال کر راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا کہ اس حال میں سوال مناسب
نہیں ہے حضرت کو جبکہ افاقہ مرض سے ہوگا سوال کرینگے پس آنحضرت علیہ السلام
دولتخانہ میں تشریف لے گئے بعد اوسکے باہر تشریف فرما ہوئے اور فرمایا جو سوال کرنا ہے
سوال کر کہ پھر فرصت سوال کی نہ پاوےگا اور مجھے طاقت جواب کی نہ ہوگی بعد اسکے فرمایا کہ
مجھے چند بار زہر دیا اس مرتبہ کارگر ہوا کہ ٹکڑے جگر کے کٹ کر گرتے ہیں پس راوی کہتا ہے
کہ میں دوسرے روز حضرت کی خدمت شریف میں حاضر ہوا دیکھا کہ حضرت حالت احتضار میں
ہیں اور جناب حضرت امام حسین علیہ السلام سرہانے آپکے بیٹھے قاتل کو پوچھ رہے ہیں
اور بعض روایت میں آیا ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ درمیان
میری دو آنکھ کے قل ھو اللہ احد لکھا ہے حضرت نے اس خواب کو سعید بن المسیب سے بیان کیا
سعید نے کہا کہ زمانہ وفات آپکا قریب پہونچا الحاصل جبکہ وقت انتقال کا قریب آیا حضرت
جناب امام حسین علیہ السلام سے وصیت کی کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا ہے کہ
جبکہ میرا انتقال ہووے مجھے ایک قبر کی جگہہ حجرہ مطہرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں دینا
چنانچہ عائشہ رض نے جگہہ دینیکا وعدہ کیا ہے کتب سیر میں مسطور ہے کہ جبکہ حضرت امام حسن ع

نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے جگہ قبر کی اپنے دفن کے لیے طلب کی
حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جواب میں فرمایا بیٹے کو باپ سے کون جدا
کر سکتا ہے الحاصل حضرت امام حسن علیہ السلام نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے
فرمایا کہ بعد وفات کے جنازہ میرا آگے روضۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیجا کر
عائشہ رضی اللہ عنہا سے احتیاطاً اجازت واسطے دفن کے حجرۂ مبارک میں مجھے طلب کرنا
اگر وہ اجازت دیویں جوار قبر شریف جد امجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مجھکو
دفن کر دینا مگر مجھکو بالیقین معلوم ہے کہ اشخاص بنی امیہ اس امر سے منع کریں گے پس
اے حسین ان لوگوں سے اس منع پر جنگ و جدال نہ کرنا اور میرا جنازہ بقیع میں لیجا کر
اوسی جا دفن کر دینا چنانچہ جو حضرت امام مسموم امام نے زبان الہام بیان سے
ارشاد کیا تھا وہی سانحہ درپیش ہوا تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جس وقت کہ روح مجروح
اوس جناب پاک کی عرش بریں کی طرف متوجہ ہوئی اور بدن اطہر کو چھوڑ کر آشیانۂ قدس کو
اختیار کیا جناب امامت مآب پیشوائے کونین حضرت امام حسین علیہ السلام نے بعد فراغ غسل
وکفن کے بموجب وصیت برادر بزرگوار کے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے
واسطے دفن کے اجازت طلب کی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حسب
وعدہ کے اجازت دی پس جبکہ یہ خبر مروان بد انجام کو پہنچی از راہ خباثت کے
مرور وجسر قدم براہ مخالفت میں رکھکر آمادہ قتال و جدال کا ہوا اور امام کونین
علیہ السلام کو روضہ مبارک میں دفن ہونے نہ دیا پس جنازہ آنحضرت علیہ السلام کا
روضہ شریف سے پھیر کے بقیع میں لیجا کر بیچ قبہ حضرت عباس رضی کے پہلوے فاطمہ
بنت اسد جدہ شریفہ آنحضرت علیہ السلام کے دفن کیا اور قوم بنی امیہ میں سے

کوئی جنازۂ مبارک پر حاضر نہ ہوا لیکن اس نعمت عظمیٰ سے محروم رہے مگر سعید بن العاص کے که اوس زمانہ میں امیر مدینہ طیبہ کا تھا باجازت جناب حضرت امام حسین علیہ السلام نماز جنازہ آنحضرت علیہ السلام کی پڑہی اور تھا سن شریف امام علیہ السلام کا چھتیس برس اور چھ مہینے کا مگر کچھہ روز کم اور ولادت سراسر سعادت امام ہمام علیہ السلام کی نصف شعبان سن تین ہجری میں اوپر صحیح اقوال کے واقع ہوئی اور بعضوں نے نصف رمضان بھی کہا ہے واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب تمام ہوا بفضلہ الکریم ومنہ الجسیم بیانہ شہادت سریہ کا کہ مخصوص ہوئی ساتہ اوسکے سبط اکبر یعنے حضرت امام حسن علیہ السلام

ہدایۃ اب بیان شہادت جہریہ کا کہ مخصوص ہوئی ساتھہ اوسکے سبط اصغر یعنے قبلہ کونین پیشوای دارین جناب حضرت امام حسین علیہ السلام اور یہ شہادت کبری اکبر وقائع مشہورہ سے ہے کہ آگاہ ہوی اس سے حاضر وغائب اور خبر دی اس حادثہ ہائلہ کی حضرت جبرئیل ع اور فرشتہاے آسمانی نے سرور کائنات مفخر موجودات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لیکن خبریں رسول مقبول کی کہ اس واقعہ ہائلہ میں جہت وحی سے بواسطہ حضرت جبرئیل ع اور فرشتون آسمانی سے وارد ہین پس مشہور اور متواتر ہین حدیث خارج کیا ہے طبرانی نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہ بہ تحقیق فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ خبر دی مجکو جبرئیل علیہ السلام نے کہ بہ تحقیق حسین قتل کیا جائیگا بعد میرے زمین طف مین اور لای جبرئیل میرے پاس مٹی اوس زمین کی اور خبر دی مجکو کہ اس زمین پر مرقد حسین رض کا ہوگا حدیث خارج کیا ہے ابو داؤد اور حاکم نے ام الفضل بنت حارث سے کہ بہ تحقیق آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آئی میرے پاس جبرئیل علیہ السلام پس خبر دی مجکو کہ بتحقیق امت میری قریب ہے

کہ قتل کریگا میرے بیٹے یعنی حسین کو اور لائے میرے پاس مٹی سرخ اور حاکم نے حدیث
خارج کیا ہے احمد بن حنبل نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق
آیا میرے گھر میں ایک فرشتہ کہ نہ داخل ہوا تھا پہلے میرے اسکے کبھی پس
اوس فرشتہ نے مجھے کہا کہ تحقیق یہ آپ کی بیٹی کا بیٹا حسین قتل کیا جائیگا
اور اگر آپ کو منظور ہو تو دکھلا دوں میں مٹی اوس زمین کی کہ قتل کیا جائیگا وہ بیچ
حسینؓ اوس جا پر پس لایا وہ فرشتہ مٹی سرخ اور حاکم نے حدیث خارج کیا اور بیہقی نے
بیچ سنن اپنی کی حدیث انس سے کہا انس نے کہ اجازت چاہی فرشتہ باران نے حقتعالے
سبحانہ سے واسطے زیارت کرنے آنحضرتؐ کے اور تشریف رکھتے تھے سرور عالم
فخر بنی آدم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم حضرت ام المومنین ام سلمہؓ کے گھر میں پس فرمایا
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہ
نگاہ رکھو دروازہ کو کہ کوئی آنے نہ پاوے پس ام المومنین حضرت ام سلمہؓ حسب الحکم
فرمودہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دروازے پر گئیں وہاں ہو کر بیٹھیں پس اس
اثنا میں ناگاہ حضرت امام حسینؑ تشریف لائے اور سیدھے گھر میں داخل ہوئے اور گود مبارک
رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں بیٹھ گئے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے
آپکو گود مبارک میں لے لیا اور بوسہ دینا شروع کیا پس پوچھا اوس فرشتے نے آنحضرت
صلی اللہ سے کہ آیا دوست رکھتے ہیں آپ اسکو حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے
فرمایا ہاں فرشتہ مطر نے کہا عنقریب ہے کہ امت آپکی اسکو قتل کرے اور اگر آپکو
منظور ہو تو دکھلا دوں میں اوس مکان کو کہ قتل کیا جائیگا یہ اوس مکان میں پس دکھلایا
اوس فرشتہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو وہ مکان پس لایا وہ فرشتہ مٹی

نرم یا مٹی سرخ ایسی تنک ہے راوی کو لیا اوس مٹی کو حضرت ام المومنین ام سلمہ نے لیکر
کپڑے میں باندھ لیا کہا ثابت نے کہ راوی اس حدیث کا ہے کہ تھے ہم کہتے مٹی کو
زمین کربلا ہے اور خارج کیا ہے بیچ اس حدیث کو ابو حاتم نے بیچ اپنی صحیح کے اور
بیچ روایت احمد حنبل کے بیچ زیادتی مسند کے یہ ہے کہ پس دیا مجکو کف دست مٹی سرخ
اور خارج کیا حاکم اور بیہقی نے ام الفضل بنت حارث سے کہا ام الفضل نے کہ گئی میں
ایک روز حضرت امام حسین علیہ السلام کو لیکر آنحضرت کے پاس پس بٹھال دیا میں نے
امام حسین علیہ السلام کو گود مبارک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پس ناگاہ
دیکھا میں نے طرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہ گرتے تھے آنسو آنکھ مبارک سے
پس فرمایا آنحضرت نے کہ آئے میرے پاس جبرئیل اور خبر دی مجکو کہ بیشک میری امت
قتل کریگی اس میرے بیٹے کو اور لائے جبرئیل میرے پاس مٹی سرخ اوس جاکی حدیث
خارج کیا ہے ابن راہویہ اور بیہقی اور ابو نعیم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہ بہ تحقیق
رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب کیا اور بیدار ہوئے ایک روز پس جب اٹھے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درحالیکہ اندوہگین اور غمناک تھے اور ہاتھ مبارک میں
مٹی سرخ تھی کہ بیچ اوس کے اولٹ پلٹ کرتے تھے آنحضرت اوس مٹی کو حضرت ام سلمہ کہتی ہیں
میں نے پوچھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ کیسی مٹی ہے یا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خبر دی مجکو جبرئیل نے کہ بہ تحقیق یہ بیٹا
میرا یعنے حسین قتل کیا جاویگا زمین عراق میں اور یہ مٹی اوس جاکی ہے حدیث
خارج کیا ہے بیہقی اور ابو نعیم نے انس رضی اللہ عنہ سے کہا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہ اجازت
چاہی فرشتہ باران نے پروردگار عالم سے کہ آوے واسطے ملاقات رسول اللہ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس اذن دیا حق تعالیٰ نے اوسکو پس حاضر ہوا وہ فرشتہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں مشرف ہوا پس داخل ہوئی اوسوقت میں حضرت حسین
علیہ السلام اور سوار ہوئے دوش مبارک پیر پس یہ حالت دیکھکر فرشتے مخاطب آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ آیا دوست رکھتے ہیں آپ اسکو آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں عرض کیا اوس فرشتے نے امت آپکی قتل کریگی اسکو
اور اگر آپکو منظور ہو تو دکھلا دوں میں آپکو وہ مکان کہ قتل کیا جائیگا اوس مکان میں
پس مارا ہاتھ اوس فرشتہ نے اور دکھلائی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مٹی سرخ
پس لے لیا حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اوس مٹی کو اور رکھ دیا اوسکو اپنے کپڑے میں
راوی کہتا ہے کہ سنتے تھے ہم کہ حضرت امام حسین علیہ السلام قتل کیے جائیں گے کربلا میں
حدیث خارج کیا ہے ابو نعیم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا حضرت
ام سلمہ رض نے کہ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام میرے گھر میں
کھیلتے تھے کہ ناگاہ نازل ہوئے حضرت جبرئیل پس کہا یا محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
تحقیق امت آپکی قتل کریگی اس بیٹے کو بعد آپکے اور اشارہ کیا طرف حسین کے اور
لائے حضرت جبرئیل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس مٹی پس سونگھا اوسکو آنحضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوس مٹی کو اور فرمایا کہ یہ بوئے کرب و بلا کی ہے اور فرمایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ اے ام سلمہ جسوقت ہو جاوے یہ مٹی خون اوسوقت جاننا کہ تحقیق
قتل کیا گیا حسین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نگاہ رکھا میں نے اوس مٹی کو
شیشے میں اور بعض روایت میں حضرت ام سلمہ سے منقول ہے کہ جس روز کہ حضرت امام حسین
علیہ السلام کربلا میں شہید ہوئے وہ خاک خون ہو گئی اور بعض روایات میں بجائے

لفظ خاک کی لفظ سنگریزہ کی وارد ہوئی ہے چنانچہ مروی ہے کہ جبکہ سنگریزے بیچ قتل حسین کے
حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیے تھے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ام سلمہؓ کو سپرد کیے اور فرمایا کہ اے ام سلمہ جس روز کہ
سنگریزوں سے خون جاری ہووے جاننا کہ حسین قتل ہوا پس حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ
روز عاشورہ ہوا میں نے شیشہ کو کھول کر دیکھا کہ اون سنگریزوں سے خون جاری تھا
اور بھی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ جبکہ رات قتل حضرت امام حسین
علیہ السلام کی تھی بیچ ایک آواز سنی میں نے اور گوئندہ معلوم نہ ہوا شعر ایہا القاتلون
جہلاً حسیناً ۔ ابشروا بالعذاب والتنکیل ۔ قد لعنتم علی لسان داود ۔ وموسی وحامل الانجیل ۔
یعنی اے قتل کرنے والے حسین کے ازروی جہل اور نادانی کے مژدہ ہو جیو تمھارے تئیں ساتھ
عذاب و فضیحت کے بیچ تحقیق کہ لعنت کیے گئے تم اوپر زبان داؤد اور موسی اور حامل انجیل یا
یعنی عیسی کی حدیث خارج کیا ہے ابن عساکر نے محمد بن عمر بن حسن سے کہا حسن نے کہ
تھا میں ہمراہ امام حسین علیہ السلام کے اوپر نہر کربلا یعنی فرات کے پس نظر کیا حضرت
امام حسین علیہ السلام نے طرف شمر ذی الجوشن کے پس فرمایا سچ کہا اللہ اور اوسکے
رسول نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گویا کہ میں نظر کرتا ہوں طرف
کتے ابلق کے منہ ڈالتا ہے بیچ خون اہل بیت میرے کے اور تھا شمر ملعون مبروص
فی الواقع یہ ملعون زیادہ حریص تھا اور بدکردار و لئیم بیچ خون اہلبیت کے جیسا کہ مخبر صادق نے
خبر دی تھی حدیث خارج کیا ہے ابن السکن اور امام بغوی نے بیچ کتاب صحابہ کے
اور ابو نعیم نے طریق سحیم سے وانس بن الحارث سے کہا انس نے سنا میں نے رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرماتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ بیشک بیٹا

لیے حسین قتل کیا جاوینگا بیچ زمین کے کہ کہتے ہیں اوسکو کربلا پس جو شخص کہ حاضر ہو
تم سے اس واقعہ میں پس چاہیے کہ امداد کرے حسین کی پس نکلا انس بن الحارث
کہ راوی اس حدیث کے ہیں کربلا کی طرف اور شہید ہوئے ہمراہ حضرت امام حسین علیہ السلام
مخفی نرہے کہ یہ حدیث اور حدیثوں میں سے احاد ہے لیکن جس کسی نے کہ اس کلام معجز
نظام کو زبان الہام بیان مخبر صادق صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا امتثال
اس حدیث کا اوسکے ذمہ لازم ہوا اسیواسطے انس بن الحارث نے اوس خبر کو
کہ واحد الاعتقاد تھی عمل کیا اور شہید ہوئے حدیث خارج کیا بیہقی نے ابی سلمہ
بن عبدالرحمن سے کہ تحقیق داخل ہوئے پاس نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
حضرت امام حسین علیہ السلام اور حضرت کے پاس تھے حضرت جبرئیل علیہ السلام
اوپر بالاخانہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پس حضرت جبرئیل علیہ السلام نے
آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ قریب ہے کہ قتل کریں اسکے تئیں
یعنی حسین کو امت آپکی اور اگر آپکو منظور ہو تو خبر دوں میں آپکو اوس زمین سے
کہ قتل کیا جاویگا اوس میں حسین علیہ السلام اور اشارہ کیا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے
ہاتھ سے طرف طف کی کہ موضع ہے عراق میں پس لے آئی مٹی سرخ اوس جا کی
اور دکھلا دیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور خارج کیا بیہقی نے اس حدیث کو
طریق اور سے ام سلمہ سے اور انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے
موصولاً حدیث خارج کیا ہے حاکم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا ابن عباس نے
کہ نہیں تھے ہم شک کرتے تھے ہم اور اہل بیت اکثر ہیں کہ حضرت امام حسین علیہ السلام
قتل کیے جاوینگے بیچ طف یعنی کربلا میں حدیث خارج کیا ہے ابو نعیم نے بیچ

تحصرمی سے کہ اوسنے سفر کیا ہمراہ رکاب امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کے طرف
صفین کی اور وہ موضع مشہور ہے اوپر کنارہ فرات کے کہ اوس جا پر درمیان امیر المومنین
علی کرم اللہ وجہہ اور درمیان معاویہ بن ابی سفیان کے جنگ عظیم واقع ہوئی
جبکہ نینوا کے مقام میں پہونچے حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے زبان الہام بیان سے
فرمایا صبر کر اے ابو عبد اللہ یعنے حسین اوپر کنارے فرات کے راوی کہتا ہے
کہ میں نے عرض کی کیا فرمایا آپنے فرمایا امیر المومنین علیہ السلام نے کہ رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خبر دی مجھکو جبرئیل علیہ السلام نے کہ بہ تحقیق حسین قتل کیا جاویگا
کنارے فرات کے اور دکھلائی جبرئیل نے مجھکو ایک مٹی اوس جا کی اس روایت سے
ظاہر ہوتا ہے کہ امیر المومنین علی مرتضے کرم اللہ وجہہ کو علم شہادت حضرت امام الحسین
علیہ السلام کا فرمانے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حاصل تھا حدیث تخریج
کیا ہے ابو نعیم نے اصبغ بن نباتہ سے کہا اوسنے کہ آئے ہم ہمراہ رکاب حضرت امیر المومنین
علی کرم اللہ وجہہ کے اوپر جگہہ قبر حضرت امام حسین علیہ السلام کے پس فرمایا حضرت
امیر علیہ السلام نے یہ جگہہ بیٹھنے شتران اونکی ہی اور یہ جگہہ خیمہ گاہ اونکی ہے اور یہ جگہہ گرنے خون اونکی
کی ہی قتل کیے جاوینگے جوان نوجوانان اہل بیت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور روینگا اونپر آسمان
اور زمین حدیث تخریج کیا ہی حاکم نے اور صحیح کیا ہی اوسنے اس حدیث کو ابن عباس رضی اللہ
عنہ سے کہا ابن عباس نے وحی کیا حقتعالے نے طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کہ بہ تحقیق قتل کیا میں نے
عوض یحیی بن زکریا کی ستر ہزار آدمی اور بہ تحقیق قتل کرونگا میں عوض بیٹے تیری بیٹی کے ستر ہزار اور ستر ہزار
فائدہ اس جا سے عظمت و وجاہت خاتم الانبیا مالک ہر دو سرا علیہ الصلوۃ والثنا کی
غور کیا چاہیے کہ عوض خون یحیی بن زکریا کے ستر ہزار آدمی اور عوض خون حضرت سید الشہدا

علیہ التحیۃ والثنا کی وجہ سے ایک لاکھ چالیس ہزار آدمی مقتول ہوئے اور مصداق اس کا
حضرت صادق کا واقعہ مختار میں اور اوائل دولت عباسیہ میں بیچ زمانہ علی سفاح کے
ظہور میں آیا حدیث خارج کیا ہے امام حنبل اور بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے
کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو
خواب میں دوپہر کو پریشان حال اور موئے مبارک غبار آلود اور ہات مبارک میں شیشہ بھرا
ہوا خون کا تھا عرض کیا میں نے یہ کیا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
یہ خون حسین اور اوس کے اصحاب کا ہے کہ لے لیا میں نے اوسکے تئیں تمام دن میں جمع کرتا رہا
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نگاہ رکھا میں نے اوس وقت کو پس
دریافت ہوا کہ تحقیق اوسی دن قتل کیے گئے تھے حضرت امام حسین علیہ السلام
حدیث خارج کیا ہے حاکم اور بیہقی نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا
حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو
خواب میں اور سر اطہر و لحیہ انور پر غبار تھا حضرت ام سلمہ رض فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا حال ہے آپ کا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گذرا ہوں میں ابھی مقتل حسین سے اور نظر
کرنیوالے اخبار محمدیہ اور آثار احمدیہ کے پوشیدہ نہیں ہے کہ جسکو آزار حضرت خاتم
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کہ دن جنگ بدر کے ہمراہ کفار مکہ کے قید
ہو کر آئے تھے گوش مبارک جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پہونچی
تمام شب اس رنج سے خواب نہ فرمایا خیال فرمانا رسول الثقلین امام الثقلین جد امجد حسین
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تئیں بسبب معرکہ کربلا کے قیاس کرنا ارباب عقل کو

بس بچھا ان

ہونا چاہیے کہ بسبب غلبہ تشنگی عترت طاہرہ سے اور قتل و...
گلشن رسالت و نوجوانان اہل بیت عفت و طہارت کے خصوصاً شہید ... کے پس ماندوں کی تعزیر
بلبل شاخسار امامت یعنی پیشواے کونین امام الخافقین حضرت ... ارہ مین قید کیا
رفیقان
کا اور جانا اہل بیت عفت و طہارت کا طرف کوفہ اور شام کے اوپر شتران بے کجاوہ
اور نازل ہونا مصائب لاتعد و لاتحصی کا اوپر عورتون اور یتیمان اہل بیت کے
روح انور شفیع روز محشر پر کیا کچھ رنج و ملال لاحق حال نہ ہوا ہوگا پس پریشانی موی مبارک
اور غبار آلودگی جسم مقدس اور لینا خون حضرت امام حسین علیہ السلام اور آپ کے
اصحاب کا شیشہ مین اور غبار آلود ہونا سر و ریش مبارک کا اور تشریف لیجانا مقتل
حضرت امام حسین علیہ السلام مین جیسا کہ روایت ہوا وہ حضرت عباس رض اور
حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا اسیر وارد ہے کچھ جاے تعجب نہین ہے بلکہ جسوقت کہ
آواز رونی امام حسین علیہ السلام کی ایام طفلی مین آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو
ایذا پہونچاتی تھی اور حضرت سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا علیہا السلام کو خصوص اس مقدمہ مین
کہا تھا اس بات کو کہ تو نہین جانتی کہ گریہ حسین کا مجکو ایذا پہونچاتا ہے آنحضرت صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم نے مخاطب کیا رنج و تعب آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا بسبب روح سانحہ
عظیمہ و وقوع واقعہ ہائلہ کربلا کے کیا لکھنا چاہیے کہ ابتداے خلقت آدم سے آج تک ایسا
حادثہ کسی جن و بشر پر نہین گذرا اور نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا
الحق کہ اگر قیام قیامت کا موقوف بوقت نہ ہوتا تو کچھ عجب نہ تھا کہ اس حادثہ ہائلہ سے
اوس روز جگر آسمان کا پارہ پارہ ہوتا اور مانند قطرات باران کے اوپر زمین کے ٹپکتا
اور دامن زمین کا مانند کتان کی عکس ماہ اس غم سے تار تار ہوتا تو دریا وہان سراپا غم

رسالہ ہدایۃ الکونین اسی باب شہادت حضرت امام کونین میں فرماتے ہیں حضرت امام حسین
علیہ التحیۃ والثنا کے ذکر کرتے ہیں کہ جبکہ بادشاہ ہوا یزید پلید بعد مرنے معاویہ کے
[illegible] کا رابطہ ہوا اور بیعت تمام مملکت پر اور وہ ماہ رجب کی مہینے میں ساٹھ سال
ظہور میں آیا دمشق میں بجائے پدر کے تخت سلطنت پر بیٹھا نامہ تمام اسی اقالیم اور
ممالک میں واسطے اخذ بیعت معاویہ کے طرف عمال اور حکام ہر مقام کے لکھا چنانچہ
نامہ اوس بیعت کا ولید بن عقبہ حاکم مدینہ منورہ کو اس مضمون کا بھیجا کہ معاویہ ایک بندہ تھا
بندہ ہائے خدا سے اوسنے انتقال کیا اور میں بجائے اوسکے تخت پر بیٹھا بیعت لینے کے
واسطے اسے جلد چاہتا ہوں میں چاہئے کہ حسین بن علی اور دوسرا اہل مدینہ سے بیعت
انقیاد کی واسطے میرے لے اور درنگ و تاخیر لیے بیعت میں نہ کرے ولید بن عقبہ نے بمجرد
ورود نامہ یزید پلید کے حضرت امام حسین علیہ السلام اور عبداللہ بن زبیر کو طلب کیا اور
اخبار و مخبران آثار روایت کرتے ہیں کہ جبکہ نامہ یزید پلید کا روکش ولید بن عقبہ کے پہنچا
ولید نے اس مقدمہ میں مروان حکم سے مشورہ لیا اور ابن خبیث نے کہا کہ حسین بن علی
و عبدالرحمن بن ابی بکر و عبداللہ بن عمر و عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم کو دار الامارہ میں
طلب کر اور ان چاروں سے درخواست بیعت یزید کی کر اگر یہ سب بیعت کریں فبہا و اگر نہ
ان چاروں کو قتل کر تا کہ اور لوگوں کو عبرت ہو اور قبول بیعت سے تخلف نہ کریں ولید
مشورہ مروان پر راضی نہ ہوا اور کہا میں پسر فاطمہ علیہا السلام اور پسر ابوبکر اور پسر عمر و
پسر زبیر رضی اللہ عنہم کو قتل نہیں کر سکتا المختصر کہتے ہیں کہ ولید نے امام کونین حضرت
امام حسین علیہ السلام کو طلب کیا جناب امامت مآب غلامان اور موالیان کو ہمراہ لیکر
دار الامارہ میں تشریف لے گئے اور دروازہ دار الامارہ پر غلاموں اور موالیوں کو چھوڑ کر تنہا

اس ولید کی تشریف لائے ولید بہ تعظیم تمام حضرت
آپ سے عرض کر کے درخواست بیعت کی کی حضرت امام زمان نے
فرمایا کہ مین بیعت یزید کی نہ کرونگا اسواسطے کہ وہ فاسق اور ظالم ہے ارادہ مین قید کیا
اخبار کہتے ہین کہ مروان خبیث اپنی شرارت سے باز نہ رہا اور ولید سے کہا اپ رفیقان
اونکو امام حسین علیہ السلام کو بے اخذ بیعت کی مت چھوڑ کہ پھر حسین پر تو قدرت نہ پاویگا
اوسکو تین قید کرنا چاہیے تاکہ یزید کی بیعت کرے اور اگر بیعت سے باز رہے واسطے قتل کے
حکم کر تو خلیفہ یعنے یزید پلید تجھسے راضی ہو ولید نے اوس خبیث سے کہا وکیا یا مروان
یہ خواری کا ہو چیز تجکو اے مروان کیا مجسے تکلیف واسطے قتل حسین کے کرتا ہے اگر
شرق اور غرب مجکو دین ہین ہرگز قصد قتل امام حسین علیہ السلام کا نہ کرونگا جبکہ
ولید نے اوس خبیث کو یہ جواب دیا وہ خبیث چپ ہوا اور جناب امام زمان علیہ السلام
دار الامارہ سے ہٹ کر دولت خانہ مین تشریف لائے اور قصد روانگی کا طرف
مکہ معظمہ کے کیا چنانچہ چوتھی تاریخ شعبان کی مدینہ منورہ سے طرف مکہ معظمہ کے
مع اہلبیت و ذریت عصمت و طہارت تشریف فرما ہوئے حدیث خارج کیا ہے
بیہقی نے شعبی سے کہا شعبی نے جبکہ عبد اللہ بن عمر مدینہ منورہ مین آئے اور خبر روانگی
جناب حضرت امام حسین علیہ السلام کی طرف عراق کے سنی بمجرد سننے اس
خبر کے لی تا بانہ دو روز مقام زبدہ مین کہ مدینہ طیبہ سے مسافت دو روز کی ہے حضرت
امام حسین علیہ السلام سے ملاقی ہوئے اور امام علیہ السلام کی خدمت مین عرض کیا
کہ آپ ہرگز کوفہ کی طرف تشریف نہ لے جائیے اسواسطے کہ تم جگر گوشہ رسول مقبول
کے ہو اور حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے باوجود متخیر ہونے دنیا اور آخرت پر

رسالہ مآب کو رویائے صادقہ میں شرف کو دولت حطام دنیوی سے آلودہ نہ کیا اور چونکہ
علیہ التحیۃ والثناکو
ہم اخروی عوض دنیا و دنیوی سے واسطے تمہارے
حسن علیہ السلام کا ولایت شہر کی کوئی اہل بیت نبوت تمتع دنیوی سے متمتع نہ ہوگا
طہور پس یہ مناسب ہے کہ آپ مدینہ منورہ کی طرف مراجعت کریں چونکہ امام کو یہی
منظور تھا اور یہ حضرت امام شہید بہ سہام تقدیر کے ہو چکے اور ماہ محرم آگیا
معلوم تھا کہ سائل اور قافلہ حضرت ایزدی بحر رضا تقدیر الٰہی سے چارہ نہیں ہے
عرصہ اس عمر کا آپکی حیات میں پیدا نہ ہوا اور سبب نہ قبول عبداللہ بن عمر کی
گفتگو قبول نہ کی اور ترجیح عزیمت کا اختیار نہ کیا عبداللہ بن عمر نے جبکہ آپکی جناب
مراجعت کی واسطے نہ پائی لاچار ہو کر امام کو رخصت کیا اور وقت رخصت کے
حضرت امام حسین علیہ السلام کو گود میں لیا اور کلمہ تاسف اور تلطف کا زبان پر لائے اور
کہا خدا کے سپرد کیا فائدہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ یہ نہ جانتے تھے کہ آنحضرت علیہ السلام
اسی سفر پر خطر میں شہید ہو گئے واگرنہ شرف رفاقت آپکی ہرگز نہ چھوڑتے اور سبب
شہادت کی سعادت ابدی حاصل کرتے اور یہی حال اور صحابہ کبار رضی اللہ عنہم کی طرف سے
مثل عبداللہ بن عباس و عبداللہ و عبداللہ بن جعفر و محمد بن حنفیہ اور جیسے کے یہی قول
کرنا چاہیے واگرنہ باوصف علم کے ابن عباس و اہل بیت رسالت کا ساتھ نہ رفاقت
کربلا سے ممکن نہ تھا لیکن مشیت میں دامن صحابہ کبار رضی اللہ عنہم کا ملہم محال نفسست
اکثر الحاصل جبکہ اہالی مکہ معظمہ آپکی روانگی سے آگاہ ہوئے سب کے سب بہت شاداں
و خوشحال ہوئے اور امام حسین علیہ السلام بعد طی مسافت و قطع مراحل کے مع اہل
بیت اہل بیت و رفقا موت قریب مکہ معظمہ کے پہنچے صغیر و کبیر وضیع و شریف اور ملحقہ

ما المدینۃ یکون منشاء و حرز الحسین

بھتی کیا بیس بھیجا اُن

۳۱

آپکی بھیا نی تعظیم تمام کرکے مرحبا بک یا ابن رسول اللہ کہتے ہوسکے پس لا محل وسکی تعین
اور وہان امام زمان نے چندی استقامت فرمائی معاملہ قضا و قدر دائرۃ مین قید کیا
تشریف فرما ہونیکی خبر کوفہ مین پہنچی اتفاق کرکے ایک جماعت کثیرہ سے رفیقان
شریفہ مین متواتر نامے لکھے مضمون طلب آنحضرت علیہ السلام سے اور خروج کرنے انکے
اور زوال سے آپکو اوپر آنحضرت علیہ السلام سے اور بیچ خدمتگزاری کرنے آنحضرت علیہ السلام کے
حد سے زیادہ مبالغہ کیا اور اس مقدمہ مین یعنی طلب مین پے در پے نامے اہل کوفہ کے
آنحضرت علیہ السلام کے پاس قریب تین سے کے پہنچے ہر گروہ اور جماعت سے ایس جب
کوفیونکی لکھنے اور زیادہ اصرار سے کے امام کونین حضرت امام حسین علیہ السلام نے پسر عم اپنے
یعنی مسلم بن عقیل کو طرف کوفہ کے روانہ فرمایا اور اہالی کوفہ کو واسطے نصرت اور حمایت
حضرت مسلم علیہ السلام کے تاکید تمام ارقام فرمائی اُنکا حال اہالی کوفہ نے واسطے طلب
امام زمان علیہ السلام کے نامہ اور قاصد پے در پے بھیجے اور اس مقدمہ مین
اصرار حد سے زیادہ کیا راویان اخبار و حاملان آثار لکھتے ہین کہ نامہ اخیر کہ بیچ بابت
ایک مقدمہ کے حضرت امام حسین علیہ السلام کی خدمت شریف مین بھیجا تھا عبارت
اوسکی یہ تھی للحسین بن علی من شیعتہ و شیعۃ ابیہ علی امیر المومنین سلام علیک اما بعد
فان الناس ینتظرونک لا رای لہم غیرک فالعجل العجل یا ابن رسول اللہ السلام علیک
ورحمۃ اللہ و برکاتہ یعنی یہ نامہ ہے واسطے حسین بن علی کے طرف شیعہ اوسکے سے
اور شیعہ باپ اوسکے یعنی علی امیر المومنین علیہ السلام سلام اوپر تیرے ہو لیکن بعد
اسکے پس بتحقیق تمام آدمی منتظر مقدم شریف آپکے ہین اور اطاعت و فرمان برداری
دوسرے کی سوا آپکے منظور نہین رکھتے ہین اے پسر رسول خدا اپنے تئین جلد

رسالہ ماتم اکبری میں لکھا ہے کہ امام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے ہی حصے میں رحمت خدا کی دیکھ کر لوگوں کو چھوڑا اے سلام اور یہ تیرے
علیہ التحیۃ والثناء کو دو
حضرت صادق کا دیدار کی بات ملت آنحضرت علیہ السلام میں زیادہ حد سے گذر گیا
طہور میں آیا تب اور اس میں حضرت امام حسن علیہ السلام سے جا کر بدایت تشریف لائے
اور طرف کوچ اور کئی اسباب کے تشریف فرما ہوں حمد اللہ میں وہاں اور
سب اصحاب رضی اللہ عنہم کہ مکہ معظمہ میں موجود تھے حضرت امام علیہ السلام کے ارادہ
واقف ہو کر یہ آپکو اس طرف کے تشریف فرما ہونے سے منع کیا اور عرض کیا
کہ بیوفائی اہل کوفہ کی عالم میں ضرب المثل ہے قول فعل
کر لیجئے انکو ہی لا یوفی بوفائی اہل کوفہ کی عالم میں ضرب المثل ہے
سکتا اور جگہ کا ہرگز قابل اعتماد کے نہیں ہے آخر الامر بعد قیل و قال بسیار کے یہ قرار
پایا کہ آنحضرت علیہ السلام عازم کوفہ کے ہوں اور کسی شخص کو اپنے متوسلوں میں سے
اس طرف روانہ فرماویں چنانچہ جناب امامت مآب امام کونین پیشوائے دارین
حضرت امام حسین علیہ السلام نے بموجب مشورہ صحابہ کبار رضوان اللہ علیہم برادر عم زاد
اپنے مسلم بن عقیل کو طرف کوفہ کے بہ نیابت خود روانہ فرمایا اور اہالی کوفہ کو واسطے
اطاعت اور متابعت حضرت مسلم کے تاکید تمام اور ترغیب اور تحریص واسطے حضرت
مسلم کی تابعداری کی آنحضرت علیہ السلام نے لکھا اب ہمارے کیسے پہنچے حضرت
مسلم کی کوفہ میں گوش ہوش تامل سے کرتے ہے اور بد عہدی اور فریب کوفیوں کا
بچشم انصاف تماشا کرنی ہے پس جبکہ حضرت مسلم مع دو صاحبزادہ محمد و ابراہیم بعد
قطع منازل کی کوفہ میں تشریف فرما ہوئے اور مختار بن عبید ثقفی کے گھر میں
اقامت فرمائی مردمان کوفہ جوق جوق آکر حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کے ہات پر
بیعت کرنے لگے راویان اخبار و ناقلان آثار روایت کرتے ہیں کہ بارہ ہزار آدمیوں نے

حضرت مسلم کی ہات پر بیعت کی اور بعض اخبار میں اٹھارہ ہزار اونکے پس لا محالہ اسکی تعین
اور بعض روایت میں چالیس ہزار بھی آیا ہے اور ان ہم و زدو مختین نعمان ارتہ میں قید کیا
بشیر حاکم کوفہ کی تھے اور وہ صحابی تھے یہ خبر پہنچے بیعت حضرت رفیقان
بنا بر کار بنا شہادت کی ہرکر لوگوں کو بیعت حضرت مسلم سے منع کیا اور باطن میں معاودت کو
بدکار نکو کی ... اور ترغیب ہر بان کوفہ کو واسطے بیعت حضرت مسلم کے وہی بہ سبب حسین
غفلت نعمان بن بشیر سے اہالی کوفہ کو معلوم ہوئی ان بدبختوں نے یزید پلید کو اس حال سے
آگاہ کیا پس لکھا مسلم بن سعید حضرمی و عمارہ بن ولید بن عقبہ نے یزید پلید کو معاملہ
حضرت مسلم اور میلان کرنا اہالی کوفہ کا طرف حضرت مسلم کے اور تغافل کرنا نعمان بن بشیر کا
اس امر سے راویان اخبار روایت کرتے ہیں کہ جبکہ یہ خبر یزید پلید کو پہونچی بمجرد دریافت
اس سانحہ کے بکار خود حیران ہوا اور اپنے ندیموں بدنہاد سے اس امر میں مشورہ کیا مشاورین
بدمآل نے اندیشہ کیا کہ اگر حضرت امام حسین علیہ السلام کوفہ میں پہونچے تو عراق ہاتھ سے
جاتا رہیگا بلکہ ہمارے سلطنت اور حکومت کی شکست ہوجائیگی پس صلاح یہ ہے کہ نعمان
بن بشیر حکومت کوفہ سے معزول کیے جائیں اور دوسرا شخص بجاے اونکے اوس جا پر
منصوب ہو کہ مسلم بن عقیل کو مع اعوان و انصار کے قتل کرے اور بیخ فتنہ و فساد کی
بالکلیہ جڑ سے کھود ڈالے آخر الامر بعد رد و قدح بسیار کے یہ امر قرار پایا کہ یہ کار عظیم سواے عبید اللہ
بن زیاد بدنہاد کے سرانجام نہ ہو سکیگا یزید پلید نے بموجب اس مشورہ ناپاک کے
ابن زیاد بدنہاد کو کہ سابق میں وہ بدنہاد یزید پلید کی طرف سے حاکم بصرہ کا تھا امارت
کوفہ و عراق کے مقرر کیا اور اوس پلید نے اوس بدنہاد کو لکھا کہ جلد اپنے تئین
کوفہ میں پہونچا کر مسلم بن عقیل کو مع تابعان و مبائعان کے قتل کر اور حضرت امام حسین

علیہ التحیۃ والثنا کو وہ سبب تھا کہ اگر وہ سبب کو قبول کریں مبادا اولاد کو بھی قتل کریں
حضرت عباس کا ولد یزید پلید کا ابن زیاد بانی فساد کو عبید کا بیٹا بھائی کو بصرہ میں آئے
جلوس میں آیا تب بے الی العوریح بوج عازم کوفے کا ہوا چنانچہ مقام قادسیہ میں بھیجا
ہم مدینہ اور جائے چھوڑ کر راہ بدلی اور قریب کے لباس تجار میں آراستہ ہو کر عمامہ سر پر باندھ
باندھ کر اونٹ پر سوار ہو کر ہمراہ چند آدمیوں کے کہ بظاہر قافلہ تجار کا آتا ہے شب تاریک میں
نا میں بارہ ساعات کے داخل کوفے کا ہوا اور حسب اتفاق اس زمانے میں اہالی
کوفہ بعد اختیار بیعت اور انقیاد و اطاعت مسلم بن عقیل کے مستدعی تشریف آوری
حضرت امام کو میں پیشوائی واسطے امام حسین علیہ السلام کی ہو اور ہمہ تن چشم براہ
منتظر حضرت امام علیہ السلام کے تھے اور آمد آمد حضرت کی بھی اطراف و جوانب
مشہور ہو رہی تھی اہالی کوفہ اور راہ علانیہ اس زیاد بانی فساد کو حضرت
امام حسین علیہ السلام سمجھ کر سب نے اس ملعون کی پیشوائی کی اور السلام علیک یا ابن رسول اللہ
مرحبا کہتا یا ابن رسول اللہ کہتے ہو دوڑ پیش جاتے تھے اور کوئی شخص رکاب اور کوئی
شخص پیر کو بوسہ دیتا تھا اور وہ بد نہاد ساکت و صامت اونٹ پر بیٹھا تھا یہاں تک کہ
دارالامارہ میں داخل ہوا یہ سب مکر و فریب اس لیے تھا کہ تا کہ اہالی کوفہ دفعۃً
ہوا کر کے آمادہ فتنہ و فساد ہوں پس جبکہ صبح ہوئی جمع کیا ابن زیاد بانی فساد نے
اہالی کوفہ کو اور پڑھی ایک سند ایک حکومت کی کوفہ پر اور تحذیر و تہدید کیا اہل کوفہ کو
مخالفت یزید پلید سے اور متفرق کیا جماعت حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کو قوت
تدبیر سے پس پوشیدہ ہوئے حضرت مسلم گھر ہانی بن عروہ میں تفصیل اس اجمال کی
یہ ہے کہ محمد و خدا لسانی و تخویف زبانی ابن زیاد بدنہاد کے ساتھ ابن ساہا

حضرت مسلم متفرق ہو گئے حضرت مسلم نے لاچار ہو کر اپنے تئین مختفی کیا پس بھیجا ابن
زیاد نابہنجار نے محمد بن اشعث کو مع فوج طرف گھر ہانی بن عروہ کے پس لائی وسکو نزدیک
نزدیک ابن زیاد کے پس اوس ملعون نے اوسکو تئین اور جماعہ روسائے کوفہ کو دارالامارۃ مین قید کیا
پس جبکہ یہ خبر حضرت مسلم کو پہونچی آواز دی حضرت مسلم نے خاصان اور رفیقان
اپنے کو پس جمع ہوئے مجرد آواز کے ہمراہ آپکے چالیس ہزار آدمی اور احاطہ کر لیا دارالامارۃ کو
پس حکم کیا ابن زیاد بد نہاد نے اسیرونکو کہ رئیس کوفہ کے تھے کہ سمجھا وین عزیزان اور
قریبان اپنے کو کہ ترک رفاقت مسلم کی کرین پس سب سیرون نے بموجب حکم اوس ملعون کے
اپنے اپنے عزیزون اور قریبونکو واسطے ترک رفاقت حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کے سمجھایا
پس متفرق ہو گئی وہ جماعت متابعین کی ہمراہ حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کے اور شام تک
ہمراہ حضرت مسلم کے پانسے آدمی فقط باقی رہے اور جبکہ شب تاریک ہوئی وہ بھی فرار کر گئے
فقط تن تنہا حضرت مسلم رضی اللہ عنہ باقی رہ گئے راویان اخبار روایت کرتے ہین
کہ جبکہ حضرت مسلم نے مسجد کوفہ مین ہئیت نماز شام کی باندہی پانچ سے آدمیون نے
حضرت مسلم کی اقتدا کی اور جسوقت کہ سلام پھیرا ایک آدمی بھی باقی نرہا اور دوسری
روایت مین آیا ہے کہ جبکہ حضرت مسلم رضی اللہ عنہ نزدیک قصر ابن زیاد بد نہاد کے
پہونچے دیکھا کہ تمام ہمراہی فرار کرتے ہین یہان تک کہ تین سے آدمی رہگئے حضرت
مسلم رضی اللہ عنہ نے حیران ہو کر چپ و راست نگاہ کر کے کہا کہ اے شیعان ہمارے
کہان جاتے ہو اور جبکہ فقط بارہ آدمی رہ گئے فرمایا کہ اے اہل کوفہ خطوط متواتر
لکھکر ہمارے تئین طلب کیا اب میرے تئین ہاتھ دشمن مین چھوڑتے ہو پس جبکہ
دو ایک قدم چلے تن تنہا رہگئے پس جسوقت کہ سب ہمراہیان حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کو

تنہا چھوڑ کر فرار کر گئے حضرت مسلم حیران پریشان کوچہ بازار کوفہ میں پھرنے لگے
اور تشنگی حضرت پر غالب ہوئی ایک عورت کے دروازے پر کہ نام اوسکا طوعہ تھا آئی کر
پانی طلب کیا اوس عورت نے آپ کو پانی پلایا اور اپنے گھر میں آنکے لے گئی اتفاقات
قضا و قدر سے بیٹا طوعہ کا چیلہ محمد بن اشعث کا تھا اوس بدبخت نے حال حضرت
مسلم کا محمد بن اشعث سے کہا اوس لعین نے خبردار آگاہی سے ابن زیاد بد نہاد کو خبر دی
اوس ملعون نے خبردار کرکے ابن جلال کے کوتوال شہر یعنی عمرو بن حریث کو مع محمد ابن
واسطے گرفتاری حضرت مسلم کے روانہ کیا ان دو بدبختوں نے جماعت کثیرہ ہمراہ لیکر گھر
طوعہ کا کہ جس میں حضرت مسلم تھے آ گھیر لیا کہتے ہیں کہ جس وقت کہ عمرو بن حریث کوتوال اور
محمد بن اشعث نے ہمراہ جماعۃ ساٹھ آدمیوں کی گھر طوعہ کو محاصرہ کیا حضرت مسلم رضی اللہ عنہ
کہ حمیت ہاشمی آپکی جوش میں آئی تن تنہا تلوار ہات میں لیکر گھر سے باہر نکل آئے
اور ہنگامہ محاربہ کا اعدا سے گرم کیا بعضے ان لعینوں کو زخمی اور بعضوں کو جہنم واصل کیا
ابن اشعث مردود نے جبکہ معلوم کیا کہ کل قبیلہ بنی ہاشم کا اس جماعت سے نہ ہو سکیگا ارادہ مکر و فریب کا اس
طلب کر کے حضرت مسلم کو مقاتلہ سے باز رکھا اور بحیلہ حضرت مسلم و محمد و ابراہیم دو صاحبزادوں کو
ہمراہ لیکر ابن زیاد بد نہاد کے پاس آیا اور ابن زیاد بد نہاد نے قبل آنے حضرت
مسلم کے دربانوں کو حکم دیا تھا کہ جس وقت کہ مسلم دروازے سے داخل ہوں اوسی وقت سر
اونکا بدن سے جدا کیا جاوے چنانچہ دربانوں نے بموجب حکم اوس شقی کے چپ راست سے تلوار
برہنہ کرکے منتظر آنے حضرت مسلم کے ہوئے پس جس وقت کہ حضرت مسلم دروازے سے داخل ہوئے
ان اشقیاوں نے سر مبارک حضرت مسلم کو بدن اطہر سے جدا کیا راویان اخبار لکھتے ہیں کہ جس وقت کہ
حضرت مسلم داخل قصر ابن زیاد بد نہاد کے ہوئے آپ مشغول بہ تہلیل و تسبیح تھے اور

آیہ کریمہ ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین تلاوت فرماتے تھے کہ دفعۃً حضرت شہادت کا
چکھا اور روح پرفتوح آپکی متوجہ طرف ملاء اعلیٰ کے ہوئی بعد اوسکے محمد و ابراہیم دونوں صاحبزادونکو
اوس ملعون نے شہید کیا انا للہ وانا الیہ راجعون اور ہانی بن عروہ کو دار پر کھینچا اور سر ان
ان مقتولونکو نیزے پر رکھکر تمام کوچہ کوفہ میں پھرایا اور سر مبارک حضرت مسلمؑ کو دروازہ
کوفہ میں معلق کر دیا یہ سانحہ سخت یعنے شہادت حضرت مسلمؑ کی تیسری ذی الحجہ سن ساٹھ
ہجری میں واقع ہوا تمام ہوا قصہ حضرت مسلمؑ کا

اب بیان سے حال امام کونین پیشوای حرمین حضرت امام حسین علیہ السلام کا یعنے روانگی آنحضرت علیہ السلام کی مکہ معظمہ سے طرف کوفہ کے اور پہنچنا حضرت کا دشت کربلا میں اور بانواع کرب وبلا کے مبتلا ہونا بگوش عبرت و حزن کے سننا چاہیے اور معاملہ قضا وقدر کا معاینہ کرنا چاہیے

حسب اتفاق جس دن کہ حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کوفہ میں شہید ہوے اوسیدن جناب
امامت مآب حضرت امام حسین علیہ السلام مکہ معظمہ سے طرف کوفہ کے روانہ ہوے اور
بعض روایت میں آیا ہے کہ دن ترویہ یعنے آٹھوین ذی الحجہ کے آنحضرت علیہ السلام روانہ ہوے
اور سبب خروج آپکا یہ ہوا کہ جبکہ حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کوفہ میں پہونچے اور اہالی اوسجا نے
غاشیہ طاعت کو دوش فرمانبرداری پر کھینچا یہانتک کہ چالیس ہزار آدمی بیعت ارادت میں
داخل ہوکر مستدعی تشریف آوری حضرت امام کی ہوئے حضرت مسلم رضی اللہ عنہ نے نظر اوس
حال تابعداری ان بدعہدونکا معاینہ کرکے حضرت امام علیہ السلام کو نامہ اس مضمون کا
لکھا کہ اہل کوفہ نے بیعت قبول کی اور ہمہ تن مصروف اطاعت اور فرمانبرداری اور
چشم براہ قدوم میمنت لزوم آپکے ہیں جبکہ حضرت امام علیہ السلام نے نامہ

چاہا کہ کوفہ میں آپ اکو دیکھیں

حضرت مسلمؑ کا معاینہ فرمایا عزم مصمم روانگی کوفہ کا مکہ معظمہ سے کیا اور سامان سفر کا
مہیا فرمایا جتنے اکابر رضی اللہ عنہم سے کہ مکہ معظمہ میں موجود تھے امام زماں علیہ السلام کو
سفر کوفہ سے منع کیا چنانچہ حضرت ابن عباسؓ نے آنحضرت علیہ السلام سے و اور
عرض کیا کہ اے حسینؑ حرم مکہ سے کہ خانہ خدا ہے اس سے باہر ہرگز تشریف نہ لے جائیے
اور قول کوفیوں کا اعتماد نہ کیجیے آپکو بالجزم معلوم ہے کہ ان کوفیوں نے آپکے پدر بزرگوار اور
بھائی کے ساتھ کیا معاملہ کیا اور اگر آپ اس عزم سے باز نہیں تو اہل و عیال کو ہرگز ہمراہ
نہ لے جائیے اسواسطے کہ میں ڈرتا ہوں کہ مبادا آپ قتل ہو جاویں اور عورتیں اور
لڑکے مقید ہو جائیں اور بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میں
گمان کرتا ہوں کہ آپ مانند عثمانؓ کے عورتوں اور لڑکوں میں شہید ہو جائیے گا الحاصل
عرض ابن عباسؓ کی آنحضرت علیہ السلام کے معرض قبول میں نہ آئی پس حضرت
ابن عباسؓ اندوہگیں ہوا اور ہائے ہائے کرکے روئے اور حضرت امام زماں علیہ السلام سے
رخصت کیا اور بھی حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے آنحضرت علیہ السلام کو عزیمت کوفہ سے
منع کیا اور کہا اے حسینؑ دیر قول اور فعل اہل کوفہ کے فریب کھائیے المختصر
حضرت جابر و ابوسعید خدری و ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہم اور صحابہ کرام نے کہ مکہ معظمہ میں
موجود تھے حضرت امام علیہ السلام کو بالحاح و زاری تمام عزیمت کوفہ سے منع کیا
آخرکار جبکہ منع و اصرار مانعین کا حد سے گذرا حضرت امام علیہ السلام نے لاچار ہو کر
کشف اسرار کا کرکے ارشاد کیا کہ میں نے اپنے پدر بزرگوار سے اور اجوں کو رسول خدا
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ ایک گوسپند مکے میں مارا جاویگا کہ بسبب اس کے
حرمت کعبہ معظمہ کی ہوگی پس میں دوست نہیں رکھتا کہ میں وہی گوسپند ہوں لیکن

کعبہ مین مارا جائیگا کہ خون اوسکا موجب بے حرمتی کعبہ کا ہوگا پس مین وہ شخص نہین ہونا چاہتا
کہ کعبے مین مارا جاؤن اور مصداق اس حدیث کا ہون پس مصداق اس حدیث کے حضرت
عبداللہ بن زبیر ہوے کہ انکو حجاج نے مکہ مین ناحق شہید کیا اور یہ خون ریزی باعث
استحلال خانہ کعبہ کی ہوئی ہر چند کہ یہ کشت خون بجبر و ظلم واقع ہوا مقتول کی طرف
کسی نہج کا قصور و گناہ عائد نہین ہوتا لیکن چونکہ یہ کشت خون موجب ہتک حرمت کعبہ کا تھا
حضرت امام کو نہین پیشوائے ادارین امام حسین علیہ السلام نے بسبب کمال احتیاط و فرط رعایت
ادب کعبہ کے گوارا نہ رکھا کہ قتل آپکا موجب استحلال کعبے کا ہو اس جا پر ایک اشکال ہے
ظاہر ہوا وہ یہ کہ باوجود واقف و آگاہ ہونے اکابر صحابہ مثل ابن عباس و ابن عمر و جابر و
و ابو سعید خدری و ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہم کے اوپر شہادت سید الشہدا علیہ التحیۃ و
والثنا کی کیون تقاعد سفر کربلا سے اختیار کیا اور ہمراہ رکاب حضرت امام حسین علیہ السلام کے
جاکر شریک شہادت نہ ہوے جواب اس اشکال کا مجملاً یہ ہے کہ صحابہ کبار رضی اللہ عنہم کو بالجزم
والیقین یہ معلوم نہ تھا کہ اس سفر مین یہ حادثہ عظیمہ بحکم قضا و قدر کے ہوگا ورنہ بالیقین
اجلہ صحابہ ہمراہ رکاب حضرت علیہ السلام کے ہو کر سعادت کونین حاصل کرتے القصہ حضرت
علیہ السلام نے مع دو چند اپنے اہل بیت اور یاران و غلامان لیکر مکہ معظمہ سے تیسری تاریخ
ذالحجہ کی بروایت صحیح طرف کوفہ کے خروج فرمایا اثنا راہ مین خبر شہادت حضرت مسلم بن عقیل
و بدعہدی کوفیوں کی اور متفرق ہونا جماعت کا آنحضرت علیہ السلام نے اسنا فی الفور
عزم مراجعت کا کیا کہ پسران عقیل نے قسم کھائی باتفاق کہا کہ ہم سعادت ہر گز نہ پھرینگے
تاوقتیکہ انتقام خون ناحق مسلم کا نہ لین گے پس یا ان بدعہدون سے انتقام خون ناحق کا
لین گے یا مارے جائینگے جناب حضرت سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا نے یہ گفتگو پسران

عقیل کی ملاحظہ کرکے فرمایا کہ لطف زندگی کا بعد اسکے نہیں ہے کہ تم سب کے سب
مارے جاؤ اور میں بھی تمہارے بعد باقی رہوں اور ان اخبار روایت کرتے ہیں کہ اثناء راہ میں
حضرت امام حسین علیہ السلام فرزدق شاعر سے ملاقی ہوئے اور احوال کوفے کا پوچھا
فرزدق کہتا ہے کہ میری ماں مریض تھی کہ میں بحکم یہ وارد نہ تھا سبب وہیں مرض کے
اثنائے راہ میں حضرت سے عرض کیا کہ کوفے کو تشریف نہ لے جائیے کہ معظمہ کی طرف
معاودت کیجیے اور ایک روایت میں یہ آیا ہے کہ جبکہ حضرت امام علیہ السلام نے
فرزدق شاعر سے ملاقات کی پوچھا کہ اے ابا فراس کہاں سے آتا ہے اوس نے
عرض کیا کہ کوفے سے حضرت نے فرمایا کیونکر چھوڑا تو نے کوفیوں کو عرض کیا اوس نے
کہ دل انکے تمہاری طرف ہیں اور تلواریں انکی بنی امیہ کی طرف فرزدق نے اس سے
کہا یہ کیا کہ وہ لوگ جو ان قتل آپکے ہیں اور کہا فرزدق سے کہ قضا و قدر آسمان سے نازل ہے
اللہ یفعل ما یشاء حضرت امام حرمین حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرزدق سے یہ سنکر
جواب میں فرمایا قضا و قدر کو کوئی روک نہیں سکتا اتنے میں بسبب سنگ راہ ہوئے
پسران حضرت عقیل کے حضرت امام علیہ السلام مراجعت مکہ معظمہ سے باز رہے اور طرف عراق کے
روانہ تشریف فرما ہوئے بعد طی مراحل و قطع منازل کے اوسجا پر پہنچے کہ وہاں سے کوفہ دو منزل تھا
پس وہیں حر سے ملاقی ہوئے امام ہمام علیہ السلام حر بن یزید ریاحی سے اور اوسکے ہمراہ ہزار سوار مع
ہمراہیان ابن زیاد علیہ ما علیہ تھے پس حر نے آنحضرت علیہ السلام سے عرض کیا کہ مجھے ابن زیاد نے
مع ہزار سوار مسلح واسطے آپکی گرفتاری کے بھیجا ہے لیکن دل میرا راضی نہیں ہے کہ آپکو گرفتار کرکے آگے
ابن زیاد کے لیجاؤں اور یہ بھی ممکن نہیں ہے کہ آپکو چھوڑ کر مراجعت کروں پس جبکہ حر بن یزید ریاحی
نے یہی آپکا عرض کیا جناب امامت مآب علیہ السلام نے حر کے جواب میں فرمایا

دمین آپ سے عازم کوفے کا نہین ہوا بلکہ کوفیون نے نامہ متواترا اور قاصد
پے درپے بھیجکر مجکو بلوایا اور اس باب مین مبالغہ بیعت ہو رہے تم لوگ بھی اہل کوفہ سے
ہو اگر اپنے عہد پر برقرار ہو تو مین عازم تمہارے شہر کا ہون ورنہ اپنے وطن کو
رجعت کرون حر نے اپنی بیخبری محض نامہ اور قاصد سے حضرت امام علیہ السلام کی
خدمت مین عرض کیا کہ اب بازگشت میری کوفے کیطرف بے آپکے لیے جانے نزدیک
ابن زیاد کے ممکن نہین ہے کاتبان اخبار لکھتے ہین کہ حر ریاحی نے آپکی واگذاشت پر
راضی ہوکر کہا کہ جناب کو اختیار ہے جس جانب چاہین روانہ ہوویں مین کوفی مین
جاکر ابن زیاد سے یہ عذر کرونگا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام سے راہ مین اتفاق ملاقات کا
ہوا معلوم نہین کس طرف روانہ ہو گئے اسی حال مین نامہ ابن زیاد کا حر کے نام پر
ناگہ ہونگا پہونچا کہ بیچ قید کرنے حسین کے قصور نہ کرنا ورنہ سزا مین مبتلا ہوگا کہ تحمل نہ ہوسکا
رسکے گا بعد آنے اس نامہ کے حر نے بحال خود ترسان ہوکر اپنے دل مین کہا
کہ سواران ابن زیاد کے کہ ہمراہ میرے ہین حقیقت حال کا ابن زیاد سے کہین گے
جانے کہ بات جو ابن زیاد سے میرے اوپر کیا ہو یہ سمجھ کر پھر مبالغہ بیچ لیجانے
حضرت امام حسین علیہ السلام کو نزدیک ابن زیاد بانیٔ فساد کے کیا یہانتک کہ
بسبب کلام طول اور سلسلہ سخن کا جانبین سے دراز ہوا قصہ کوتاہ جبکہ حضرت
امام علیہ السلام نے مرضی حر ریاحی کی معلوم کی فسخ عزم کوفے کا فرمایا سائق توفیق
قدر نے نشان کشان حضرت امام زمان علیہ السلام کو طرف کربلا کے لے گئے
الحادثہ عظیمہ واقعہ جلیلہ گوش عمر واندوہ سے قابل سننے کی اور کارگذار ہی دنیا کی
دیدکی ہے پس پھیرے حضرت امام کونین علیہ السلام راہ کوفہ سے اور متوجہ ہوے

طرف کربلا کی پس دوسری تاریخ محرم کی سن اکسٹھ ہجری میں کربلا میں تشریف فرما ہوئے
بعد نزول کے پوچھا کہ نام اس زمین کا کیا ہے عرض کیا لوگوں نے کہ نام اسکا کربلا ہے
پس حضرت نے فرمایا کہ یہ جگہ کرب اور بلا کی ہے پس آنحضرت علیہ السلام نے اور سپاہ
خیمہ گاہ کیا اور ہمراہیان آنحضرت کے بھی اوسی جا اوترے اور حر ریاحی مع لشکر کے مقابل
آنحضرت علیہ السلام کے نازل ہوا ترجمہ طبری وغیرہ میں لکھا ہے کہ جبکہ حضرت امام حسین علیہ السلام
زمین کربلا میں پہونچے حر ریاحی نے بطریق خیر خواہی کے آپکی خدمت میں عرض کیا
کہ اچھی اور سچ فرمایا واں یاد نہیں آئی آپکو میں مطلق العنان کرتا ہوں کہ جہاں آپ
آپکو جی کرے کسی جانب کو تشریف لیجائیے جناب امام سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کو خیال
خیر خواہی حر ریاحی کی پسند آئی بموجب صلاح اوس خیر خواہ کے اوسی سمت کو کوچ فرمایا اور
تمام سمت بسرعت تمام قطع مسافت کا کیا احوال قضا و قدر کا معاینہ کیا چاہیے کہ جبکہ پانچ
عنان موحضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے تئیں اوسی جا پر پایا کہ جس جا سے کوچ کیا
راویان سابق یہ روایت کرتے ہیں کہ یہی معاملہ سات ست اتفاق ہوا کہ ہر مرتبہ
آنحضرت علیہ السلام کوچ فرماتے تھے پھر صبح کو اوسی جا پر یعنی زمین کربلا میں آتے تھے یا
یہاں تک معاملہ پہونچا کہ اونٹوں کو تئیں ہر چند کہ مارتے تھے وہ اپنی جا سے حرکت کرتے
آخر الامر لاچار ہو کر بہ تقاضاے مشیت ایزدی کے اوسی جا پر طرح اقامت کی ڈالی
یعنی باعتبار قضا و قدر یہ معاملہ ہوا کہ جبکہ صبح زمین میں گڑ گئے تھے یا کوئی درخت سے
جوں زمین اور درخت نکلا جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا نے یہ حال
فرماکر کے بالہام ربانی سے فرمایا کہ جاے موعود و مقتل مشہد ہمارا یہی
اور ترجمہ طبری میں لکھا ہے کہ جبکہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے زمین کربلا

با قتضاء قضا و قدر کے نزول فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مع جماعہ ملائکہ کے تشریف لائے اور امام حسین علیہ السلام کو
گود میں لیا اور فرمایا کہ اے فرزند میرے میں جانتا ہوں کہ دشمنوں نے قصد تیرا
کیا ہے اور درپے تیرے قتل کے ہیں یہ سب میری شفاعت سے روز قیامت کو
محروم ہیں اور نزدیک ہے کہ حق تعالے تجھے مرتبہ شہادت کا دیگا اور بہشت تیرے واسطے
آراستہ ہے اور ماں و باپ تیرے منتظر ہیں پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
ہات مبارک اوپر سینہ پر سکینہ امام زمان علیہ السلام کے رکھا اور یہ دعا فرمایا
اللّٰہم اعط الحسین صبراً واجراً اے بار خدایا عنایت کر حسین کو صبر و اجر پس جبکہ
سید الشہدا خواب سے بیدار ہوئے یہ رویا صادقہ اہل بیت اطہار سے کہا وہ سب یہ خواب
سنکر گریاں ہوئے اور آیہ کریمہ انا للہ و انا الیہ راجعون پڑہا القصہ جبکہ خبر نزول
حضرت سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کی زمین کربلا میں ابن زیاد بانیٔ فساد نے
سنی اوس لعین نے نامہ حضرت امام زمان علیہ السلام کو واسطے بیعت یزید پلید کے
لکہا پس جبکہ ایلچی فرستادہ ابن زیاد بدنہاد کا نامہ لیکر امام زمان علیہ السلام کے
پاس آیا اور نامہ اوس لعین بدنہاد کا آپ کو دیا آپ نے نامہ پڑھکے ڈال دیا اور قاصد
سے فرمایا کہ اسکا جواب ہمارے پاس نہیں ہے پس ایلچی اوس لعین کا ناکام پہرکے
حقیقت حال اوس لعین بدنہاد سے کہا مجرد سننے اس حال کے نائرہ غضب ابن زیاد
بدنہاد کا مشتعل ہوا اور مانند رسن سوختہ کے اوپر اپنے پیچ کہا کر آمادہ قتل و محاربہ
امام زمان علیہ السلام سے ہوا اور درپے جمع کرنے لشکر اور سامان لشکر واسطے
جنگ حضرت امام زمان علیہ السلام کے ہوا ابن سعد کے تئیں کہ عامل رے

واطلاع اوسکے کا تقاضا طلب کیا تاکہ اوسکے پیش مقدمۃ الجیش لشکر کفار کا کرکے واسطے
جدال و قتال امام کونین کے طرف کربلا کے روانہ کرے ابن سعد نے اولا انکار
استعفا کر کے اپنے تئیں بچانا چاہا کہ واسطے مقاتلہ و محاربہ حضرت امام حسین
کے۔ جب ابن زیاد بانی فساد نے اوسکے تئیں لکھا کہ اے ابن سعد اگر حسین کے حرب کے
واسطے اور اوسکے محاربہ کے جاوے گا اور نہ حکومت رے سے دست بردار ہو اور سعد نے کہ
کر میں نے حکومت سے دستبردار کر اور جانا نہ چاہتیں ہیں پس ابن سعد دنیا کو دین پر اختیار کر کے
استرداد حکومت رے کی اور سر ولی گوارا نہ کیا حکم ابن زیاد بد نہاد کا قبول کر کے
مستعد مقاتلہ و محاربہ امام زمان کا ہوا اور ترک اصل اور حکم ہدی کو اپنے پیچھے
چھوڑ کیا پس مع لشکر اشقیا بہ اسعید طرف کربلا کے روانہ ہوا اور ابن زیاد خسران بنیاد
لوٹ لینے واسطے کمک ابن سعد کے بھیجتا تھا یہاں تک کہ ابن سعد شقی ساتھ
جمعیت بائیس ہزار سوار و پیادہ ساتویں محرم کو کربلا میں پہنچا اور درمیان لشکر امام حسین علیہ السلام
اور درمیان فرات کے حائل ہوا اور لشکر اشقیا کو کنارے فرات کے اوتارا اور لشکر امام زمان
علیہ السلام کو پانی فرات سے منع اور عرصہ اوپر جناب سید الشہدا اسے تنگ کیا یہاں تک
کہ مارا ان دونوں ابنا سعادت کا اہل بیت اطہر پانی کو ترستے رہے اور بچوں نے ایک قطرہ پانی کو
محتاج اور تشنگی سے بیتاب ہوے اور دل مصیبت زدوں کے کباب ہوا یہ حال معاینہ کر کے یزید ہمدانی
کہ لشکریان امام کونین علیہ السلام سے تھا امام مظلوم علیہ السلام سے عرض کیا کہ اگر حکم ہو
نزدیک ابن سعد کے جاکر اجازت پانی کی لوں آنحضرت علیہ السلام نے ارشاد کیا کہ اختیار ہے
یزید ہمدانی امام مظلوم علیہ السلام سے اجازت لیکر نزدیک ابن سعد کے آیا اور بغیر
سلام کہ شعار اہل اسلام کا ہے ابن سعد پر گیا ابن سعد نے یزید ہمدانی سے پوچھا کہ اے برادر

ہمدانی تو نے ترک اسلام کا کیون کیا آیا مین مسلمان نہین ہون اور آیا مین خدا اور رسول کو
نہین جانتا یزید ہمدانی نے کہا وہ اچھا اور یہ اسلام تیرا نہ کے کہ دعوی مسلمانی کا کرتا ہے اور خروج
ابن رسول اللہ اور اولاد بتول پر کیا ہے اور واسطے قتل انکے کمر باندہی ہے اور تشنہ خون انکا
ہو رہا ہے فرات وہ دریا ہے کہ سگ و خوک و طیور و بہائم اوس سے پانی پیتے ہین اور حسین بن علی علیہ السلام
و برادران و فرزندان اہل بیت عفت و طہارت کے تشنہ و جان بلب ہین اور تو پانی فرات سے
اونکو منع کرتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ مین مسلمان ہون اور دعوے اسلام کا کرتا ہے ابن سعد
شقی نے یہ سنکر کہا کہ اے یزید ہمدانی یہ سب تو سچ کہتا ہے لیکن کیا کرون کہ دل امیر [illegible]
کہ حکومت ری و اضلاع اوسکی کی چھوڑ دے پس یزید ہمدانی نے اس شقی بدبخت سے یہ جواب سنکر
حقیقت حال کا حضرت امام حسین علیہ السلام سے عرض کی اور ہم پہلو انکی ایک حکایت صحیح بخاری
اور ترمذی مین مروی ہے کہ خلاصہ اوسکا یہ ہے کہ ایک شخص نے اہل عراق سے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ
مسئلہ طہارت خون پشہ کا پوچھا حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے فرمایا سبحان اللہ اہل عراق طہارت
خون پشہ سے سوال کرتے ہین اور حال آنکہ فرزند رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل کیا
اور خون انکا حلال جانا اور مین نے اپنے کان سے سنا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فرماتے تھے وَہُمَا رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا یہ دونون یعنے حسنؑ و حسینؑ دو ریحان ہین دنیا سے
راویان اخبار صحیح روایت کرتے ہین کہ جبکہ لشکر اشقیا آمادہ جنگ و جدال امام مظلوم علیہ السلام
ہوا حضرت امام مظلوم علیہ السلام نے اپنے مقام سے باہر آکے روبرو ان اشقیا کے
کھڑے ہوکر بعد حمد و ثنا کے خطاب طرف لشکر اشقیا کے کرکے فرمایا کہ اے مردمان دیکھو
کہ مین کون ہون اور نسبت میری کیا ہے اور اپنے دلونمین تامل کرو اور انصاف کرکے کہو کہ
تمکو قتل و ہتک حرمتی میری درست ہے یا نہین اور آیا مین بیٹا بیٹی تمہارے نبی کا نہین ہون اور

فرزند دلبند عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نہیں ہوں آیا حضرت حمزہ سید الشہداء عم شریف
نہیں ہیں اور آیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے اور میرے بھائی کے حق میں سیدا
شباب اہل الجنۃ نہیں فرمایا اور اور وسائل و مناقب بھی آنحضرت علیہ السلام اسی زور زبان
اشقیا کے بیان فرمائے اور حجت ان پر تمام کی اور روایت صحیح میں وارد ہوا ہے کہ جبکہ لشکر یزید
ابن سعد نے پانی فرات کا آنحضرت علیہ السلام کے لشکریوں پر بند کیا اور
حال اہل بیت طہارت و مودت کا تنگ ہوا جناب امام مظلوماں علیہ السلام نے
ابن سعد شقی کو لکھا کہ اے ابن سعد تین باتوں میں ایک کو اختیار کر یا مجکو اجازت دے
کہ میں مکہ کو جاؤں یا مجکو مطلق العنان کر کہ میں کسی اور سرحد کی طرف روانہ ہوں
یا مجھے طرف یزید کی بھیج کہ میں اس سے گفتگو کروں ابن سعد شقی نے کہا کہ آپ تامل
فرمائیے میں ابن زیاد کو لکھتا ہوں جو وہاں سے جواب اسکا آویگا عمل کرونگا پس جبکہ ابن سعد
شقی نے ابن زیاد بد نہاد کو یہ مضمون لکھا اس نمک حرام بدبخت نے ابن سعد کو جواب لکھا کہ اگر
حسین بیعت یزید کی اختیار کرے تو بہتر ورنہ اسکو قتل کر اور میں نے تجکو جنگ کے واسطے
بھیجا ہے نہ صلح کے چاہیے کہ ہنگامہ قتال کا گرم کر ورنہ بجائے تیرے دوسرا بھیجا جاویگا
پس جبکہ یہ نامہ ابن زیاد بد نہاد کا ابن سعد شقی کے پاس آیا اوسی وقت اوس ملعون نے
لشکر اشقیا کو درست کر کے آمادہ قتال کا ہو کر کہا کہ اے حسین میں نے سمجھا ہے کہ آپ
بیعت یزید کی کیجیے اور میں آپ کی جو میں مبتلا ہوں لیکن یہ کام سرانجام ہوا اب
مستعد جنگ کو ہو جیسے روایت صحیح میں آیا ہے کہ جبکہ لشکر ابن سعد شقی نے پانی
فرات سے حضرت امام مظلوم کے لشکر کو منع کیا اور امام زماں علیہ السلام کا خیمہ گاہ تک
خاکوں میں اور چاہ کھودی سو ہاتھ تک سرچشمہ پانی کا نہ لگا اہل بیت نبوت اور یاران ا

ہو ہوا الیان دو آب تشنگی سے بیتاب ہوئی حتیٰ کہ کام سے کسیکو طاقت گفتار بھی نہ رہی
سب لوگ باشارہ بات کہتے تھے اور تیمم سے نماز ادا کرتے تھے پس جبکہ بے طاقتی عورتین
اور لڑکونکی حد سے تجاوز کر گئی جناب امام مظلومان علیہ السلام نے حضرت عباس بن
علی کو ہمراہ چند آدمیونکی واسطے لانے پانی کے طرف فرات کے روانہ کیا لشکر اشقیا
پانی نہ لینے سے مانع آئے حضرت عباس رض کو مجروح اور ہمراہیونکو قتل کیا حضرت عباس رض
زخم کاری کھا کے امام مظلوم علیہ السلام کی خدمت مین پہونچے اور زبان حال سے
کہتے تھے کہ بجز آب شمشیر کے پانی نصیب نہوگا اور بعضی روایت مین آیا ہے کہ خیمہ سید الشہدا
علیہ التحیۃ والثنا کا ریگستان مین استادہ تھا ایک شخص نے آپکی خدمت مین آکر دیکھا کہ امام
مظلوم علیہ السلام مشغول تلاوت قرآن ہین اور اشک چشم مبارک سے جاری ہین اوس شخص نے
حضرت علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیونکر آپ وارد اس جا کے ہوئے حضرت علیہ السلام نے
فرمایا کہ کوفیون نے نامے لکھکر اور قاصد بھیجکر ہمکو بلوایا اور اب تشنہ ہمارے خون کی ہوئی ہین
اور اکثر لشکر اشقیا مین وہ لوگ ہین کہ جنہون نے بیعت کی ہے ترجمہ صواعق محرقہ مین مذکور ہے
کہ جبکہ امام مظلوم علیہ السلام پر یہ سختی گذری نصیحت اپنے بھائی یعنے حضرت امام حسن علیہ السلام
کی یاد فرماکے زار زار گریہ کرتے تھے کہ حضرت امام حسن علیہ السلام نے وقت رحلت کے
یہ فرمایا تھا کہ اے حسین سفہاے کوفہ اور اعوان اونکی سے پرحذر رہنا اور اوپر قول اون لوگونکے
خروج نکرنا کہ باعث خفت اور پریشانی تیری کا ہوگا ترجمہ طبری مین مذکور ہے کہ حضرت
امام کونین ہتیار پہنکر اپنے خیمہ مین تشریف فرما ہوئے اور حرم محترم اور اہل بیت نبوت و
طہارت کو نصیحت فرمائی اور حکم صبر کا فرمایا عورتین گریہ کرنے لگین آنحضرت علیہ السلام نے
عورتونکو گریہ سے منع فرمایا اور نظر مبارک طرف آسمان کی کی اور فرمایا خدا وندا تو جانتا ہے

کہ ان کو گروں نے بیعت محسن کی اور عہد امان توڑا جدا ہوئے اور الصاف اس کا کہ بعد اُس کے فرمان
ہمراہی کو طلب کر کے سب کو جمع کیا اور فرمایا کہ جو حق کہ تیرہ عام سے ادا کیا اور شرط
خدمت کی بجا لائے تم لوگ تھوڑی ہوا اور عدالت میں دیکھو اپنی بیعت سے باہر کیا تم کو اختیار ہے
جس طرف چاہو جاؤ اور میں اپنی زندگی سے نا امید ہوا ہوں سب ہمراہیوں نے بالاتفاق
عرض کیا کہ یہ ہرگز نہ ہوگا کہ آپکو اس دشت سیاہ میں مابین اعدا میں چھوڑ کر جاویں اپنی
سلامتی کے واسطے میں فرزند امامت کو آپ کے آگے جدا کیا عذر کریں گے ہم سب لوگ اپنی جانیں
آگے آپکے فدا کرینگے شعر گر دست دہد ہزار جانم * در پائے مبارکت فشانم ذیں ہمراہیاں
امام مظلوم علیہ السلام کے کمر ہمت کی چست باندھی اور ہاتھ اپنی زندگی سے دہو کر منتظر
شہادت کے بیٹھے اور لشکر اشقیا مقابل میں آ کر مستعد کارزار کے ہوئے پس جبکہ امام
مظلوم علیہ التحیۃ والثنا نے یقین دریافت کیا کہ لشکریان ابن سعد شقی کے تعرض سے
باز نہ رہیں گے اور بے قتل مجھ کو چھوڑینگے اپنے یاران مردانہ کو حکم دیا کہ مستعد جنگ کے ہوں اور
داد شجاعت دیکر شہادت کا درجہ پائیں اور حکم فرمایا کہ گرداگرد خیمہ گاہ کے ایک خندق
کھودیں پس یاران نجابت علیہ السلام کی بموجب حکم شریف کے گرداگرد لشکر اسلام کے
شبیہ خندق کی کھودی اور ایک راہ اپنے جانے آنے کی واسطے رکھی پس جبکہ ہمراہیان
امام مظلوم علیہ السلام نے یہ سامان کیا سرداران ابن سعد شقی کے خیمہ گاہ حضرت امام مظلوم
علیہ السلام کا چار طرف سے گھیر کر آمادہ جنگ و جدال کے ہوئے سامعان حال امام مظلوم کے
سر گذشت یہ دریافت کریں کہ جبکہ دسویں تاریخ محرم الحرام کی پہنچی اور صبح عاشورا کی مشرق سعادت سے
نمایاں ہوئی ابن سعد شقی نے اپنے لشکر ضلال کو آراستہ کیا اور اشقیائے جور و جفا نے
میمنہ میسرہ مقابلہ لشکر اسلام کے باندہیں جناب امام مظلوم علیہ السلام نے بعد ادائے

نزدیک ہی کے آ اترے تھے واسطے قطع حجت کے رو برو اون لشکر کفار کے خطبہ بلیغ پڑہا بعد قرأت
حمد خدا و نعت مصطفے صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے خطاب طرف اعدا کے کرکے ارشاد کیا
کہ ای لوگو نہیں دیکھتے کہ ترسایان یعنے نصارا کسی نشان سم خر حضرت عیسی کا تعظیم کرتے ہین
اور جہودان یعنے یہود اگر کہین کوئی نشان حضرت موسیٰ کا پاتے ہین اوسکو عزیز رکھتے ہین
اور مین بیٹا بیٹی پیغمبر تمہارے کا ہون کہ میرے قتل پر تم لوگون نے ناحق باندہی ہے اور
تم لوگ کیا نہین جانتے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مجکو اپنا بیٹا کیا ہے
اور مجھے عزیز کیا ہے اور میری مدح اور ثنا بہت کی ہے آیا مین نے کسیکا خون کیا ہے
کہ درپے قصاص کے ہو یا کسیکا مال لیا ہے کہ طلب اوسکا کرتے ہو یا کوئی مطالبہ
میرے اوپر ہے کہ اوسکے واسطے عرصہ میرے اوپر تنگ کیا ہے مین مدینہ منورہ مین
اپنے نانا کی قبر پر بیٹھا تھا مجکو تم لوگون نے وہان رہنے نہ دیا وہان سے مین
مکہ معظمہ مین آیا تم سبہون نے نامہ پے درپے واسطے میری طلب کے بھیجے اور قاصد
بھیجکر مجکو یہان طلب کیا موجب تمہاری طلب کی مین تم تک پہونچا بعد اسکے
تم لوگون نے غدر اور فریب کیا اور نقض عہد میرے ساتھ کیا پس جبکہ امام مظلوم علیہ السلام نے
یہ خطبہ فصیح بلیغ اون کافرون کے مقابلہ پر پڑہا اون کافرون سے کسی نے جواب نہ دیا پس
حضرت امام مظلومان علیہ السلام نے فرمایا کہ حجت خدا کی اوپر تمہارے ہے اور تمہاری
حجت کوئی میرے اوپر نہین ہے پس امام زمان علیہ السلام ناقہ کو بیٹھا کے گھوڑے پر سوار
ہوے اور صف لشکر اسلام کو آراستہ کرکے منتظر ہوے کہ کوئی اونمین سے ابتدا جنگ کی کرے
روایت ہے کہ ایک مرد لشکریان ابن سعد ملعون سے عبد اللہ نامی کہ فی الحقیقت وہ
عبد الشیطان تھا اپنے گھوڑے کو جولان دیکے سامنے اون دونا مین آیا اور کہا کہ کرا کر و حسین دوزخ میں

اگ دو شخص ہے تاکہ کوئی اصحابی امام خیمہ شریف سے آ نہ سکے اور اس ملعون نے کہا کہ اے
حسین بشارت ہو تجھے تیرے قتل ساتھ آگ دنیا کے قبل آتش آخرت کے جناب سید الشہدا
علیہ التحیۃ والثناء نے اوس ملعون کے حق میں دعا بد کی الہی اوس ملعون کے گھوڑے کا
پاؤں گڑھے میں پڑا اور اس گھوڑے نے اوسکو خندق میں ڈال دیا آخر کو وہ ناری اسی
آتش میں جل گیا بعد اوسکے دو شخص اور لشکر کفار سے آکر مبارز طلب کیا لشکر شاہ شہیداں سے
دو شخص مقابل ہو کر اون دو ناریوں کو جہنم واصل کیا راویان جگر سوز و مخبران غم اندوز یوں
روایت کرتے ہیں کہ جسکو کوئی مرد لشکر کفار سے آن کر مبارز طلب کرتا امام مظلوم کے
خود بنفس نفیس قصد میدان جنگ کا کرتے تو موالیان اور ہمراہیان آپکو چھوڑتے کہ آپ لڑائی کے
لیے تشریف لے جائیں اور موالیوں اور ہمراہیوں نے امام زمان کی خدمت میں عرض کیا
کہ جب تک کہ ہم میں سے ایک شخص بھی باقی رہیگا آپکو ہم مقابل کفار کے واسطے لڑنے کے
نہ جانے دینگے آخر کل لشکریان ابن سعد ملعون کو بالجزم معلوم ہوا کہ ہمراہیان امام حسین علیہ السلام
مستعد اور آمادہ شہادت کے ہیں مقابلہ فرادی فرادی کی عہدہ برآئی مشکل ہے لہذا تمام
ایک مبارز لشکر امام علیہ السلام کے ہجوم کرکے چند ہا تیر باران کرتے تھے کہ وہ مبارز زندہ پھیر کے
نہ آتا تھا بلکہ اسی بار شہید ہوتا تھا اسی طرح پر شہید ہوئے لشکریان امام مظلوم سے
پچاس سے زیادہ مبارز ایک دم مضطر میں فریاد کیا امام مظلوم علیہ السلام نے آواز بلند کہ
آیا ہے کوئی فریاد رس کہ اس وقت مصیبت میں ہماری فریاد کو پہونچے واسطے خدا کے آیا ہے
کوئی دفع کرنے والا کہ دفع کرے ان لعینوں کو حرم محترم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
سامعان اخبار امام مظلوم پر پوشیدہ نہ رہے کہ یہ فریاد اور استغاثہ امام علیہ السلام کا فقط واسطے
اتمام حجت کے تھا تاکہ معلوم ہو کہ کسی نے مدعیان اسلام سے شریک مصیبت امام مظلوم کا

علیہ السلام کی ہوکر سعادت کونین حاصل نہ کی پس جبکہ امام مظلوم نے استغاثہ کیا اور داد از فریاد کی
امام مظلومان سی حالت اضطرار مین بلند ہوئی حر بن یزید ریاحی نے بیکسی جناب امام مظلوم
سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کی دیکھکر بسبب توفیق سعادت ابدیہ کے اطاعت ابن سعد لعین سے
کنارہ کش ہوکر اور بجہت سائق عنایت سرمدیہ کے رفاقت یزید پلید سے انحراف کرکے
بیچ خدمت امام ہمام قدوۂ انام علیہ السلام کی پہونچ کر پابوس آنحضرت سے بہرہ اندوز ہوکر عرض
کی کہ مین جیسا پہلی آیا تھا آپکی قتل کی واسطے اوسیطرح پر مین اب آیا ہون کہ سابقین ناصرین
آپکا ہون ارشاد ہو کہ جان اپنی آپکی ہواخواہی مین نثار کرون اور فردا سے قیامت کو نقد
شفاعت آپکی جد امجد کی ہات ایمان مین لاؤن یہ عرض کی اور ہمراہ بھائی اور بیٹا اور غلام کے
لشکر کفار پر عرصہ کارزار کا گرم کیا اور اس قدر مقاتلہ و محاربہ اون اشقیا سے کیا کہ بہت سے
اشقیا کو جہنم واصل کیا آخر کار شادان و فرحان منزل فردوس مین پہونچا مجملاً جبکہ یاران موالیان
لشکر امام مظلومان علیہ السلام کی ایک ایک داد شجاعت کی میدان جنگ مین دیکر جان عزیز اپنی کو
فدای تولا و فرزند رسول خدا و اہل بیت مصطفےٰ کی کیا اور سوا ے تنے چند عزیزان و قریبان کے
کوئی لشکر امام مظلوم علیہ السلام مین باقی نرہا جناب امامت مآب حضرت شاہ شہیدان نے
فرمایا کہ اب نوبت میری ہے اور قصد کیا کہ خیمہ شریف سے باہر نکلکر متوجہ لشکر کفار کی واسطے
کارزار کی ہون یہ حال معاینہ کرکے برادران و برادر زادگان و سائر عزیزان نے فریاد کی کہ جب تک
ہم مین سے ایک شخص بھی باقی رہیگا آپکو واسطے کارزار کفار کے جانے نہ دینگے پس جبکہ نحت ہوا
قتال و نائرہ جدال کا فلک پر پہونچا شہید ہوگئے سب یاران اور فرزندان و برادران و عمزادگان
امام مظلوم علیہ السلام کی اور باقی رہگئے حضرت امام مظلومان تن تنہا پس آنجناب علیہ السلام
سیف مسلول ہات مبارک مین لیکر ذوالجناح پر سوار ہوکر متوجہ لشکر اشقیا کے ہوے

اور زبان بلاغت ترجمان سے یہ اشعار آبدار فرمایا نظم انا ابن علی الخیر من آل ہاشم ۔ کفانی بہذا
مفخر حین افخر ۔ وجدی رسول اللہ اکرم من مشی ۔ ونحن سراج اللہ فی الارض یزہر ۔ وفاطمۃ
امی سلالۃ احمد ۔ وعمی یدعی ذو الجناحین جعفر ۔ وفینا کتاب اللہ انزل صادقا ۔ وفینا الہدی
والوحی والخیر یذکر ۔ ترجمہ بودہ ام ابن علی از آل ہاشم بافخار ۔ اینقدر کافیست مارا افتخار
وافتخار ۔ جد من باشد رسول اللہ بہتر زاں کسے ۔ ہست ما بر زمیں ہستیم چراغ کردگار
مادرم زہراست بنت مصطفیٰ وعم من ۔ ذوالجناحین جعفر طیار مجد روزگار ۔ درمیان ما کتاب اللہ
نازل بودہ است ۔ ذکر حق وحی و ہدایت خیر جملہ یادگار ۔ پس جو شخص کہ لشکر اشقیا سے
مقابل ہوتا آنحضرت علیہ السلام اسکو جہنم واصل کرتے یہاں تک کہ تم عمیر جماعت کثیر
ضرب شمشیر سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا سے درک اسفل میں گئے تزلزل عجیب
ولرزہ عجیب فوج اعدا میں ظاہر ہوئی اور ہر جنبہ کا سردار کا اعدا پر تنگ ہوا
آخرکار اون اشقیائے غدار نے گرد و پیش سے شاہ شہیداں پر تیر باراں کیا القصہ
حملہ لشکریان ابن سعد ملعون کے تاب مقاتلہ و محاربہ جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ
والثنا کی نہ لا سکے شمر بدبخت نے حیلہ و مکر کیا یعنی حائل ہوا وہ ملعون شقی بیچ
لشکر کے درمیان امام مظلوم علیہ السلام اور درمیان حرم محترم آپکی اور چاہا کہ اوس نے
ساتھ اہل بیت طہارت کے درازی کرنے کا قصد کیا یہ حال معاینہ فرما کے امام مظلوم سید الشہدا
علیہ التحیۃ والثنا نے طرف اون کفار کی نعرہ کیا کہ ویحکم یا شیعۃ الشیطان میں تم لوگوں کو
مقاتلہ کرتا ہوں یہ کیا نامردی ہے کہ تم عورتیں بیگناہ سے تعرض کرتے ہو یہ سنکر بس
اس نعرہ ہیبت ناک سے شمر بدبخت نے تعرض حریم سراپردہ عصمت و طہارت سے ہات کھینچا
اور مع اپنے شیاطین کے متوجہ طرف حضرت امام مظلوم علیہ السلام کے ہوا ہیں انکے طرف

ست ... صدمہ جگر کی اور دوسری ضرب تیغ اور اشقیائے امام مظلومان علیہ السلام کو
تیر خنجر اور برچھا اور ضربت اون اشقیاؤن بے حضرت امام مظلومان علیہ السلام پر تیر
نیزہ برسائے گئے اور اسقدر تیر و نیزہ لاتعد و لاتحصے اون جفاجوون نے جناب امامت مآب کو
ہزار مارے کہ بدن اطہر و جسد منور جناب امام مظلومان شاہ شہیدان کا زخمہائے
تیر و تبر و نیزہ و شمشیر سے مانند غربال کے مشبک ہو گیا کہ ناگاہ ایک تیر کسی شقی کا
اون اشقیائے زمین سے حلق مبارک مین لگا کہ اوس صدمہ عظیم سے وہ یکتائے میدان وغا کو
وہ شیر غراں بیشہ شجاعت بجام تسلیم و رضا کی ہاتھ شجاعت مین لیکر ذوالجناح کی پشت سے زمین شہادت پر
زر کر عنان شہسواری کی اس جہان بے ثبات سے کھینچی اور طائر روح پر فتوح نے عناصر جسد پاک سے
جانب فردوس برین کی پرواز کی روایت صحیح مین وارد ہوا ہے کہ یہ سانحہ ہائلہ اور یہ حادثہ
ہائلہ بعد زوال آفتاب نقطہ نصف النہار سے کہ اول جزو اجزاء نماز ظہر کا تھا روز جمعہ کو
واقع ہوا گویا کہ یہ ہیئت زوال ہے اسیر کہ جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا نے تکبیر افتتاح
کی اور پشت ذوالجناح سے باندھی اور رکوع بعد جدا ہونے اوسکے پشت سے اور سجدہ بعد
پہونچنے زمین شہادت کے ادا کیا اس ہیئت کذائی سے جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا نے
نماز ظہر کی دم ذبح مین نیچ درگاہ معبود حقیقی کی اس ناہنج پر ادا کی اور خنجر جفا کو سر مبارک کے
بدن اطہر سے اختلاف صحیح یہ ہے کہ جبکہ امام شہدا علیہ التحیۃ والثنا پشت ذوالجناح سے
بسبب زخمہای کاری کی شہید ہو کر زمین شہادت پر گرے قصد کیا نصر بن حرسہ لعین نے
کہ سر انور کو بدن اطہر سے جدا کرے پس اوس شقی نے قدرت نہ پائی اس شناعت کی
پس اوترا گھوڑے سے خولی بن یزید ملعون پس جدا کیا سر انور کو بدن اطہر سے اوس
ملعون شقی نے پس یہ شقاوت ازلی اور یہ شناعت سرمدی ازل مین ناصیہ خولی مین

لکھی تھی اگرچہ ابن سماعہ ملعون بصری جو سبھی شریک ہوا اور دوسری روایت میں آیا ہے
کہ جسم مبارک کربلا جراحات سہام و رماح سے آمد ہوا ایسا کہ شدت سے ہاتھ شمر ملعون کے
ہمراہیوں کو تحسین کیا کہ باوجود شدت بے مدد اس شخص کے رہا ہے تیر وغیرہ سے مجروح
حلقوم سے ہوکر ناگاہ ایک تیر کسی بدبخت شقی کا اور بدبختوں نے امام مظلوم علیہ السلام کے
کام مبارک میں لگا اور کم بخت کے مارے کام حضرت سید الشہدا کا تمام کیا حضرت
امام شہید علیہ السلام بت دوالجناح سے زمین شہادت پر گرے اور اسی حال میں
شمر بد شقی نے ایک شمشیر اور بریدہ اور سے حوالہ کی اور سنان بن انس نخعی ملعون نے
سمجھے اگر حضرت سید الشہدا علیہ السلام کو سر دست مجروح کیا خولی بن یزید لعین گھوڑے سے
اتر کر قصد کیا کہ سر اطہر کو جسم مبارک سے جدا کرے کہ بات اور شقی کالعین کانپ گیا
بن زیاد سگ رو اور شغال لگی گھوڑے اور ترے کے سر مبارک کو تن پاک سے جدا کرکے
حوالہ خولی کیا انا للہ وانا الیہ راجعون و سوت میں خامسہ آل عبا کا دماسی ہوا اور کمال بیچ مچ
بیچ وہی مقطع ہوا جو کچھ کہ ظالم مید و باب لشکر ان شمر بدبخت اور ابن سعد شقی سے اور بقیہ اہل عصمت
طہارت و آل طہٰ اور ان کے متوسلوں سے اور روئی کو ہے یعنی جسکہ سر مبارک حضرت امام
شہیداں علیہ السلام کا تن اطہر سے جدا کیا اور شجرۂ رسالت اور ذوجہ موت کو تیشۂ ظلم سے
کاٹ ڈالا ایک روایت میں آیا ہے کہ قیس بن اشعث لعین نے پیراہن تن سر سے کھینچا
اور حبیب بن بدیل شقی نے شمشیر آپکی لی اور شمر بد سگ نے مع ہمراہیوں کے قصد خیمہ اہل بیت
عصمت و طہارت کا کیا اور جو اسباب وہاں کہ خیمہ میں تھا تاراج کیا شقی بن الحسین نے
سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام کہ بستر بیماری پر پڑے تھے جسکے لطف
شمر شقی کی آپ پر پڑی اور بے علیٰ جایا کہ آپکو قتل کرے ایک شخص نے بات اور بعض کا

کیا اور کہا سنان ابن انس نے کفار کو بھی نہیں مارتے تو اس لڑکے مسلمان کو کیوں
مارتا ہے شمر شقی نے جواب دیا کہ امیر یعنی ابن زیاد بدنہاد نے کہا ہے کہ کوئی
نرینہ آل عبا سے باقی نہ رہے اوس شخص نے کہا کہ ان سبھون کو امیر کے پاس بھیجنا
چاہیے جو کچھ اوسکی مرضی ہوگی کریگا بعد اسکے ابن سعد علیہ اللعنۃ والعذاب نے حکم دیا
کہ گھوڑے اوپر جسد اطہر امام مظلوم علیہ السلام اور سائر شہدا کے دوڑائے جائیں
چنانچہ بموجب حکم اوس لعین کے بیس سوار دوڑے جسم شریف و عنصر لطیف کو پامال
گھوڑوں کا کیا یہاں تک کہ استخوان تن مبارک کی ریزہ ریزہ ہوگئے اور سر اطہر کو
اور سر تمام شہدا کی نیزہ پر چڑھالیا اور بارہ لڑکے بنی ہاشم کے اور سب عورتین اہلبیت
عفت و طہارت کے تئیں قید کرکے اونٹ بے پردہ پر سوار کرکے اور حضرت امام زین العابدین
علیہ السلام کہ بیمار تھے ایک اونٹ پر ڈال کر مع سر مبارک کے ہمراہ بشیر بن مالک و
خولی ابن یزید کے کوفے کو نزدیک ابن زیاد بدنہاد شقی کے روانہ کیا اور ابن سعد لعین نے
[illegible] وہاں مقام کرکے اپنے مقتولان جہنمیوں کو دفن کیا اور جسد اطہر امام
شہیدان اور سائر شہدا کا تین شبانہ روز میدان کربلا میں پڑا رہا اور کسی نے
دفن نہ کیا اور سباع نے بحکم کردگار عالم کے پاسبانی لاشوں کی بیس روز تک کی
کہ قریہ ہے کنارے فرات کی جمع ہوکر جسد مبارک سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کو
ایک قبر میں اور شہدا بنی ہاشم کو آپکے جنب میں اور باقی شہدا کو ایک جا دفن کیا
اسما شہدا کی کہ ہمراہ امام زمان علیہ السلام کے معرکہ کربلا میں شہید ہوئے
مجملاً بیان کیا جاتا ہے پنج تن برادران سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا عباس بن علی
و عثمان بن علی و محمد بن علی و عبداللہ بن علی و جعفر بن علی و سہ تن از فرزندان

امام حسن علیہ السلام قاسم بن حسن عبداللہ بن حسن عمر بن حسن اور بعض نے ابی
ابوبکر بن حسن دونوں فرزندان سید الشہداء علیہ السلام علی اکبر بہ سلامت یہ بزرگوار
معرکہ کارزار میں شہید ہوئے و عبداللہ کہ انگوٹھی انعام میں لکھے ہیں امام سجاد کے کنار
صدمہ تیر ایک شقی اشقیاء فوج کفار کا در حلق معصوم کے پیوستہ ہوا گود امام مظلوم ان
کو شہید ہوئے و محمد اور عون فرزندان عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب و عبداللہ
و عبدالرحمن جعفر پسران عقیل بن ابی طالب بس یہ سب مع امام مظلوم تا شہدا ار
علیہ السلام کے سولہ یا سترہ جوان اہل بیت عصمت و طہارت سے معرکہ کربلا کے ہمراہ
رکاب جناب سید الشہداء علیہ التحیۃ والثناء کے شہید ہوئے اور اولاد صحابہ مہاجرین
و انصار بھی کہ ہمراہ رکاب جناب سید الشہداء علیہ التحیۃ والثناء کے شہید ہوئی از
حضرت علی اوسط کہ لقب آپ کا امام زین العابدین تھا واقعہ ہائلہ کربلا میں بہت
بیمار تھے اور بعد ازاں شہادت علی اکبر کے خدمت امام آل عبا کے حاضر ہو کر
عرض کی کہ اگر اجازت ہو تو ان اشقیاء سے جنگ کر کے رتبہ و جناب ابدی کے
شرف شہادت سے مشرف ہوں امام مظلوم علیہ السلام نے فرمایا کہ اے فرزند تو یادگار
رسول خدا و بقیہ آل عبا کا ہے اگر کہیں تو شہید ہو جائیگا تو نسل رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی
دنیا سے بالکلیہ منقطع اور درخت رسالت بیخ و بن سے کندہ ہو جائیگا یہ کہہ کر ابھی بہت
جناب تجھے ابھی یہی لازم ہے کہ تجھے میرے دشمنوں سے محاربہ کرنا اور ہمیشہ صابر و شاکر رہنا
اولاد شریف حضرت سید الشہداء علیہ السلام میں اختلاف ہے عمدۃ الطالب ابن جوزی میں
مذکور ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے تین بیٹے تھے مسمی بعلی اکبر و علی اصغر و جعفر
اور دو بیٹیاں فاطمہ و سکینہ اور ابن الاخضر نے معالم العترت میں لکھا ہے کہ حضرت کے چار بیٹے

اور دو بیٹیان یعنی مسمی عبداللہ کو اون تین صاحبزادون پر زیادہ کیا ہے اور جافظ محب الدین
ابو العباس نے ذخائر عقبی مین لکھا ہے کہ اولاد حضرت امام زمان علیہ السلام کی تو تھین
چھہ بیٹے اور تین بیٹیان دو بیٹے مسمی علی اوسط و محمد اور ایک بیٹی مسمی زینب کو زیادہ کیا ہے
اور نزدیک بعض علما کی علی اصغر لقب امام زین العابدین کا ہے اور بعض حضرت کو علی اکبر
کہتے ہین اور حال محمد و جعفر کا معلوم نہین ہے شاید کہ قبل سن بلوغ کے وفات فرمائی ہو
اور باقی صاحبزادون سے فقط حضرت امام زین العابدین علیہ السلام باقی رہے تھے حق تعالی
جل شانہ نے اپنی قدرت کاملہ سے آپکی اولاد شریف مین اتنی برکت دی کہ تمام عالم آپکی اولاد
امجاد سے پر ہے اور قیامت تک زمانہ اس فیض اور برکت سے خالی نرہیگا آبا و اجداد و کاتب الحروف
کی بھی اولاد آنحضرت علیہ السلام ہین چنانچہ فقیر نے تھوڑا سا حال اپنے اجداد کا رسالہ بہجت
بیان کیا ہے اور خاتم المحدثین عمدۃ المفسرین استاد استادنا شاہ عبدالعزیز دہلوی قدس سرہ نے
بعض مکاتیب مین حضرت خاتم آل عبا علیہ السلام کی اولاد امجاد کا حال بیان فرمایا ہے
ترجمہ اوس مکتوب شریف کا واسطے زیادتی اہتمام کے اس رسالہ مین لکھا گیا حضرت امام حسین
جسوقت کہ کربلا مین تشریف فرما ہوے ہمراہ آپکی تین صاحبزادے تھے علی اوسط امام زین العابدین
کہ اوسوقت مین بیمار تھے علی اکبر کہ سن آپکا اٹھارہ برس کا تھا معرکہ کربلا مین شہید ہوے
تیسرے صاحبزادے کی نام مین اختلاف ہے بعضے عبداللہ اور بعضے علی اصغر کہتے ہین یہ بھی
ایام شیرخوارگی مین شہید ہوی حضرت امام علیہ السلام نے غلبہ تشنگی سے آپکو دیکھا
اور زبان مبارک اپنی واسطے تسکین کے منہ مین دی کہ ناگاہ جانب اشقیا سے ایک تیر
حلقوم معصوم مین پہونچا اوس صدمہ سے آپنے پدر بزرگوار کی گود مین جان دی اور
ایک صاحبزادی مسمی سکینہ ہمراہ تھین اور منسوب تھین حضرت قاسم کے ساتھ اوسوقت مین

سن آپکا سات برس کا تھا اور ایک نکاح کیا او سوقت ملک شام میں غلط ہے او صحیح یہ ہے کہ وفات
اسکا ملک شام میں ہوئی اور یہ جو مشہور ہے کہ حضرت سکینہ نے ملک شام میں انتقال فرمایا یہ بھی غلط ہے
سنہ ۱۱ ہجری اسواسطے کہ آپ مدت تک زندہ رہیں اور مصعب بن زبیر کی منکوحہ ہوئیں اور دختر
حضرت پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم و علی کرم اللہ وجہہ کی تھے و دختر کلاں حضرت امام
علیہ السلام کی فاطمہ صغریٰ نام تھا ہمراہ اپنے شوہر کے کہ حسن مثنیٰ بیٹے امام حسن کے
تھے مدینہ منورہ میں تھیں دشت کربلا میں ہمراہ امام علیہ السلام کے نہیں آئیں اور نام
مادر حضرت امام زین العابدین کا شہربانو لقب شاہ زنان تھا بیٹی یزدجرد بن شہریار
بن ہرمز بن نوشیرواں کی اور نام مادر علی اکبر کا لیلیٰ تھا دختر ابی مرہ بن عروہ بن مسعود کی
سردار بنی ثقیف کا تھا اور نام مادر بشیر سوم کہ شیر خوار تھے یا وہی بقدر معلوم ہے کہ عورت
تھیں نسل بنی قضاعہ سے اور نام مادر سکینہ کا رباب تھا دختر امراء القیس بن عدی کا
کہ بنی کلاب سے تھا اور سب ازواج سے حضرت امام علیہ السلام رباب کو بہت دوست
رکھتے تھے اور نزدیک امام علیہ السلام کے اونکی عزت بہت تھی چنانچہ انہیں کی مدح میں
آپنے شعر بھی فرمایا ہے شعر لعمرک انی لاحب دارا تحل بہا سکینۃ والرباب۔
یعنی قسم ہے جان اپنی کی کہ میں اوس گھر کو دوست رکھتا ہوں کہ رباب و سکینہ
وہاں رہیں اور منزل کریں اور نام مادر فاطمہ صغریٰ کا کہ دختر کلاں حضرت امام علیہ السلام
کی تھیں اور مدینہ منورہ میں تھیں ام اسحٰق تھا بیٹی حضرت طلحہ کی کہ ایک صحابی
مشہور و معروف ہیں و حضرت امام محمد باقر اوس وقت میں چار سالہ تھے اسواسطے
کہ قتل واقعہ کربلا کے سن اکسٹھ ہجری میں واقع ہوا اور سال پیدائش ستاون ہجری کے
ہوئے تھے اور تمام ازواج امام علیہ السلام ہمراہ آپکے معرکہ کربلا میں تھیں اور مادر بشیر بھی تھیں

اور دوسری ازواج کا معلوم نہین کہ اوس وقت مین زندہ تھین یا مرگئی اور فرزندان
حضرت امام حسن علیہ السلام سے کہ ہمراہ آپکے شہید ہوے چار تن تھے حضرت
قاسم و عبد اللہ و عمر و ابوبکر اور فرزندان حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے
پانچ تن تھے حضرت عباس بن علی و عثمان بن علی و محمد بن علی و عبد اللہ بن علی
و جعفر بن علی یہ سب ہمراہ حضرت علیہ السلام کے شہید ہوے اور عباس ابن علی
کہ علمدار تھے مزار حضرت امام علیہ السلام سے کربلا مین دو تین تیر تاب روضہ
آپکا جدا ہے اور شہداء کربلا حضرت کے روضہ مبارک مین دفن ہین اور فرزندان
حضرت عقیل سے حضرت مسلم کہ قبل تشریف لانے حضرت امام علیہ السلام کے کربلا مین
تیسری تاریخ ذی الحجہ کو سن ساٹھ ہجری مین کوفہ مین شہید ہوے اور انکو حضرت امام
علیہ السلام نے پہلے سے طرف کوفہ کے روانہ فرمایا تھا کہ مردمان کوفہ سے قول و قرار
مستحکم لیکر اطلاع کرین اور دو بیٹے حضرت مسلم کے ہمراہ آپکے شہید ہوے محمد و ابراہیم نام
و عبد اللہ و عبد الرحمن و جعفر پسران عقیل بن ابیطالب کے کہ ہمراہ تھے شہید ہوے
اور فرزندان عبد اللہ بن جعفر طیار بھائی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے دو بیٹے
ہمراہ تھے شہید ہوے محمد و عون نام اور دونون خواہرزادہ حقیقی امام علیہ السلام کے
تھے اور مان ان دونونکی حضرت زینب دختر علی کرم اللہ وجہہ کی تھین بطن بتول
رضی اللہ عنہا سے اور ساتھ عبد اللہ بن جعفر طیار کے نکاح ہوا تھا اور حضرت
امام زین العابدین و عمر بن الحسن و محمد پسر عمر بن علی اور دوسرے صاحبزادے حضرت امام حسن
قید ہو کر گئے اور حضرت زینب خواہر حقیقی حضرت امام علیہ السلام کی اور شہربانو زوجہ
امام علیہ السلام و حضرت سکینہ دختر امام علیہ السلام و دیگر زنان اہل بیت عصمت و

بشارت کہ ہمراہ امام علیہ السلام کی جس طرف علاوہ سلام سے قید ہو گئیں مستحق ثواب اکثر
کسوف شریف کا اتصال بعد شہید ہونے خاتم آل عبا علیہ السلام اور پیدا آیات ظاہر شد
اور بیان ہوا اونکو اور اسیر ہونے اہل بیت عصمت و طہارت کے کسوف سدا سے الہی کا ہونا
ہوا چنانچہ خارج کیا ہے بیہقی اور ابو نعیم نے بصرۃ الازدیہ سے کہ کہا بصرہ نے کہ جس وقت شہید
ہوئے حضرت امام حسین علیہ السلام خون برسایا آسمان نے پس صبح کی ہم نے حال اینکہ ہمارے مٹکے
بھرے ہوئے اور دوسرے ظرف ہمارے خون سے اور خارج کیا ہے بیہقی اور ابو نعیم نے زہری سے
کہا زہری نے کہ نہیں بچی کوئی پتھر بعد قتل یہ بات کہ حسین بن علی شہید ہوئے حضرت امام حسین کے
مقتل کیا جاتا تھا کوئی پتھر بیت المقدس کا مگر حال اینکہ پایا جاتا تھا خون عبیط سے
اوسکے اور خارج کیا ہے بیہقی سے ام حبان نے کہا ام حبان نے کہ حسین بن علی کہ شہید
کیے گئے حضرت امام حسین علیہ السلام تاریک ہو گئی اوپر ہمارے دنیا تین روز اور
نہیں ملتا تھا کوئی ہم میں سے زعفران کو تھیلی اوپر منہ کے مگر حال اینکہ جل جاتا تھا
منہ اوسکا اور نہ منقلب کیا جاتا تھا کوئی پتھر بیت المقدس کا مگر درحالیکہ پایا جاتا تھا
دم عبیط نیچے اوسکے اور خارج کیا ہے بیہقی سے علی بن مسہر نے کہا علی بن مسہر نے
کہ کہا مجھے دادی میری نے کہ تھی میں دن قتل حضرت امام حسین علیہ السلام کے
نوجوان پس تھا آسمان کہ گویا اوسکے اوپر چادر و آذر پس معان حال امام مظلوم علیہ السلام
پوشیدہ نہ رہے کہ بہت روایات صحیحہ سلف کے اوپر رونے آسمانوں کے حضرت امام مظلوم علیہ السلام
منقول ہیں چنانچہ ابن جوزی نے ابن سیرین سے روایت کیا ہے کہ دن قتل حضرت
امام حسین علیہ السلام کے تین دن تک دنیا تاریک رہی اور اوسکی سرخی آسمان پر
ظاہر ہوئی اور ثعلبی سے منقول ہے کہ آسمان اوپر حسین علیہ السلام کے رویا اور رونا

اور اسکی گریہ کا سرخی اوسکی ہے اور روایت مین آیا ہے کہ کئی مہینے تک بعد قتل امام
مظلوم علیہ السلام کے آسمان سرخ رہا اور ابن سیرین سے روایت ہے کہ سرخی
شفق کی کہ کنارے آسمان کی محسوس ہے بعد قتل حضرت حسین علیہ السلام کے حادث ہوئی
اور قبل اسکے اسطرح کی سرخی نہ تھی اور ابن سعد سے مروی ہے کہ سرخی شفق کی
آسمان پر قبل قتل شاہ شہیدان کی مرئی و محسوس نہ تھی اور ابن جوزی نے لکھا ہے کہ حکمت
سرخ ہونی آسمان کی یہ ہے کہ وقت عارض ہونے غضب کے خون جوش مین آتا ہے
اور باعث سرخی چہرے کا ہوتا ہے اور چونکہ ذات باری تعالی کی منزہ ہے جسم سے پس نشان
غضب کا بذریعہ سرخی کنارے آسمان کی ظاہر ہوئی تاکہ یہ سرخی شفق کی دلیل واضح ہو
اوپر عظمت معصیت قاتلان حضرت امام علیہ السلام پر اور باعث ظہور رنگ غضب الہی
کا ہو اوپر انکے قاتلوں کی اور بعضی روایت مین آیا ہے کہ بعد شہید ہونے حضرت
خامس آل عبا سید الشہداء کے سات روز تک آسمان نے گریہ کیا اور اوسکا
گریہ اس مرتبہ کو پہونچا کہ سرخی آسمان سے دیوارین اور عمارتین سرخ ہوگئین تھین
اور کواکب اسقدر گرے کہ بایکدیگر ملجاتے تھے اور دن شہادت خامس آل عبا
علیہ السلام کو آسمان سے خون برسا کہ مدت تک نشان اوسکا باقی رہا کہ ہر کپڑا
ورناس سرخ ہوگیا تھا اور سرخی اوسکی یہان تک رہی کہ جب تک وہ کپڑا نہ پھٹا
سرخی اوسکی نہ گئی اور بعضی روایت مین آیا ہے کہ دن قتل خامس آل عبا سید الشہداء
علیہ التحیۃ والثنا کو آسمان سے خون برسا کہ ہر گھر اور کوچے خراسان اور شام اور
کوفہ سے روان ہوا اور جسدن کہ سر مبارک خامس آل عبا شاہ شہیدان علیہ السلام کا

شہادت امام مظلوماں علیہ السلام کی سرخ کہیں ہوا اور دیکھو ستاروں کو سامنے
ٹوٹے ہوئے اور خارج کیا ہے بیہقی دلائل میں مرہ سے کہ ابو ستاہ کہ جو کہ لوٹ لیا تھا
لشکریاں یزید پلید نے شتراں لشکر امام علیہ السلام کو دن قتل آنحضرت علیہ السلام کے
ذبح کیا اوسکو اور پکایا سو گیا گوشت اون شتروں کا مثل حنظل کے تلخی میں کہ وقت کھانے
حلق سے نیچے نہ جاتا تھا اور ترجمہ صواعق میں منقول ہے کہ ایک قافلہ کا یمن میں سے ورس
تھا واسطے تجارت کے لیجاتے تھے اون میں ورس تو پایا تھا جسکہ قافلہ لشکر یزید پلید سے ملاقی ہوا
کروہ لشکر ضلال جس سوا ان کو جاتا تھا سارا ورس خاکستر ہو گیا اور بعض روایت میں
میں آیا ہے کہ ورس لشکر یزید پلید میں تھا خاکستر ہو گیا اور جسکہ شتران لشکر
امام شہیداں کو ذبح کرتے تھے گوشت ڈاگ نکل جاتا تھا اور خارج کیا ہے ابو نعیم نے حبیب
بن ثابت سے کہا جنہوں نے سنا میں جن کو کہ نوحہ کرتی تھے حضرت خاتم آل عبا علیہ السلام
شعر مسح النبی جبینہ + فلہ بریق فی الخدود + ابواہ من علیا قریش + جدہ خیر الجدود مسح کیا
اور بوسہ لیا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیشانی اوسکی کو پس تھا واسطے اوسکے
نور لمعان رخسار پر ان اور ماں باپ اوسکے تھے عمدگان قریش سے اور تھا دادا اوسکا
بہتر دادوں کا اور خارج کیا ہے ابو نعیم نے طریق حبیب ابن ثابت سے اور اوسنے حضرت
ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا ام سلمہؓ نے ہم نے سنا میں نے نوحہ جن کا حسین پر
کہ اشغال فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مگر آج کی رات اور گمان کرتی ہوں میں
کہ تحقیق مقتول ہوا امیر میرا یعنے حسینؑ پس کہا میں نے اسی لونڈی سے کہ جا کر دیکھ
اسکی خبر پس خبر دیا مجھکو اوسنے کہ تحقیق سن کے گیا حسینؑ اور نوحہ کرتے ہیں جن تیئیں
شعر الا یا عین فاحتفلی بجہد + ومن یبکی علی الشہداء بعدی + علی رہط تقودہم المنایا ـ

الٰہی است تحیر ثبات عہد ہی شد آگاہ ہوا ہے آنکہ لیس گریہ زاری کرکے گوشۂ تمام ورگون کے
زار زار کرے اور پر شہید ہوئے بعد بستر اور پر گرد سکے کرکھینچا اونکو اسباب موت شکے طرف
ظالم سرکش سے انچ سلطنت ناسنے میں روی سکے روایت ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے
بعد دریافت اس حادثہ ہائلہ کے اسقدر گریہ کیا کہ بیہوش ہوگئیں اور غشی آپ پر طاری
ہوئی اور خارج کیا ہے ابو نعیم نے مزیدہ بن جابر حضرمی سے اور اوسنے اپنی ماں سے
کہا اوسکی ماں نے کہ سنا مین نے جن کو کہ نوحہ کرتا تھا اوپر حسین علیہ السلام کے شعر
ابکی حسینا سیدا۔ کان حسینا جبلا۔ خبر مرگ حسین کی پوچھتا ہون مین غمگین اور تھا حسین
با جمال اور کوہ صبر و استقلال کا پوشیدہ نہ رہے کہ مراد نوحہ سے رونا یاد کرکے اوصاف
حمیدہ و خصال پسندیدہ حضرت امام زمان علیہ السلام کے ہے نہ نوحہ متعارف اہل بدعت کا
کہ باتفاق علما کے حرام ہے اور احادیث صحیحہ مین وعید شدید اوسپر وارد ہوئی ہے
اور شہید ہوئے خاتم آل عبا سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا روز عاشورا کے سن اکسٹھ ہجری
دسوین تاریخ محرم الحرام روز جمعہ بعد زوال آفتاب کی نقطۂ نصف النہار سے اور سن
شریف آپکا وقت شہادت کے چھپن برس پانچ مہینے پانچ روز کا تھا القصہ
جبکہ لشکر ضلال کا مع سر مبارک حضرت خامس آل عبا کی اور سر دیگر شہیدان کربلا کا
مع اسیران اہل بیت عفت و طہارت کے داخل کوفہ مین ہوا ابن زیاد علیہ اللعن نے یوم اول
قصر امارت کو آراستہ کیا اور بہ ہیبت و وقار کوشک پر جلوس کرکے دار الامارۃ مین اذن
بار عام کا دیا پس وضیع و شریف اعیان کوفہ کے حاضر ہوئے سبایاے اہل بیت نبوت
کو مع ذکور و اناث اور سرہاے شہدا کے روبرو اپنے طلب کیا جسوقت کہ سر مبارک حضرت
شاہ شہیدان خاتم آل عبا علیہ التحیۃ والثنا پر نظر اوس خبیث کی پڑی بار بار دیکھتا تھا

اور تبسم کیا تھا اور چوب کہ اوس ملعون کے ہاتھ میں تھی اور راہ لی اوپر لب کے اور لب و دندان
شاہ شہید کے مارتا تھا زید بن ارقم کہ اکابر صحابہ سے تھے اوس مجلس میں موجود تھے کہا
کہ اے ابن زیاد چوب اپنی کو دندان حسینؑ سے اوٹھا اور ان دندان مبارک پر سے ہاتھ اٹھا کہ بخدا سوگند کہ میں نے
بارہا دیکھا ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لب و دندان کا بوسہ لیا ہے
بعد اوسکے گریہ زید بن ارقم کے طاری ہوا اور سیلاب چشم کا دونوں آنکھوں سے
روان کیا پس جبکہ ابن زیاد ملعون نے یہ بات زید بن ارقم سے سنی اور حال ان کے گریہ کا
ملاحظہ کیا اوس ملعون نے کہا کہ خدا تیری آنکھ کو گریان رکھے اگر تو پیر نہ ہوتا اور تیرا
حواس کو نہ کھوچکا میں گردن تیری مارتا پس زید بن ارقم نے کہا کہ اے ابن زیاد
میں تجھسے ایک حدیث نقل کرون کہ وہ حدیث غصہ دلانیوالی اور آزردہ کرنیوالی زیادہ تجھ
سا تو سے دیکھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ امام حسن کو ران راست پر
اور امام حسینؑ کو ران چپ پر بٹھلا کر ہاتھ مبارک کو ان دونوں صاحبزادوں کے سر پر پھیرتے تھے
اور فرماتے تھے کہ بار خدایا میں نے ان دونوں کو تجھکو اور مردمان صالح کو امانت سونپتا ہوں
پس اے ابن زیاد امانت پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کیا کیا تو نے اور کہا
زید بن ارقم نے کہ اے مردم کوفہ حق سبحانہ وتعالی تم سے حق سمجھے کہ ابن فاطمہ زہراؑ
کو قتل کیا اور ابن مرجانہ کو اپنے اوپر امیر کیا بعض روایت میں آیا ہے کہ اسی حال میں
ابن زیاد بد نہاد اوپر منبر کے گیا اور خطبہ پڑھا اور کہا شکر خدا کو کہ اظہار حق کا کیا اور امیر المومنین یزید
پلید اور اوسکے لشکر کو فتح دیا اور کاذب ابن کاذب کو قتل کیا اور ایسا ہی کہکے وہ لعین
زبان پر لایا کہ عبد اللہ بن عفیف اپنی جا سے اوٹھا اور کہا کہ اے دشمن خدا و عدو
مصطفےٰ تو دروغگو ہے اور تیرا باپ اور وہ دروغگو ہے کہ تجھکو امیر کیا ہے اور چاہا

تیرے کہ اولاد پیغمبر خدا کو تو نے قتل اور اہل بیت رسول خدا کو ذلیل کیا اور اوپر
منبر کے کہ مقام صدیقوں کا ہے چڑھا تو خدا سے شرم نہین رکھتا کہ ایسے ایسے
دروغ کہتا ہے اور راہ کذب کی جاتا ہے اور روایت مین آیا ہے کہ جب وقت اسیران
اہل بیت نبوت حضور ابن زیاد بانی فساد کے حاضر ہوئے اوس ملعون نے کہا الحمد للہ
اکرب و اکرب شکر خدا کہ سختی دیا دشمنونکو اور سختی دیا حضرت ام کلثوم رض نے جواب دیا
الحمد للہ الذی کرمنا بمحمد و طہرنا تطہیرا شکر خدا کو کہ ہمکو گرامی کیا بواسطہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کے اور پاک کیا ہمکو پاک کرنے کر پھر ابن زیاد ملعون نے کہا ارایتم قدرۃ اللہ دیکھا تم نے قدرت
خدا کو حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا نے جواب دیا یجمع اللہ بیننا و بینکم و ینصف بیننا و بینکم
جمع کریگا خدا ہمکو اور تمکو اور انصاف کریگا حق تعالے درمیان ہمارے اور درمیان تیرے
روز قیامت مین ابن زیاد بدنہاد ان کلمات حقہ سے آشفتہ ہوا اور کہا اب تک اسقدر
دلیری اور تندی کلام مین باقی ہے پس اوس ملعون نے چاہا کہ حضرت ام کلثوم رض کو
عقوبت کرے کہ لوگون نے کہا عورتونکی بات کا اعتبار نہین ہے پس نگاہ نظر اوس لعین کی علی
بن حسین یعنی امام زین العابدین علیہ السلام پر پڑی پوچھا کہ یہ کسکا بیٹا ہے لوگون نے کہا
کہ پسر حسین ع بن علی ہے اوس شقی ازلی نے کہا کہ اسکو بھی قتل کرو مین نہین چاہتا کہ
نسل فاطمہ رض سے کوئی زینہ باقی رہے شحنہ شہر نے چاہا کہ آپکو باہر قصر کے لیجا کر قتل کرے
کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے آپکو گود مین لیکر اوس ملعون شقی سے کہا کہ اگر اسکو مارنا
منظور ہے تو پہلے مجھکو مار کہ نسل فاطمہ رض سے یہ ایک شخص باقی ہے کہ محرم زنان اہل بیت کا ہے
اگر یہ بھی مارا جائیگا ہم سب عورتین بے محرم رہجاوینگی ابن زیاد شقی کو کلام حضرت
زینب سے ہیبت آئی نسر خون علی بن حسین علیہ السلام سے درگذرا اور بیان اخبار روایت

کرتے ہیں کہ جبکہ زنان اہل بیت عصمت اور طہارت کی اور پسران کو بریدہ سر کے سوا انکے
سر اہیں خاک کوفے میں پہونچیں اہالی کوفہ حال جزائی و وزاری ان بیوت کا دیکھکر روتے
حضرت ام کلثوم نے فرمایا کہ اے مردمان کوفہ اب کیوں روتے ہو یہ سب جور و ظلم کہ
ہم پر ہوئے تمہاری جہت سے ہوئے ہیں ہمارے تئیں قتل اور ذلیل کیا اور اب روتے ہو اور
یہ چند ابیات حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا زبان عربی میں فرمائیں **ابیات**

ماذا تقولون اذ قال النبی لکم ماذا فعلتم وانتم آخر الامم بعترتی و باہلی بعد مفتقدی منہم
اساری و قتلی ضرجوا بدم ما کان ہذا جزائی اذ نصحت لکم ان تخلفونی بسوء فی ذوی رحمی کیا کہو گے تم
جس وقت کہ پوچھیگا محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم روبرو جزا کے کیا کیا تم نے اور حال آنکہ تم
بہتر امت کی تھے ساتھ عترت اور اہلبیت میرے کے بعد مفقود ہونے میرے کی درحال آنکہ
اور اہلبیت سے قیدی و مقتول ہیں کہ انکا ایسا کیا خون اونکا گویا کہ یہ تھے قیدی قتل
جزا اوس خیر کی کہ نصیحت کیا میں نے تمہارے تئیں یہ کہ تخلف کرو تم میری موت کے بیچ حق میرے
ذوالارحام کے الحاصل ابن زیاد نامہ فساد نے بعد ملاحظہ کرنے حال اسیران اہل بیت عصمت و
طہارت کے حکم دیا کہ اسیروں کو زندان خانہ میں قید کرو اور سر حسین اور تمام شہدا کا کرجہاں کوچہ
میں پھیراؤ چنانچہ بموجب حکم اوس شقی ازلی کے ہاتھ امام سید الساجدین زین العابدین علیہ السلام کا
باندھ کر مع اہل بیت نبوت کے زندان خانہ میں داخل کیا اور سر مطہر حضرت حسین آل عبا سید الشہدا
علیہ السلام اور سر سائر شہدا دشت کربلا کا نیزوں پر رکھکر کوچہ بکوچہ کوفے کے پھرایا زید بن
ارقم سے روایت ہے کہ جبکہ سر مبارک امام مظلوم کا میرے گھر کی طرف سے نکلا اور میں
غرفہ میں بیٹھا تھا سر مبارک کا یہ آیہ کریمہ تلاوت کرتا تھا ام حسبت ان اصحاب الکہف
والرقیم کانوا من آیاتنا عجبا زید بن ارقم لکھتے ہیں کہ حسرت یہ آیہ کریمہ میں نے زبان مبارک

حضرت شاہ شہیدان کو سنا میرے تمام بدن پر رونگٹے کھڑے ہو گئے اور کہا مین نے اس
زمین نے ان سالون کا تعجب زیادہ ہے حال العجائب کہنے کے بعد اسکے ابن زیاد ملعون نے حرمان
قیس نحس بن ثعلبی و شمر ذی الجوشن کو ساتھ مع پانچ ہزار لشکر کے مقرر کر کے
مع سر مبارک حضرت خاتم آل عبا علیہ السلام اور سر تمام شہیدان دشت کربلا کا اور جملہ
اسیران اہل بیت عصمت و طہارت کو ساتھ دمشق کو نزدیک یزید پلید کے روانہ کیا پس
قافلہ زنان و دختران اہل بیت نبوت کا اور شتران بے پردہ کی سوار اور سر مبارک شاہ شہیدان
علیہ السلام اور سر سائر شہدا کا نیزون پر جس شہر و دیار مین اس ہیئت کذائی سے پہونچتا
فریاد واویلا وامصیبتا کی زمین سے آسمان تک جاتی اور شیون غم و الم کا برپا ہوتا اور
ہر منزل مین کرامات باہرہ عیان اور خرق عادات ظاہر و باہر ہوتی تھین کہ یہ سب دال حقیقت
حقیقت شہادت شہدا مظلومان علیہ السلام پر اس مقالہ مین بلحاظ طول نہ ہونے کے چند معجزات بعض
منازل کی بطریق المنوفع سے کہ صحیح روایت مین ثابت ہے لکھے گئے ہین خارج کیا ہے ابو نعیم نے
بسند سعید کہ محدث مشہور ہے اور اوسنے ابی قبیل سے کہ جبکہ سر مبارک جناب سید الشہدا
علیہ التحیۃ والثنا کا مع اہل بیت عصمت و طہارت کی طرف شام کے لیجاتے تھے جب وقت کہ پہلی
منزل مین پہونچے اور شرب نبیذ مین مشغول ہوئے دیکھا کہ ایک قلم غیب سے پیدا ہوا ایک دیوار پر
اوس قلم نے بخط جلی یہ شعر لکھا اترجوا امۃ قتلت حسینا ۔ شفاعۃ جدہ یوم الحساب ۔ آیا امید
رکھتے ہین وہ گروہ کہ قتل کیا حسین کو شفاعت دادا اوسکی کی روز جزا کو اور بعض روایتون مین
آیا ہے کہ جبکہ زنان اہل بیت عصمت و طہارت کو شتران بے پردہ پر سوار کر کے اور سر مظلومان
کو لیکر طرف شام کے روانہ ہوئے ایک منزل مین پہونچ کر اوس جا پر ایک راہب کو دیکھا
اوس حوالی مین اونہون نے دیکھا کہ دیوار دیر پر یہ بیت لکھی ہے راہب سے اون اشقیا نے پوچھا

کہ لکھنے والا اس شعر کا کون ہے راہب نے کہا کہ میں اسقدر جانتا ہوں کہ یہ بیت اس دیوار پر بعثت
پانسو برس پیشتر قبل بعثت تمہارے نبی کے لکھی ہے اور دوسری روایت میں آیا ہے کہ دیوار
دیر کی شکافتہ ہوئی اور ہاتھ اور قلم اوس دیوار سے باہر آیا اور اس بیت کو جو لکھا ہے
لکھا پس جبکہ راہب دیر حال اسیران اہل بیت سے واقف ہوا اور سر مبارک سید الشہدا
علیہ التحیۃ والثنا کا سیر دیر دیکھا اپنے دل میں کہا کہ یہ بد قوم ہیں کہ پیغمبر کی
آل کو قتل اور اہل بیت ان کے کو ذلیل و خوار کیا پس اوس راہب نے جماعت اشقیا سے کہا
کہ دس ہزار درہم مجھ سے لو اور سر مبارک کو ایک رات کے واسطے مجھکو دو لشکریان
اشقیا ازبسکہ حریص بطمع کے تھے قول راہب کو قبول کر کے سر مبارک کو حوالہ راہب کے
کیا پس راہب سر مبارک شاہ مظلوم علیہ السلام کو خلوت میں لے گیا اور غسل دیکر خوشبو لگا کر
اپنے زانو پر رکھا مشاہدہ انوار حق کا اوس جمال حق نما پر کرتا تھا اور معائنہ کرتا تھا کہ انوار تجلیات
سر انور شاہ شہیدان علیہ السلام سے ہویدا تھے اور طبقات نور کے لیے دروازے صبح تک
آسمان سے سر مبارک پر آتے تھے بمجرد ملاحظہ اس حال کے راہب مسلمان ہوا اور بقیہ عمر
اسی کو بیچ محبت اور دوستی اہل بیت کی اور اتباع احکام اسلام میں گذرانی اور حسب
وعدہ کے دس ہزار درہم اون اشقیا کو دیے پس اون بدبختوں نے جبکہ درہم کو صرف کے
واسطے تقسیم کے نکالا دیکھا کہ سب درہم خاکستر ہو گئے اور ایکطرف اون درہموں کے یہ
آیہ کریمہ لکھی تھی کہ ولا تحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظالمون اور دوسری طرف یہ آیہ وسیعلم
الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون اور منزل میں جو لشکر کفار کا مع سر شہدا کے حران میں
پہنچا اوس جا ایک ٹیلہ پر گھر یہودی کا تھا جسکا یحیی نام وہ یہودی گھر سے باہر آکر سر
شہدا کو دیکھنے لگا ناگاہ نظر اوسکی سر مبارک حضرت سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا

تیز بھی دیکھا اوس یہودی نے کہ لب مبارک آپکے جنبش کرتے ہین جبکہ اوسنے کان اپنے
قریب سر مبارک کے لیگیا یہ کلمات طیبات لب اطہر سے سنے ای منقلب ینقلبون یہودی نے
مشاہدہ اس حال سے متعجب ہوکر اون اشقیاؤن سے پوچھا کہ یہ سر کسکا ہے کہا اون لشکریون نے
کہ یہ سر حسین بن علی کا ہے یہودی نے کہا کہ نام باپ کا معلوم ہوا نام ماں کا کیا ہے کہا
لشکریان ضلال نے فاطمہ رض بنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم یہودی نے کہا کہ اگر
دین تمہارا برحق نہ ہوتا یہ براہین روشن اس سر سے ظاہر نہ ہوتی پس اوس یہودی نے کلمہ
شہادت کا صدق دل سے پڑہا اور عمامہ سر مبارک کہ سر پہ باندہے تھا ٹکڑے ٹکڑے کرکے
زنان اہل بیت نبوت کو دیا اور جامہ خز و دیبا کہ پہنے تھا مع ہزار درم بیچ خدمت امام زین العابدین
علیہ السلام کی بھیجا اور عرض کیا کہ اسکو اپنے احتیاج مین خرچ کیجیے لشکریون نے یہ حال دیکھکر
اوس یہودی سے کہا کہ یہ تو نے کیا کیا دشمنان والی شام کی اعانت کرتا ہے اس حرکت سے
باز آ ورنہ ہم تیرا سر بدن سے جدا کرینگے یہودی کی تئین از بسکہ ذوق محبت اہل بیت کا زیادہ ہو اٹھا
اپنے خادمون سے کہا تلوار لاؤ جبکہ خدمہ بموجب حکم کے تلوار لائے تب یہودی نے تلوار لیکر اور تکبیر کہکر
اون شقیون پر حملہ کیا پانچ آدمیونکو جہنم واصل کیا آخر کو شہید ہوا قبر اوسکی دروازہ حران پہ مشہور
معروف ہے اوسکو بھی شہید کہتے ہین اوسجا پر دعا مستجاب ہوتی ہے اور نقل ہے کہ اثنائے
راہ مین شہر موصل کے پاس سر اطہر امام شہدا علیہ السلام کو ایک پتھر پر رکھا تھا چند قطرات
سر مبارک کی اوس پتھر پر ٹپکے ہر سال دن عاشورہ کے خون تازہ پتھر سے نکلتا تھا لوگ
جوق جوق اطراف و جوانب سے وہان جمع ہوکر مراسم عزاداری کی بجا لاتے تھے یہی حال تا
زمانہ عبدالملک تک اوس خبیث نے اپنی عہد حکومت مین اوس پتھر کو وہان سے کندہ کرکے
کسی جا پر پہنچا دیا آج تک اوسکا نشان بھی معلوم نہین ہے لیکن اوس جا پر گنبد بنا گیا ہے

اور یہاں اسکا نام مشہد نقطہ ہے ہر سال لوگ اطراف و جوانب سے جمع ہو کر تبرکاً لطف زیارت کے
سالانہ آتے ہیں اور امام اسمعیل نے کتاب ابوالحسن کی روایت کیا ہے کہ ہر سنہ کو واسطے
نگہبانی سر مبارک شہدا اور یہاں اہل بیت اطہار کے پچاس آدمی مقرر ہوتے تھے
ابوالحسن لکھتا ہے کہ ایک رات کو میرا نوبت اس سال کا ہوا کہ اتفاقاً سب نگاہبان سب کے
سو گئے اور میں اکیلا جاگتا تھا کہ ناگاہ جانب آسمان سے ایک آواز مہیب ایک میں نے سنی کہ
عقریب تھا کہ اوسکی دہشت سے تمام عالم زیر و زبر ہو جائے کہ دفعتہً ایک مرد سفید جامہ پہنے عمامہ
سیاہ نورانی بلند بالا گندم گوں دیکھا میں نے کہ آسمان سے نیچے آیا اور سرائے کو جہاں کہ سر
مبارک جناب آل عبا سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کو صندوق سے نکال کے بوسہ دیا تھا
اور روتا تھا میں اسی حالت میں متحیر ہو کر اوٹھا اور چاہا کہ سر مبارک کو اس شخص سے لیکر صندوق
میں رکھوں قتل اسکو کیا اور پہچان نہ سکیں کہ ایک شخص نے مجھے نعرہ مارا اور کہا گستاخی مت کر
اور یہ مت جان کہ تیرا دم صبح انتہا ہیں کہ واسطے ماتم فرزند رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
تشریف لائے ہیں کہ اس سال میں ایکبار آدم اور موسیٰ اور نوح نجی اللہ تشریف لائے آدم صفی اللہ
ابراہیم خلیل اللہ اور اسمعیل ذبیح اللہ اور اور انبیا علیہم السلام تشریف لائے اور سب کے آخر میں
محمد رسول اللہ مع صحابہ کبار و حیدر کرار و حمزہ و امام حسن و جعفر طیار رضی اللہ عنہم تشریف لائے
اور مراسم ماتم کے ادا کیے اور سب کے ہمراہ فرشتے آسمانی تھے ایک فرشتے نے طمانچہ اور کہیں سر
کے مارا کہ میرا طمانچہ تمام سیاہ ہو گیا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
اوس فرشتے سے فرمایا کہ اسکو چھوڑ دو پر اوس فرشتے نے بموجب حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے مجھکو چھوڑ دیا میں بیہوش ہو گیا ناگاہ صبح ہو گئی اور مجھکو ہوش آیا دیکھا میں نے کہ اوس رکن کا
اور سجادہ پریشان بھی تھا مگر تو وہ خاک پڑا تھا اور سر مبارک امام مظلوم علیہ السلام کا اور سب

منبدون میں بند تھا صبح کو شمر بدگہر نے مجکو طلب کیا دیکھا کہ لعنت منہ میرا سیاہ ہو گیا ہے
مجسے حال پوچھا مین نے جو حال گذشتہ کو گذرا تھا سارا بیان کیا اور ایک آہ کرکے مرگیا دیکھا کہ زہرہ اوسکا
پھٹ گیا تھا اہل لشکر یہ حال معائنہ کرکے بہت ڈرے اور بعض اپنے کئے پر پشیمان ہوئے مگر بجز
جانے کے چارہ نہ دیکھا لاچار ہوکر طرف شام کے پھر روانہ ہوئے اور قریب موصل کے
ایک شہر تھا نصیبین نام جبکہ حاکم موصل نے لشکر ملاعین یزید پلید کو موصل میں آنے نہ دیا
اونہون نے یعنی حاکم نصیبین نے کہ منصور بن الیاس نام تھا واسطے آراستہ کرنے شہر کے
کہلا بھیجا اوس حاکم نے بموجب ان اشقیاؤنکو کہنے کے شہر کو آراستہ کیا پس جبکہ لشکر
طغیان شہر میں داخل ہوا ناگاہ قدرت الہی سے ابر سے برق غضب الہی اوس
شہر پر گری کہ نصف شہر اوس صدمہ سے جل گیا اور مردان شہر کہ واسطے تماشا کے
گرداگرد لشکر ضلال کے جمع ہوئے تھے پشیمان ہوکر پھر گرد اوس لشکر ضلال کے
نہ گئے اور وہ لشکر طغیان سراسیمہ ہوکر وہان سے روانہ ہوا اور قریب ایک
پہاڑ کے کہ اوسجا پر گہاس اور پانی بہت تھا قرار پکڑا اور اوس پہاڑ پر ایک
دیہہ آباد تھا معمورہ نام اور اوسمین ایک حصار بہت مستحکم تھا اور اوس حصار پر
ایک کوتوال تھا عزیز بن ہارون نام اہالی دیہہ وحصار مع حاکم سب یہودی تھے اور
اون سبکا کسب یہ تھا کہ جامہ حریر کا بنتے تھے کہ تمام حجاز وعراق وشام میں مشہور تھا
پس جبکہ اوسجا پر رات ہوئی کنیز حضرت شہربانو کی شیرین نام کہ حسن وجمال میں شیرین
زمان اور بلیغ دوران تھی حال حضرت شہربانو کا اور آپکے کپڑے کہنہ وشکستہ معائنہ کرکے
بہت روئی اور وہ حال یاد کیا کہ روبرو شہزادے یعنی امام کونین حضرت امام حسین سے
تھا کہ جامہ مرصع نگار پہنے تھین حضرت شہربانو سے اجازت طلب کی اور کہا اگر اجازت

ہوا اس نیت میں جاکر جو کچھ کہ میرے پاس مایہ باقی ہے اوسکو بیچکر جامہ لائق آپکے لاؤں
حضرت شہربانو نے فرمایا کہ تو آزاد کی ہوئی حضرت امام حسین کی ہے تجکو اختیار ہے
حد ہر جانیکی خاطر سے حضرت شہربانو سے اجازت لیکر بہانہ زیارت کر کے حصار تک
گئی اتفاقا دروازہ حصار کا بند تھا اور تھوڑی سی رات گذری تھی کہ شیرین پاس سے
دروازہ حصار کا ٹھوکا سوداگر ہارون کہ دروازہ پر منتظر شیرین کے تھا جواب پایا
اور کہا کہ شیرین آئی شیرین نے کہا ہاں سوداگر نے بخوشی تمام شیرین کے دروازہ کھولدیا
اور شیرین کو سلام کیا اور بتعظیم تمام اوسکو بٹھلایا شیرین نے سوداگر سے پوچھا کہ تونے
کیونکر جانا کہ میں شیرین ہوں سوداگر نے کہا کہ اول شب میں سو گیا تھا کہ حضرت موسی
و ہارون علیہما السلام کو خواب میں دیکھا کہ سر و پا برہنہ اور اشک آنکھوں سے جاری ہیں
اور آثار حزن و مصیبت انکے چہرہ پر عیاں ہے یہ حال معائنہ کرکے میں نے عرض کیا کہ
اے سید بنی اسرائیل و اے برگزیدگان رب جلیل یہ کیا حال ہے اور سبب حزن و ملال کا
کیا ہے حضرت موسی و ہارون نے کہا کہ تو نہیں جانتا کہ سبط پیغمبر آخر زمان محمد مصطفے
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ظلم و ستم سے کربلا میں اوسکی امتیوں نے قتل کیا ہے اب
اوسکے سر مبارک کو مع اہل بیت اوسکے طرف شام کے لیے جاتے ہیں سو یہ کہتا ہے میں نے
عرض کیا کہ آپ محمد مصطفے کو پہچانتے ہیں اور اون سے اعتقاد رکھتے ہیں حضرت
موسی و ہارون نے کہا کہ اے سوداگر جو شخص اوسکی متابعت نہ کریگا وہ جہنمی ہے اور
ہم سب پیغمبر اوسکے برابر ہیں اور ہم اوسکو کیونکر نہ پہچانیں کہ وہ پیغمبر حق ہے اور
حق سبحانہ تعالی نے ہم سب پیغمبروں سے اوسکے باب میں عہد لیا ہے اور ہم سب
اوسکا ایمان لائے ہیں میں نے عرض کیا کہ کچھ نشان مجکو دیجیے کہ تمہیں میرا اوم

حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام نے فرمایا کہ دروازہ حصار تک جا کہ او سجا پر ایک کنیز
شیرین نام آزاد کی ہوئی حضرت امام حسین علیہ السلام کی ہوگی اور حلقہ در کا ٹھونکیگی
متابعت اوسکی کرنا کہ وہ زوجہ تیری ہوگی اور نزدیک سر مبارک حضرت امام حسین ع کے
جا کر سلام ہمارا کہنا جواب سلام کا اوس سے سنیگا فی الفور میں خواب سے جگ پڑا اور دروازہ
حصار پر آیا کہ تو نے دروازہ حصار کا ٹھونکا اس جہت سے میں نے تجکو بھیجا یا کہ نام تیرا شیرین ہے
پس تو اجازت دیتی ہے کہ میں تیرے ساتھ نکاح کروں شیرین نے کہا ہاں بشرطیکہ
تو مسلمان ہو اور حضرت شہربانو اجازت دیں پس شیرین عزیز سے یہ اقوال سنکر
حضرت شہربانو کی خدمت میں آئی اور یہ سب حال بیان کیا حضرت شہربانو یہ حال
سنکر متحیر ہوئیں اور یہ قصہ زنان اہل بیت سے کہا تمام اہل بیت یہ حال سنکر متعجب ہو
پس جبکہ صبح عیاں ہوئی عزیز بن ہارون حصار سے باہر آیا ہزار درم لشکر یونکو دیا
کہ وہ اجازت دیں کہ یہ خدمت اہل بیت کی کرے پس اون اشقیاؤں نے ہزار درم
عزیز سے لیکر اجازۃ واسطے خدمت اہل بیت کو دی پس عزیز لشکریوں سے اجازت لیکر ہزار درم
بطور نظر کے آگے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے رکھا اور حضرت کے
ہات مبارک پر بیعت کر کے ایمان لایا بعد اوسکے نزدیک سر مبارک شاہ مظلومان علیہ السلام آ
آیا اور عرض کیا کہ ای سید میں موسیٰ و ہارون کا سلام لایا ہوں سر مبارک سے آواز آئی
کہ سلام خدا کا اونپر ہو پہر عزیز نے عرض کیا کہ ای سید کچھ خدمت مجسے فرمائیے
کہ حقتعالیٰ مجسے راضی ہو سر اطہر سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا سے آواز آئی کہ جبکہ تو اسلام لایا
خدا اور رسول تجسے راضی ہوا اور چونکہ تو نے میرے اہل بیت کے ساتھ احسان کیا
باپ اور دادا میرے تجسے راضی ہوے اور چونکہ تو سلام موسیٰ و ہارون کا میرے پاس لایا

میں تحسین جوش ہوا اور قیامت کو میرے اہل بیت کی ساتھ تو محشور ہوگا بعد اسکے حضرت
شہربانو نے یزید سے کہا کہ تیری رضا یہ ہے کہ تو عزیر کے ساتھ نکاح کر شہربانو کے
بموجب حکم حضرت شہربانو کے نکاح اپنا ساتھ عزیر کے قبول کیا اور اوسکا عقد اوسکے
ساتھ ہوا اور تمام اہل حمار رکت اہل بیت سے مسلمان ہوئے ابو سعید دمشقی حکایت کرتا ہے
کہ جسوقت کہ سر شہدا اور زنان اہل بیت عصمت و طہارت کو طرف شام کے لیجاتے تھے
میں ہمراہ اوس جماعت کے تھا کہ جسکہ قریب دمشق کے پہونچے درمیان لشکر ضلال کے
یوں خبر ظاہر ہوئی کہ شیب بن [illegible] جراعی نے لشکر جمع کیا ہے اور قصد رکھتا ہے
کہ شہیدوں کے سر اپنے ساتھ اور قیدیوں کو لیجاوے یہ خبر سنکر سرداران لشکر کے مضطر
ہو کر احتیاط تمام اوس جا کو روانہ ہوئے ست کی وقت ایک جا پر پہونچے کہا اوسجا
ایک دیر بہت مستحکم تھا اس سرداران لشکر کی اسمیں مستقر ہوئی کہ اس دیر میں پناہ
لیا چاہیے کہ شہیدوں سے محفوظ رہیں راوی کہتا ہے شمر ملعون نے دروازے دیر پر
آکر ایک نعرہ کیا کہ پیر دیر کا یہ نعرہ سنکر بام دیر پر آیا دیکھا کہ گرد اگرد دیر کے لشکر
جمع ہے اور ایک شخص دروازے دیر پر نعرہ کرتا ہے پیر دیرانی نے لشکریوں سے کہا کہ تم کون لوگ
ہو اور یہ کیسا لشکر ہے شمر ملعون نے کہا کہ ہم سب ملازمین ابن زیاد کے ہیں کوفے سے دمشق
جاتے ہیں پیر دیرانی نے کہا واسطے کس مہم کے شام کو جاتے ہو شمر ملعون نے کہا عراق میں
ایک شخص نے یزید سے باغی ہوا تھا ہم سب یزید کی طرف سے واسطے اسکے قلع اور قمع کو گئے تھے
چنانچہ اوسکو مع عزیزوں اور قرابت کے ہم نے قتل کیا اب ان شہیدوں کا سر نیزوں پر رکھکر اور اوسکے اہل بیت
کو قید کرکے یزید کے پاس لیجاتے ہیں پیر دیرانی نے سر شہدا کی طرف نگاہ کرکے پوچھا سردار انکا کس
کون سا ہے لشکریوں نے طرف سر مبارک حضرت امام عالی مقام کا اشارہ کیا پیر دیرانی نے طرف سر مبارک حضرت

سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کے نگاہ کیا بمجرد نگاہ کے ایک ہیبت سر مبارک سے پیچ دل پیر
ویرانی کی پڑی بعد اسکے پیر ویرانی نے کہا گرداگرد دیر کے کیوں تم جمع ہوئے ہو شمر لعین نے
کہا ہم نے سنا ہے کہ ایک جماعت نے اتفاق کیا ہے کہ شبخون کر کے سرہاے شہدا اور
قیدیونکو لے جائیں آج کی رات ہم چاہتے ہیں کہ اس دیر میں رہیں تاکہ شبخون سے بچ جائیں
پیر ویرانی نے کہا کہ لشکر تمہارا بہت ہے دیر گنجایش نہیں رکھتا کہ تمام لشکر اس دیر میں آوے
مصلحت یہ ہے کہ سرونکو اور قیدیونکو دیر میں رکھو اور تم سب گرداگرد دیر کے محافظت کرو
اور گرد دیر کے آگ جلا کر تمام رات بیدار اور ہوشیار رہو تاکہ شبخون سے محفوظ رہو
شبخون کے لوگ آگ دیکھینگے بے نیل مقصود کے پھر جائینگے شمر ملعون کو یہ راے پیر ویرانی کی
پسند آئی اور اس لعین نے پیر ویرانی سے کہا تو نیک بات کہتا ہے پس سر مبارک حضرت
سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کا ایک صندوق مستحکم میں رکھا اور اسکا قفل بند کیا اور زنان
اہل بیت عصمت و طہارت کو مع صندوق اور سر شہدا کے دیر میں کر دیا مگر صندوق کو ایک
مکان دیر میں اور سرہاے شہدا اور زنان اہل بیت عصمت و طہارت کو دوسرے مکان میں رکھا
اور جس شخص کو کہ لشکریوں سے کہتے تھے کہ اندر دیر کے واسطے محافظت کے شب کو رہے
کوئی قبول نکرتا تھا اسواسطے کہ واقعہ عبید الخنوی سے سب ڈر گئے تھے اسقدر لشکریون نے کیا
کہ صندوق کو اندر دیر کے لے آئے اور دروازہ دیر کو مقفل کر دیا اور پیر ویرانی گرداگرد اس
مکان کے جس مکان میں صندوق رکھا تھا پھرتا تھا اور چاہتا تھا کہ سر مبارک کو نزدیک سے
دیکھے ناگاہ دیکھتا کیا ہے کہ وہ مکان کہ جس مکان میں صندوق رکھا تھا ایک بارگی بے شمع
و چراغ کے روشن ہو گیا پیر ویرانی کو متعجب ہو کر اپنے دل میں کہا کہ یہ روشنی کہاں سے ہوئی
آئی ناگاہ اس مکان میں ایک روزن تھا پیر ویرانی اس روزن سے دیکھنے لگا کہ روشنی کا خط ملاحظہ

زیادہ ہوتی ہے یہاں تک نوبت پہونچی کہ کوئی آنکھ مشاہدہ اوس نور کا نہ کر سکتی تھی
القصہ بعد اوسکے چھت اوس مکان کی پھٹ گئی اور اوس میں ایک عماری نازل ہوئی اوس
عماری میں ایک عورت بہت خوبصورت تھی اور اوسکے ساتھ بہت سی کنیزیں طرہ و اطہر ہمرا
تھیں بعض بیٹھے راہ دور اور دورہ ان سب آرہی تھی ہے سب سے پیچھے حوا اسی طرح پر حضرت سارہؑ
و ہاجرہؑ و راحیل ماں حضرت یوسفؑ کی اور حضرت صفورا دختر حضرت شعیبؑ کی اور یوکبد ماں
حضرت موسیٰؑ کی اور آسیہؑ اور حضرت مریمؑ تشریف لائیں کہ ناگاہ شور زیادہ ہوا اور ایک
عماری نازل ہوئی کہ اوس میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ اور ازواج مطہرات رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کی تھیں ان سبھوں نے صندوق کھول کر سر مبارک کو باہر نکالا اور ایک ایک نے
سر مبارک کو دیکھکر نالہ و زاری شروع کی کہ دفعۃً ایک آواز عظیم بلند ہوئی اور عماری ایک
نازل ہوئی اور ایک شخص نے نعرہ کیا پیر و پیرانی پیر کہ اس ورن سے مت دیکھو کہ خاتون جنت
تشریف لائی ہیں پیر و پیرانی حیرت سے بیخود ہو گیا جب ہوش میں آیا دیکھا کہ ایک حجاب
سامنے پڑا ہے اور کوئی نظر نہیں آتا مگر ایک فریاد آہ و نالہ کی سنتا ہے اور
گوئندہ کہتا ہے السلام علیک اے مظلوم مادر وائے مقتول مادر وائے مسموم مادر وائے نور دیدہ
مادر و فرزند سعید و شہید پھر مت کہا کہ میں تیرے دشمنوں سے روز قیامت کا انتقام لونگی
اور بعض روایت میں آیا ہے کہ حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے چند ابیات نالہ و
نوحہ کر فرمایا پیر و پیرانی کہتا ہے بعد تھوڑی دیر کے اوس مکان تہ خانہ سے پیر و پیرانی
اپنی جا سے اوٹھا اوس مکان کو دیکھا کہ وہاں پر صندوق تھا کسی تدبیر سے توڑ کر
مکان میں آیا اور قفل صندوق کا توڑ کر اوسکی آگے خاک پر لوٹا اور بہت رویا پس سر مبارک
جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کا صندوق سے باہر نکال کر مشک و گلاب سے دہو کر

اور بھیجا وہ سنے پر رکھ کر شمع روشن کر کے دو زانو باادب روبرو سر اطہر کے بیٹھا اور
گریہ وزاری سے کہتا تھا کہ اے سرور سروران عالم وائے مہتر مہتران بنی آدم گمان میرا یہ ہے
کہ تو اوس جماعت سے ہے کہ وصف اوس جماعت کا توریت موسیٰ اور انجیل عیسیٰ میں
میں نے پڑھا ہے بحق اوس خدا کے کہ تجکو یہ مرتبہ دیا کہ محرمان سرادقات عصمت تیری زیارت کو
آتی ہیں اور خاتونان سراپردہ نبوت واسطے تیرے زاری کرتی ہیں مجکو خبر دے
کہ تو کون ہے فی الفور حکم رب قدیر سے سر مبارک حضرت خامس آل عبا کا تکلم میں آیا
اور کہا اے پیر میں مظلوم ہوں اور مسموم عدیدہ ہوں اور محنت کشیدہ مقتول تیغ دشمنوں کا
ہوں اور غریب پیر دیرانی نے عرض کیا کہ کچھ وضاحت زیادہ کیجیے سر مبارک حضرت
امام مظلومان علیہ السلام سے آواز آئی کہ اے پیر حال حسب نسب کا میرے پوچھتا ہے
یا سوز و تعب و تشنگی سے سوال کرتا ہے اگر نسب میرا پوچھتا ہے تو میں بیٹا ہوں نبی مصطفےٰ
اور علیؑ مرتضےٰ کا اور اگر سوز و تعب سے سوال کرتا ہے تو میں غریب اور مظلوم اور شہید کربلا
ہوں پیر دیرانی نے یہ باتیں غم و کرب آمیز سر اطہر شاہ شہیدان سے سنکر فی الفور اپنے مریدوں کو
طلب کیا اور اونسے صورت حال نقل کیا اور وہ سب ستر تن تھے اور ان سب نے مجرد سننے
اس حال کے فریاد و نالہ کیا اور اپنے جامے پھاڑے اور سب مل کر مع پیر دیرانی بیچ خدمت
حضرت سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام کے حاضر ہوکر سبھوں نے زنار اپنا
توڑیں اور کلمہ شہادت کا پڑھا اور ہاتھ اور پیر امام علیہ السلام پر بوسہ دیا اور عرض کیا
یا ابن رسول اللہ اگر آپکا حکم ہو تو ہم سب ان لعینوں کو شب کو غفلت میں قتل کریں حضرت
امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ حقتعالیٰ تمکو جزائے خیر دے یہ سب اشقیا عنقریب
اپنی سزا کو پہنچینگے اور بیاد اوس ... کا یاد ین گریں ... ہوئی اور اشقیا سے شہدا

اور اہل بیت عصمت وطہارت کو لیکر طرف شام کے روانہ ہوئے پس بسبب برکت
اہل بیت کی اہالی دیر مشرف با سلام ہوئے اسیطرح راہ میں بھی معجزات اور عجائب
وغرائب منازل میں ہوئے ہیں لیکن بلحاظ طول ہونے رسالہ کے قلم انداز ہوئے تاکہ بسیر
اور اصحاب معرفت پر پوشیدہ نہ رہے کہ بہت آثار عجیبہ شواہد سویہ کہ منازل ماتم
عیاں ہوکر برہان ساطع وحجت قاطع ہیں اور یہ واقعہ ہائلہ کربلا وحقیقت شہادت سید الشہدا
الحاصل بعد قطع منازل وطی مراحل کی اس ہیئت کذائی سے جبکہ سبایا اہل بیت عصمت
وطہارت وسرہای سائر شہدا کو دمشق میں کہ تخت نشین یزید پلید کا تھا پہنچایا یزید پلید نے
بمجرد سننے خبر آمد سبایای اہل بیت عصمت وطہارت اور سرہای شہدا کی قصر امارت کو آراستہ
کیا اور لباس فاخرہ پہنا اور واسطے جمع ہونے جملہ عظما وروسا شام کے دار الامارت میں حکم دیا
پس سب عظما وروسا شام کے بموجب حکم اوس لعین کے دار الامارہ میں جمع ہوئے اوسوقت اوس لعین نے
واسطے حاضر کرنے اسیران اور سرہائے شہدا کے حکم کیا روایت ہے کہ جبکہ بیبیاں اہل بیت عصمت وطہارت
اور وارد دمشق میں داخل ہوئیں گذران سبکا آگے جامع مسجد کے ہوا ایک پیر مرد محاسن سفید تھا جبکہ نظر اوسکی حضرت
سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام پر پڑی اور اوسنے زنان ومردان
اہل بیت نبوت کو شتران بے پردہ پر سوار دیکھکر کہا الحمد للہ کہ حقتعالے نے تمہارے کو
ہلاک کیا اور لوگوں کو تمہارے فتنہ سے نجات بخشا اور یزید کو تم پر مسلط کیا حضرت امام
زین العابدین علیہ السلام نے رخ اوسکی طرف کرکے فرمایا کہ اے پیر قرآن مجید تو نے
پڑھا ہے کہا ہاں حضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ آیہ کریمہ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ
قرآن میں دیکھا ہے پیر نے کہا ہاں حضرت امام سید الساجدین نے فرمایا اے شیخ
ہم ہی لوگ ہیں جو بیتیاں رسول مقبول کے ہیں کہ مودت ہماری لازم ہے بعد اسکے حضرت

علیہ السلام نے فرمایا کہ ای پیر یہ آیہ کریمہ پڑھا ہے انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس اہل البیت
ویطہرکم تطہیرا پیر نے کہا ہاں پڑھا ہے حضرت نے فرمایا کہ آیہ تطہیر مخصوص ہمارے واسطے ہے پیر نے جبکہ یہ
کلمات طیبات حضرت سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام سے سنے
ایک لحظہ فکر کیا بعد اوسکے گریہ وزاری اوپر اوسکے غالب ہوئی اور اوسنے عرض کیا
کہ یا ابن رسول اللہ مجکو معذور رکھیہ کہ مین نہ جانتا تھا کہ تم لوگ کون ہو اب آپکے فرمانے سے
حال معلوم ہوا پس اوس پیر نے منہ قبلہ کی طرف کرکے کہا خداوندا دشمنی اس قوم سے
مین نے توبہ کی اور دوستی رکھتا ہون مین دوستان اس قوم سے اور سر اپنا پیر نے پیر حضرت
امام زین العابدین علیہ السلام پر رکھا اور خاک مین لوٹا اور کہا خداوندا اگر تو نے
توبہ میری قبول کی ہے اور مجھسے خوشنود ہوا ہے تو جان میری قبض کر حسن اتفاق دعا
اوس پیر کی قبول ہوئی ایک نعرہ کرکے جان بحق تسلیم کی اہل بیت نے گریہ کیا اور خارج کیا ہے
ابن عساکر نے منہال بن عمرو سے کہا منہال نے کہ بخدا سوگند دیکھا مین نے سر حضرت
امام حسین کو جسوقت کہ اوٹھایا گیا تھا نیزے پر اور حال آنکہ مین دمشق مین تھا اور سامنے
سر مبارک کی ایک شخص سورہ کہف پڑھتا تھا جبکہ پہونچا قاری اس آیت پر ام حسبت ان اصحاب
الکہف والرقیم کانوا من ایاتنا عجبا پس گویائی دی حقتعالی نے سر مبارک کو پس کہا سر مبارک نے
بلسان فصیح اعجب من ذلک قتلی وحملی یعنے تعجب زیادہ ہے قصہ اصحاب کہف سے قتل ہمارا اور نیزہ پر
ہونا سر ہمارا پوشیدہ نرہے کہ قصہ اصحاب کہف کا کہ تین سو برس غار مین سوگئے اور بعد
کی ایک دن یا نصف دن انکو معلوم ہوا ہر چند کہ یہ امر عجیب غریب ہے چنانچہ تفصیل اس قصہ کی کتب
تفاسیر اور تواریخ مین مذکور ہے لیکن قتل شاہ شہیدان کا اور ہونا سر مبارک کا نیزے پر
اور شہید ہونا فرزندان و برادران و برادرزادگان و یاروں کا اور زنان اور یتیمان اہل بیت کا قید ہونا

سناں کی نیزہ پر سوار کر کے شہر بشہر اور قریہ بقریہ پھرایا تعجب زیادہ ہے قصہ اصحاب کہف
اور طرفہ ماجرا یہ ہے کہ بسبب جور و ظلم کے اوپر خاندان نبوت و امامت پر ہوئے اس کو بات
سر انجام پایا القصہ یزید پلید نے سنا کہ اہل بیت نبوت و سرہائے شہدا کو دارالامارہ میں
بیچ دربار شام کے کہ جلوہ و سا اور وضیع و شریف شام کے موجود تھے طلب کیا اور سر ایک ایک
شہیدوں کا دیکھا اور حال پوچھنا شروع کیا یہاں تک کہ بتمردی بکوش سے سر مبارک
جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کا آگے اوس شقی ازلی کے لیگیا اور اظہار ماجرائے جنگ کربلا
اور مباہات و افتخار کرنے لگا مخروٹ حال کربلا اور بتہ دیکھنے صورت حال اسیرانا
اہل بیت نبوت اور سرہائے شہدا کی بعیان استبشار و فرح و انبساط کا ناصیہ حال یزید پلید سے
ظاہر اور ہویدا اور بکمال استبشار و انبساط سے خوش ہو کر چوب سے کہ ہاتھ اوس خبیث کے
تھی ساتھ لب و دندان شاہ شہیدان علیہ السلام کے بے ادبی کر کے کہا کہ ای ابی عبداللہ
میرا گمان نہ تھا کہ بس تیرا اس شیب کو دیکھیے اور سر و ریش تیرا خضاب سے مخضوب ہے
مناقب السادات میں منقول ہے کہ جس وقت سر مبارک حضرت شاہ شہیدان علیہ السلام کا
نزدیک یزید پلید کے حضور اوس لعین کمال خرمی سے شراب پیتا تھا اور سر مبارک کو
انواع طرح کی اہانت کرتا تھا یہ حال مشاہدہ کر کے بعض صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کہ مجلس لعین میں موجود تھے گریاں ہوئے اور کہا ای ملعون کیا کرتا ہے اوس بدبخت ملعون نے
حکم قتل کا اون صحابہ کرام کے کیا اور سات صحابہ رضی اللہ عنہم اوس روز شہید ہوئے اور
بھی لکھتے ہیں کہ سمرہ بن جندب صحابی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اوس مجلس میں
موجود تھے جس کہ ضرب چوب کی اوپر لب و دندان شاہ شہیدان کی ملاحظہ کیا ضبط اختیار سے
جاتی رہے یزید پلید سے مخاطب ہو کر کہا قطع اللہ یدیک کاٹے اللہ ہاتھ تیرے کہ جو

اور لب و دندان حسین کی مارتا ہے کہ بوسہ گاہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تھا
یزید پلید نے غضب مین آکر کہا کہ اے سمرہ اگر شرف صحبت رسول کی تجھین نہ ہوتی
اسوقت تیری گردن مارتا سمرہ بن جندب نے کہا سبحان اللہ تجھین لحاظ صحبت رسول کا
کرتا ہے اور جگر گوشہ رسول و فرزند بتول کے ساتھ ایسا معاملہ کیا کہ کوئی کسی مسلمان کے
ساتھ نہین کرتا اور بھی کہتے ہین کہ ایک تاجر یہود کا اوس مجلس مین موجود تھا اوس تاجر نے
جبکہ سر مبارک سید الشہداء علیہ السلام کا دیکھا یزید سے پوچھا کہ یہ کسکا سر ہے یزید پلید نے
کہا کہ یہ سر اوسکا ہے کہ داعیہ مقابلہ کا خلیفہ سے رکھتا تھا اور خلافت اپنے لیے
تجویز کی تھی تاجر نے کہا کہ یہ شخص درمیان قوم کے شرافت رکھتا ہوگا کہ مدعی خلافت کا
ہوا ہے یزید پلید نے کہا ہان اشراف بنی ہاشم سے ہے بعد اسکے یہودی نے پوچھا کہ
صاحب اس سر کا کیا نام ہے اور مان و باپ اسکے کون ہین یزید پلید نے کہا کہ نام اسکا
حسین رضی ہے اور نام باپ کا علی ابن ابیطالب ہے اور نام مانکا فاطمہ رض یہودی نے کہا فاطمہ رض
کسکی بیٹی ہے یزید پلید نے کہا بیٹی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہودی نے
کہا معلوم ہوا کہ یہ بیٹا بیٹی رسول تمہارے کا ہے اوس پلید نے کہا ہان بعد سننے اس
ماجرا کے یہودی نے انگشت حیرت کو دانتون سے کاٹا اور ہاتھ تاسف کا ملکے کہا کہ اے
یزید درمیان میرے اور حضرت داؤد کے ستر پشت کا فرق ہے اب تک تمام یہودی میری تعظیم
کرتے ہین اور عزت و احترام بجا لاتے ہین اور محمد عربی رسول تمہارے نے ابھی دنیا سے
انتقال کیا ہے تم نے ایسا معاملہ اوسکی ذریت اور اہل بیت کے ساتھ کیا کہ نہ کسی کے
کان نے سنا ہے اور نہ کسی کی آنکھ نے دیکھا ہے وائے اوپر تمہارے بد لوگ ہو تم اور
روایت مین آیا ہے کہ دیر تک یزید پلید نے بے ادبی سر مبارک کے ساتھ کی سر رسول

قیصر روم کا حاضر تھا اوس نے کہا کہ فلانے جزائر میں سم خر حضرت عیسیٰ کا ہے ہم
ہمارا ہر سال واسطے اوسکی زیارت کے جاتے ہیں اور نذر بیش جواہر اور موتی اور زر و سیم ہمراہ لیجاتے ہیں اور بہت زیادہ
اوسکی تعظیم اور تکریم کرتے ہیں جیسا کہ تم لوگ تعظیم خانہ کعبہ کی کرتے ہو اور حرمت و احترام اوسکا
بجالاتے ہو حیف ہے کہ تو لوگ فرزند نبی اپنے کو قتل کیا اور زنان و بیبیاں اوسکے کو قید اور
اسیر کیا یزید پلید نے کہا کہ اگر تو رسول قیصر روم کا نہوتا میں تجھکو قتل کرتا رسول نے پھر
کہا کہ تجھکو شرم نہیں آتی کہ احترام قیصر روم کا تو نے تجھا در رکھا اور حرمت رسول خدا کی
چھوڑدی یزید پلید نے بجز سکوت کے چارہ نہ دیکھا متوجہ طرف زنان و بیبیاں اہل بیت کے ہوا
حضرت زینب و کلثوم دختران حسین علیہم السلام کو نزدیک طلب کیا پس جبکہ حضرت زینب
کی نظر سر مبارک حضرت شاہ شہیدان پر پڑی مضطرب وا اخاہ وا محمداہ کہا بعد اسکے جناب
طرف یزید پلید کے کہا کہ اے یزید تو نے اپنی عورتوں کو سرا پردہ عزت و حجاب میں بٹھلایا ہے
اور دختران رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہل بیت نبوت کو اوپر شتران بی پردہ کے
سوار کیا اور روبروئے مجمع مردوں کی طلب کیا فردائے قیامت کو کیا جواب دیگا یزید پلید نے کہا
کہ یہ کون ہے عورت لشکریوں نے کہا زینبؑ خواہر حسینؑ دختر فاطمہ زہرا ہے بعد اسکے
حضرت کلثومؑ اپنی جا سے اوٹھیں اور لب و دندان اپنے کو اوپر لب و دندان حضرت
شاہ شہید کے ملا اور بیہوش ہوکر زمین پر گر پڑیں بعد ہوش آنے کے دعائے بد یزید پلید
کے حق میں کی اور کہا اے یزید تو تمتع دنیا سے نہ پاوے اور جیسا کہ تو نے ہم سبکو رلا
ڈالا ہے اسیطرح سے حقتعالےٰ تجھکو دنیا اور عقبیٰ میں راحت نہ دے یزید پلید نے پوچھا
کہ یہ بھی خواہر حسینؑ کی ہے لشکریوں نے کہا ہاں یہ کلثومؑ بیٹی فاطمہ زہراؑ کی ہے بعد اسکے
اوس لعین نے طرف امام زین العابدینؑ کی متوجہ ہوکر پوچھا کہ یہ لڑکا کون ہے لشکریوں نے

کہا علی ابن حسین نے یزید پلید نے کہا میں نے سنا ہے کہ علی ابن حسین قتل ہوا لشکریوں نے کہا
کہ حسین کے تین بیٹے تھے علی اکبر علی اوسط علی اصغر علی اکبر اور علی اصغر قتل ہوئے علی اوسط
کہ بیمار تھے اوسکو قید کرکے لائے ہیں یزید پلید نے کہا کہ اے لڑکے باپ تیرا چاہتا تھا
کہ مسند خلافت پر بیٹھے اور اوپر منبر کے خطبہ اوسکے نام سے پڑھا جاوے الحمد للہ کہ اونکی
مراد کو نہ پہونچا حضرت سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام نے اوس ملعون سے کہا
کہ اے یزید انصاف سے کہہ کہ یہ منبر ہمارے آبا اور اجداد کا ہے یا تیرے آبا و اجداد کا
خلافت و امامت حق ہماری آبا و اجداد کا ہے کہ راہ خدا میں جہاد کیا اور دین حق کو
جاری کیا یا تیرے آبا و اجداد کا کہ مشرک تھے اور بت پرست روز قیامت کو حقتعالے
درمیان ہمارے اور تیرے حکم ہوگا اور معاملہ ہمارا اور تیرا فیصل کریگا اور آنحضرت علیہ السلام
یہ آیہ کریمہ پڑھا سیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون پڑھ کے ختم کلام کا کیا بعد اسکے
یزید ملعون نے حکم دیا کہ اسبابا اہل بیت کو قید خانہ میں لیجاؤ اور سر حسین کو دروازہ
دمشق میں آویزاں کرو روایت ہے کہ تین روز تک سر مبارک حضرت سید الشہدا
علیہ التحیۃ والثنا کا دروازہ دمشق میں آویزاں رہا غرضکہ اوس ملعون نے کمال اہانت
و بے ادبی سر مبارک شاہ شہیداں سے کیا اور اسبابا اہل بیت کو بہت ذلیل
اور خوار کیا اور اس قتل اور ذلت اہل بیت عفت و طہارت پر مسرور ہوا پس لعن اوس ملعون
شقی ازلی کا نزدیک حقیر کے جائز ہے چنانچہ مفتاح النجا مرزا محمد بدخشی و مناقب السادات
ملک العلما قاضی شہاب الدین دولت آبادی و شرح عقاید نسفی ملا سعد الدین تفتازانی
و تکمیل الایمان شیخ عبد الحق محدث دہلوی اور سوائے اونکے اور اسفار معتبرہ میں
مع دلائل و شواہد لعن اوس ملعون کی جائز لکھا ہے اور دفن سر مبارک حضرت شاہ شہید انکی

اختلافات بہت ہیں علماء کا سب سے صحیح یہ ہے کہ سر اطہر امام علیہ السلام کو مدینہ منورہ بیچ بقیع مرقد کے
دفن کیا گیا چنانچہ قرطبی سے منقول ہے کہ یزید پلید نے سر مبارک کو مدینہ منورہ میں بھیجا
اور دفن ہوا سر مبارک نزدیک حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے اور خلاصۃ المصائب میں
مروی ہے کہ جسد مبارک حضرت امام حسین علیہ السلام کا کربلا میں ہے اور سر مبارک
مدینہ منورہ میں بیچ مکان بقیع کے پہلو حضرت امام حسن علیہ السلام کے دفن ہے اور یہ
جو بعض روایت میں ہے کہ سر مبارک کو کربلا میں لیجا کر دفن کیا صحیح نہیں ہے اور بعض
روایت میں آیا ہے کہ سر مبارک امام مظلوم علیہ السلام کا خزانہ یزید میں تھا جہاں تک
سلیمان بن عبدالملک بادشاہ ہوا اوسکو خبر ہوئی کہ سر مبارک خزانہ میں ہے اوسی سر مبارک کو
طلب کیا دیکھا استخوان سفید باقی ہے اوسنے سر مبارک کا بیچ خوشبو کے اور کفن کر
مقبرہ مسلمانوں میں دفن کیا اور کہتے ہیں کہ سلیمان بن عبدالملک نے رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ اوسپر مہربانی فرماتے ہیں اوسنے تعبیر اس خواب کی
حضرت حسن بصری سے پوچھی حضرت حسن بصری نے فرمایا کہ شاید تجھسے کوئی احسان
اہل بیت کے حق میں ظہور میں آیا ہے اوسنے کہا ہاں سر مبارک حضرت امام حسین علیہ السلام کا
خزانہ یزید میں تھا میں نے اوسکو کفن دیکر اوسپر نماز پڑھکر دفن کیا ہے حضرت حسن بصری نے
کہا کہ البتہ یہ کام تیرا باعث خوشنودی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہوا ہے اسیطرح
اور بھی روایتیں آئی ہیں لیکن صحیح اور معتمد قول اول ہے القصہ یزید پلید نے نعمان بن بشیر کو
مع جماعت سواروں کے مقرر کر کے اہل بیت رسول اور ورثۂ مقتول کو مدینہ منورہ کی طرف
روانہ کیا چنانچہ امام سید الساجدین علیہ السلام سر مبارک امام مظلوم علیہ السلام اور سرہائے
شہیدان کربلا کو مع زنان و بیبیان اہل بیت عصمت و طہارت کے ہمراہ لیکر طرف مدینہ کے

ہمراہ نعمان بن بشیر کے تشریف فرما ہوئی لیکن یہ روانگی بھی حال ذلت و خواری کی تو نہ تھی
چنانچہ کلام ابن جوزی کا اسی پر دال ہے جو روبیداد کہ ابن زیاد و یزید نہاد سے بہ نسبت اہل بیت
نبوی کے عمل میں آئی کچھ عجب نہیں ہے کہ وہ محکوم و منقاد یزید پلید کا تھا لیکن کمال تعجب یزید خبیث سے
عجیب ہے کہ چوب اوپر دندان حضرت امام حسین علیہ السلام کے مارے اور اہل بیت عصمت کے تئیں
اوپر شتران بے پردہ کی ذلت و خواری سوار کر کے مع سر مبارک امام مظلوم کے طرف مدینہ منورہ کے
روانہ کیا بعدہ یہی کہا ابن جوزی نے کہ اس کو مستبعد ہو سکا نہ تھا مگر فضیحت کرنا اہل بیت کا اگر
اوس خبیث کے دل میں کینہ جاہلیت اور عداوت اپنے اقربا کی کہ روز بدر کے مارے گئے
نہ ہوتی ہر آئینہ تعظیم و تکریم سر مبارک کی کرتا اور کفن دے کر دفن کرتا اور نیکی اور احسان آل رسول
و ذریت بتول سے کرتا الحاصل جبکہ قافلہ اہل بیت نبوت کا دمشق سے عازم مدینہ منورہ کا ہوا
نعمان بن بشیر کہ طرف یزید پلید سے متعین تھا اثناء راہ میں ساتھ ذریت رسول کے حسن خدمت سے
پیش آیا اور مراتب تعظیم و تکریم جیسا کہ چاہیے اپنی طرف سے بجا لایا یہ سعادت ابدی اوسکے نامہ اعمال میں
لکھی گئی پس جبکہ خبر مراجعت اہل بیت عصمت و طہارت کی مدینہ منورہ میں پہونچی اولاد مہاجرین
و انصار اور اہالی مدینہ صغار و کبار استقبال کے واسطے گئے اور جسوقت کہ ذریت رسول
اور جگر گوشہائے بتول کو مبتلا بمصیبت دیکھا وہ حالت غم و اندوہ و گریہ و زاری سے اونپر گذری
کہ احاطہ شرح و بیان سے خارج ہے روایت میں ہے کہ جیسی مصیبت کہ دن وفات حضرت سرور کائنات
علیہ افضل الصلوٰۃ و التحیات کے اوپر اہل مدینہ کے گذری تھی اوسی طرح کی مصیبت اوس روز
گذری کہ امام زین العابدین علیہ السلام مع زنان و بیبیان اہل بیت نبوت و سر مبارک
سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا و سر سائر شہدا کے دمشق سے مدینہ منورہ میں تشریف لائے
اور فریاد عجیب و شور غریب مدینہ میں برپا ہوا کہ یاد ہنگامہ قیامت سے دیتا تھا جملہ اہل بیت

ہمارا کو کار آمد ہو اور روز محشر میں ایسے حالت کہ عارض حال ام المومنین حضرت ام سلمہ
کی ہوئی بیان میں جاری ہے کہ کلام مجید فرزند کی رسالت و عنایات اہل بیت کو گود میں لینے اور
ان کو پرورش کی تعلیم یہاں تک کہ مع مودت رسول کے متوجہ روضہ مقدسہ حضرت رسول الثقلین صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کو ہوئیں دربار میں بیکس روز و دیدار رسالت بصیرت پوشیدہ ہوا کہ وقائع
کربلا اور مصائب اہلبیت مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والثنا کے وہ حوادث ہائلہ ہیں کہ ولی قلم کا تحریر
ان کے سے جوں اور دیدۂ دوات کا تقریر اوسکی سے حیران ہوتا ہے محرریں اخبار نے تحریر
اس حادثہ میں بہت افراط و تفریط کیا ہے حقیر نے اس رسالہ میں روایات صحیحہ کہ کتب
معتبرہ میں موجود تھیں لکھا لیکن بحالہ حشو و زوائد سے معرا اور کذب تقاسیر سے مبرا

خاتمہ

ادر سیر کرنے والے کتب سیر و تواریخ کو پوشیدہ نہیں ہے کہ جو شخص کہ مباشر اور شریک و سہیم قتل
شاہ شہیداں کی ہوا یا انکی قتل سے راضی اور خوش ہوا قطع نظر معذب ہونے عذاب اور
نکال اخروی کے کہ مستحق اور سزاوار اوسکا تھا اس دار ناپائدار میں بھی عذاب میں
بسبب اس فعال شنیع کے مبتلا ہوا چنانچہ زہری سے منقول ہے کہ جو شخص معرکہ کربلا
میں شریک قتل حضرت امام مظلوم کے تھا بے دیکھے عذاب کے اور کھینچے سزائے اعمال کے
دنیا سے نہ گیا بعضے قتل ہوئے اور بعضے اندھے اور روسیاہ اور بعضوں کی تھوڑے سے
زمانہ میں ملک اور دولت ہاتھ سے جاتا رہا اور بعضے تشنگی میں مر گئے اور عقوبات میں
مبتلا ہو کر مارے گئے ابو نعیم نے طریق سفیان کے راوی اوسکی سے کہا اور اسکو دادی نے
جا سرہ سے دو مرد قاتلان حضرت امام حسین علیہ السلام سے لیکن ایک شخص لیس وار ہوا
حصہ تناسل اوسکا یہاں تک کہ اوسکو کمر میں لپیٹتا تھا اور بعض روایت میں ہے کہ گردن میں

مانند رسن کی لپیٹتا تھا اور دوسرا پس تشنگی اوسپر غالب ہوئی یہانتک کہ ایک پکھال
بھرے ہوے پانی کے منہ سے لگایا اور تمام پانی اوسکا پی گیا مگر پیاس اوسکی نہ گئی اور
مروی ہے کہ ایک جماعت باہمدیگر گفتگو کرتے تھے کہ کسیکو قاتلان حضرت
امام حسین علیہ السلام سے نہین دیکھا کہ بدون مبتلا ہوے مصیبت و بلاے دنیا کے
مراہو کو ناگاہ ایک پیر مرد اوس جماعت سے بولا کہ مین قتل حسین علیہ السلام مین شریک تھا اور ابتک
کوئی مصیبت پیرامون میرے نہین آئی اس گفتگو مین تھا کہ واسطے درست کرنے فتیلہ
چراغ کے اپنی جا سے اوٹھا قدرت الٰہی سے شعلہ چراغ نے اوسکو پکڑا اور سوزش بہت
اوسکے بدن مین پڑی کہ گرد اوس جماعت کے تڑپتا تھا اور کہتا تھا کہ جلا جلا یہانتک
نوبت پہونچی کہ اوسنے اپنے تئین دریا مین ڈالا اور چونکہ یہ آگ افروختہ قہر الٰہی کی تھی پانی
دریا کا اوس لعین کے حق مین مانند روغن کے ہوا آخرکار اوس شعلے نے اوسکو ایسا جلایا
کہ بدن اوس شقی کا حطب جہنم کا ہوا اور سدی سے روایت ہے کہ ایک شخص نے میری
ضیافت کی اور اوس ضیافت مین اور لوگ بھی شریک تھے کہ اثناے کلام مین تذکرہ معرکہ
کربلا کا ہوا حضار مجلس نے کہا کہ جو شخص کہ شریک قتل حضرت امام حسین علیہ السلام کی تھا
عقوبت دنیا مین مبتلا ہو کر مرا میزبان نے کہ رئیس مجلس کا تھا بے محابا کہا کہ مین حاضر معرکہ
کربلا کی تھا کوئی مصیبت ابھی تک مجکو نہین پہونچی ہنوز یہ بات اوس لعین سے تمام نہین ہوئی
تھی کہ ایک شعلہ چراغ سے خود بخود جدا ہوکر اوسکے بدن پر پڑا اور اوسکو تمام جلا دیا اور
کہتا ہے کہ مین نے بچشم خود اوسکو دیکھا کہ بدن اوسکا مانند کوئلہ کے ہوا تھا اور [illegible]
ابن [illegible] نے روایت کی ہے کہ سر مبارک حضرت امام مظلومان علیہ السلام کو فتراک مین باندھا تھا
حسن اوسکا مشہور تھا بعد اوسکے منہ اوسکا تیرہ و تار کہ زیادہ قیر سے ہوا لوگون نے

اوس سے پوچھا کہ تو کس حال میں مشہور تھا کیا ہوا کہ منہ تیرا سیاہ ہو گیا اوس نے کہا جس
ترمیں کہ سر مبارک حضرت امام حسین علیہ السلام کا قرآن پڑھتا تھا [illegible] دو مرد ہر روز
آتے تھے میں بار میرا پکڑا کیا [illegible] آگ [illegible] اور [illegible] کرتے ہیں اسکا
ہاتھ سے منہ میرا سیاہ ہوا اور حالت میری [illegible] ہے [illegible] اوس [illegible]
آخر کو رہی اوس جہنم کا ہوا اور واقدی سے منقول ہے کہ ایک پیر مرد جو شریک قتل حضرت
امام آل عبا علیہ السلام سے اندھا ہو گیا تھا لوگوں نے اوس سے سبب اندھا ہونے کا پوچھا اوس نے
کہا کہ میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آستین آنحضرت کی
چڑھی ہوئی تھیں اور دست مبارک میں تلوار تھی اور آگے آپ کے فرش چرم کا بچھا تھا [illegible]
حضرت امام حسین علیہ السلام کو ذبح کر کے اون کو سر [illegible] فرش پر ڈال دیا تھا جسکو دیکھ کر
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ پر بڑی خفگی سے بہت لعن کی اور ایک میل خون سے آلودہ کر کے
میری آنکھ میں پھیر دی اوس وقت سے میں اندھا ہوا ہوں لکھتے ہیں کہ شام میں ایک شخص
تھا [illegible] حضرت امام حسین علیہ السلام سے تھا کہ منہ اوسکا مثل خنزیر کی ہوا اور وہ [illegible]
لوگوں کا ہوا روایت ہے کہ جس لعین نے کہ تیر حضرت علی اصغر کے گلے پر مارا تھا ایک مرض میں مبتلا
ہوا کہ ایک طرف پیٹ [illegible] اوسکا مثل آتش کی ہوا اور ایک جانب پیٹ سرد [illegible]
ہر چند کہ آگے اوس لعین کے [illegible] کرتے تھے اور پیٹ پر تنور گرم کرتے تھے کچھ اثر نہ کرتا
اور اوسی طرح پر واویلا کرتا تھا اور اسقدر پیاس لگتی اوس لعین پر یہ حالت ہوئی کہ گھڑوں
پانی پیتا تھا اور [illegible] العطش کی اوسنے [illegible] آخر کار شکم اوس شقی کا شق ہوا اور روح پلید
اوسکی عقوبت میں جہنم واصل ہوا یہ تتمہ حال تھا مردان عوام کا کہ حاضر معرکہ کربلا کے تھے
اور احوال خواص کا مثل یزید پلید و ابن زیاد بد نہاد و ابن سعد شقی و شمر [illegible]

اوسکی کی مجملاً قابل سننے کے ہیں پس جبکہ یزید پلید قتل حضرت سید الشہدا علیہ التحیۃ و الثنا سے فارغ ہوا حقیقتاً ازلی اوس سرآمد اشقیا کو قطع نظر امراض جسمانیکے کہ وہ شقی مبتلا تھا ساتھ ارتکاب افعال شنیعہ کے منجر بکفر ہوتی ہیں مبتلا کیا تاکہ صورت عذاب الٰہی کی بی شائبہ تکلف کی ناصیہ حال و من مآل سے ظاہر ہووی از انجملہ خراب کرنا مدینہ منورہ کا یعنے اوس شقی ازلی نے لشکر گران ہمراہ ایک لعین کے طرف مدینہ طیبہ کے روانہ کیا کہ تین روز تک عوام و خواص سکنہ بلدہ طیبہ کے قتل و غارت لشکریون سے حیران و پریشان ہو چنانچہ سات سو صحابی شہید ہوی اور صدہا عورتین وضیع و شریف کی زنا سے حاملہ ہوئین اور گھر ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا تاراج کیا اور تین روز تک مسجد نبوی میں گھوڑون نے لیدہ اور پیشاب کیا اور اوس مسجد شریف میں کہ مورد جنود ملائکہ کی تھی تین روز تک سگ اور گربہ نی جگہہ کیا اور اذان و نماز نہ ہوئی اور اعمال قبیحہ کہ قلم تحریر اوسکی سے کیتا ہے اون لشکریون سے موقوع مین آیا کہ تفصیل اوسکی جذب القلوب وغیرہ میں مسطور و جا موجود ہے اور منجملہ اونکی ہتک حرمت کعبہ معظمہ کی کہ سنگہا منجنیق شامیون سے صحن حرم محترم کعبہ کا پر ہوا اور ستون مسجد الحرام کا شکست ہوا اور لباس خانہ کعبہ کو جلا دیا اور یزید وہ کہ در کعبہ پر تھا اوسکو ہمیہ توڑ کا کیا یہان تک کہ چند روز خانہ کعبہ بی لباس کے عریان رہا اور منجملہ اوسکو حلال اور مباح کرنا منہیات شرعیہ کا مثل زنا و لواطہ و شرب خمر اور بیاہ بہائی بہن کا کہ دلیل صریح اوپر زیادتگی کفر اوس کافر کے ہی اور تفصیل ان سوانح و حوادث نامشروعہ کی کتب سیر و تواریخ میں بتصریح مسطور ہے القصہ وہ شور بخت بعد تین برس سات مہینے کے پندہرہوین ربیع الاول سے کے مقام حمص مین کہ ایک شہر ہے بلاد شام سے واصل جہنم ہوا اور سال عمر اوس لعین کی اونتالیس برس کو پہونچی تھی کہ وہ بدبخت ساتھ طوق لعنت اور سلاسل نکبت سے کے دنیا سے گیا اور حسن اتفاق سے یہ ہے

کہ جس ور ہتک حرمت کعبے کی جور و تعدی شامیوں کے ظہور میں آئی وسی ہر وہ شقی
حطب جہنم کا ہوا یعنی جسکے دو حرف مقیم سقر کا ہوا معاویہ بن یزید کہ یزید لعین نے اپنی
حیات میں اوسکو ولیعہد اور خلیفہ کیا تھا تخت سلطنت پر بیٹھا یعنی جسکے معاویہ بن
یزید بادشاہ ہوا بعد چند روز کے منبر پر چڑھا بعد حمد خدا اور نعت سرور انبیاء کے کہا کہ خلافت
مضبوط خدا اور حق خلفاء باصفا کی ہے دادا میرا معاویہ بن ابی سفیان نے راہ خلاف
اور خطا کی اور وجہ علی مرتضے سے کہ احق و اولیٰ واسطے خلافت کے تھے نزاع
و جدال کیا بعد اوسکے باپ میرا کہ کسی طرح سے اہلیت اور استحقاق نہ رکھتا تھا تخت سلطنت پر
بیٹھا اور واسطے استحکام کرنے اپنی حکومت کے حضرت امام حسین سبط رسول خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کو شہید کیا آخر کو جوان مرگ ہو کر وبال دارین کا واسطے حکومت چند
روزہ کی ہمراہ لے گیا بعد اوسکے ان کلمات کے زار زار رویا اور کہا کہ میں جانتا ہوں
کہ مجھا رہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے بہت بد تھا کہ میرے باپ سے وقوع میں آیا
اور بازگشت اوسکی طرف جہنم کے ہے کہ اولاد رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو
قتل اور شراب کو مباح کیا اور تخریب مدینہ منورہ اور ہتک حرمت کعبہ کو روا رکھی میں
اس خلافت میں حلاوت نہیں پاتا اور اولاد ابو سفیان میں سے جس کسی سے کہ
تم راضی ہو اوسکو امیر کرو میں نے اپنی عقد بیعت کو گردن مسلمانوں سے نکال لیا
بعد اسکے منبر سے نیچے آیا اور خانہ عزلت میں بیٹھا اور آمد و رفت خلائق کی اپنے اوپر بند
کی بعد چند کے جوار رحمت حق میں گیا اور حال خسران مآل ابن زیاد شقاوت بنیاد کا
یہ ہے کہ وہ بدبخت شقی جنگ مختار بن عبید ثقفی میں مارا گیا اور ابن سعد اور
شمر کو بھی مختار نے بعد اپنے تسلط کے واصل جہنم کیا جیسا کہ تفصیل اس قصہ

بی آدمی کی مروی ہے کہ جبکہ مختار ثقفی کوفہ وغیرہ پر مسلط ہوا حکم دیا کہ جو شخص کہ
لشکریان ابن سعد سے کہ قتل حضرت امام مظلوم علیہ السلام مین شریک رہا ہو اوسکو گرفتار کیا
مجکو نشان دو چنانچہ کئی سے آدمیونکا نشان ملا مختار نے اون سب کی گردن مارکے
دار پر کھینچا اور مختار نے اپنے غلام خاص کو حکم دیا کہ ابن سعد کو حاضر کر حفص بن سعد
حاضر تھا اوس سے پوچھا کہ باپ تیرا کہاں ہے اوسنے کہا کہ خانہ نشین ہے مختار نے کہا اب اسکو مت
رہنی کی جگہ پر کہ خانہ نشین ہوا ہے اوس دن قتل حضرت امام حسین علیہ السلام سے کیوں خانہ نشینی
نہ اختیار کی بعد اسکے حکم دیا کہ سر اوس ملعون کا کاٹو بموجب حکم مختار کے سر اوس شقی کا
کاٹا گیا اور اوسکے بیٹے کو بھی مارا اور شمر بدبخت کو بھی قتل کیا اور سر ان دونون کا
نزدیک محمد بن حنفیہ کے مدینہ منورہ مین بھیجا بعد اسکے مختار نے حکم دیا کہ جو شخص کہ شریک
ابن سعد کا سفر کربلا مین رہا ہو اوسکو قتل کرو جبکہ اہالی کوفہ نے جانا کہ مختار درپے
قصاص خون حضرت امام مظلومان علیہ السلام کی ہے قصد بھاگنے کا کوفہ سے طرف
بصرہ کی کیا اور لشکر مختار کا عقب ان سب کے روانہ ہوا جسکو کہ انمین سے پاتے تھے قتل
کرکے اوسکو جلا دیتے تھے اور گھر اوسکا غارت کرتے تھے پس جبکہ خولی بن یزید کو
قید کرکے آگے مختار کے لائے اوسنے حکم دیا کہ پہلے دونون ہات اور پیر اوس ملعون کے
کاٹے بعد اسکے اوسکو دار پر کھینچا بعد اسکے اوس شقی کو آگ مین جلایا اسی نہج پر
لشکریان مختار نے لشکریان ابن سعد سے جس شخص کو پایا انواع عذاب سے مارا القصہ جبکہ
مختار قتل ابن سعد و شمر و خولی بن یزید سے فارغ ہوا قصد قتل ابن زیاد بدنہاد کا کیا
چنانچہ ابراہیم بن مالک اشتر کو مع فوج گران مقابلہ ابن زیاد کے روانہ کیا جس وقت کہ
ابراہیم فوج لیکر سرحد موصل مین پہونچا ابن زیاد بدنہاد نے کنارے دریا کے کہ پانچ کوس

موصل سے واقع ہے لشکر جمع کیا پس جانبین سے صبح کے وقت سے ہنگامہ محاربہ کا گرم رہا
وقت نماز شام کے ابراہیم نے لشکر شام کو کہ ہمراہ ابن زیاد بدنہاد کے تھا شکست دی
پس فوج ابن زیاد کی سر پر پیر رکھ کے فرار کیا اور لشکر ابراہیم کا تعاقب اوسکے ہوا اور
ابراہیم نے حکم دیا اپنی فوج کو کہ فوج مخالف سے جس کسیکو پاؤ زندہ نہ چھوڑو چنانچہ ہمراہیان
ابن زیاد لعین کے بہت مارے گئے اور ابن زیاد ملعون بھی جہنم واصل ہوا پس سر اوس
ملعون کا کاٹ کر آگے ابراہیم کے لائے ابراہیم نے سر اوس کا ایک کاردیک مختار کے بھیجا
پس جسوقت سر ابن زیاد بدنہاد کا کوفہ میں پہنچا مختار نے دارالامارہ کو آراستہ کر کے اہالی
کوفہ کو جمع کیا اور دارالامارہ میں جلوس کر کے حکم دیا کہ سر ابن زیاد کا حاضر کریں جسوقت
سر ابن زیاد نابہ نہاد کا دارالامارہ میں آگے مختار کے لے گئے مختار نے اہل کوفہ کی طرف
متوجہ ہو کر کہا دیکھو اے اہل کوفہ کہ قصاص خون حضرت امام حسین علیہ السلام نے ابن زیاد کو
زندہ نہ چھوڑا اور مفتاح البکا میں منقول ہے کہ واقعہ مختار میں ستر ہزار آدمی شام کے قتل ہوئے اور
وقوع اس واقعہ کا روز عاشورہ سن سڑسٹھ ہجری میں بعد چھ برس کے معرکہ کربلا سے اسی طور
موافق روایت صحیح میں آیا ہے کہ جسوقت کہ سر ابن زیاد بدنہاد اور اوسکے لشکر کا آگے مختار کے
حاضر کیا تھا تو ایک سانپ وہاں سر پر ظاہر ہو کر سوراخ ناک ابن زیاد بدنہاد میں گیا اور پھر منہ کی
راہ سے اور اسی طور العدد اوسکے منہ کی طرف سے نکل آتا تھا یہی اتفاق ہوا تا آنکہ ابن زیاد
اور ابن سعد و شمر ذی الجوشن و عمر بن الحجاج و قیس بن اشعث کندی و خولی بن یزید اصبحی
و سنان بن انس نخعی و عبداللہ بن قیس و حکیم بن طفیل و یزید بن مالک اور غیر انکے اعیان یزید پلید سب
عقوبت میں مبتلا ہو کر قتل ہوئے اور بعضے زندہ گھوڑوں سے دوڑائے گئے کہ استخوان ان ملعونوں کے
چور چور ہو گئے پس منتقم حقیقی نے موافق اپنے وعدہ کے کہ ذکر اوسکا اوپر گذرا انتقام حضرت

علیہ التحیۃ والثنا کا بات مختار ثقفی سے پایا گو کہ شقاوت ازلی انجام کار کو ناصیہ اعتقاد مختار
جلوہ گر ہوئی یعنے وہ بد انجام آخر کو مدعی نبوت کا ہوا چنانچہ تفصیل حال بد مآل اوسکے
کی کتب تواریخ مین مسطور ہے پس جبکہ کوفہ اور اوسکے اطراف مین تسلط تمام مختار کا ہوا
اوسنے قصد محاربہ کا عبد اللہ بن زبیر سے کیا پس جس وقت کہ عبد اللہ بن زبیر اوپر ارادہ
مختار کے واقف ہوئے مصعب بن زبیر یعنے اپنے بھائی کو واسطے مقابلہ مختار کے مامور کیا
چنانچہ مصعب مع لشکر بصرہ سے روانہ ہوئے درمیان مین فوج مصعب اور فوج مختار کے
ہنگامہ قتال و جدال کا گرم رہا اسی معرکہ مین مختار قتل ہوا پس جس ہنگام مین کہ
مصعب بن زبیر کوفہ اور اوسکی نواحی پر مسلط ہوئے عبد الملک نے ارادہ مقابلہ مصعب کا
کیا چنانچہ ہنگامہ قتال و جدال کا جانبین سے گرم ہوا اور عبد الملک مصعب پر فتحیاب
ہوا مصعب و ابراہیم بن مالک اشتر مقتول ہوئے ابن عمیر لیثی سے منقول ہے کہ اوسنے
عبد الملک سے کہا کہ مین نے پہلے سر حضرت امام حسین علیہ السلام کا دار الامارہ مین
روبرو ابن زیاد کے دیکھا بعد اوسکے سر ابن زیاد کا آگے مختار کے بعد اسکے
سر مختار کا آگے مصعب کے دیکھا بعد اوسکے سر مصعب کا آگے تیرے دیکھتا ہون
پس اس دار الامارہ سے خدا پناہ دے کہ یہ بد مکان ہے کہ بازگشت سرہا سروران کا
اسجا پر ہوتا ہے عبد الملک بمجرد سننے اس حال کے دار الامارہ سے اوٹھا اور حکم کیا کہ بنا اس قصر ناپاک کی
جڑ سے منہدم کرو چنانچہ موجب اوسکے حکم کے دار الامارہ منہدم کیا گیا الحاصل جبکہ عبد الملک نے مصعب پر ظفر پائی
اور کوفہ اور اوسکی نواحی پر مسلط ہوا چاہا کہ لشکر گران واسطے قتل عبد اللہ بن زبیر کے مکہ معظمہ
مین بھیجے اول وہلہ مین اس کار کو کسی نے قبول نہ کیا بلحاظ اسکے کہ قتال و جدال
حرم خدا مین حرام ہے پس ایک روز حجاج نے آگے عبد الملک کے آکر کہا کہ مین نے

خواب میں دیکھا ہے کہ میں نے بیٹے زبیر کا سر کاٹ کے جدا کیا ہے عبدالملک نے حجاج کو
حجاج عزیمت مکہ معظمہ کر واسطے مقاتلہ ابن زبیر کے راضی ہے پس عبدالملک نے فوج
گراں پایہ ہمراہ حجاج کے کر کے طرف مکہ معظمہ کے روانہ کی پس حجاج کہ اصل رذیل ظالم تھا
ہی جنگ اور جاری کیا اور لشکر جمع کر کے متوجہ سمت کعبہ معظمہ کے ہوا اور وہاں پر
جا کر بازار قتال و جدال کا گرم کیا اور کمر گستاخی کی باندھ کر داخل محاذات کعبہ معظمہ کا
ات احتقار سے چھوڑ دیا یہاں تک کہ تمامی حرم شریف خون مقتولوں سے رنگین ہوا اور
عبداللہ ابن زبیر شہید ہوئے یہ مرحلہ بھی سطے ہوا بعد اس کے حکومت مروانیہ کی شام
و عراق اور حجاز اور ممالک میں ہزار مہینے تک مستقر ہوئی چنانچہ تفسیر سورۂ انا انزلناہ
میں بیچ بیان معنی لیلۃ القدر خیر من الف شہر کے حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام
روشن ہے کہ مراد الف شہر سے ہزار ماہ مدت سلطنت بنی امیہ کی ہے واللہ اعلم بالصواب
والیہ المرجع والمآب الحمد للہ علی احسانہ والصلوۃ علی نبیہ و آلہ تمام ہوا یہ رسالہ
بیچ مہینے محرم الحرام سنہ ١٢٦٦ ایکہزار دو سو چھیاسٹھ ہجری میں

خاتمۃ الطبع

پروردگار عالم کا شکر ہے کہ اب یہ رسالہ ہدایۃ الکونین الی شہادۃ الحسین
مؤلفہ علامہ زمان فہامہ دوران عالم نحریر فاضل عدیم النظیر مرجع العلما
سند الفضلا ابو الخیر محمد متین الدین المشہدی الکروی مدظلہ العالی
مطبع نامی منشی نول کشور میں بمقام لکھنؤ
بماہ اپریل ١٨٧٥ع مطابق ماہ ربیع الاول
١٢٩٢ ہجری حلیہ پوشش طبع ہوا





الحمد لله الذی افاض علی الشهداء سحائب الرحمة من السماء واعطاهم بعلو الهمم مدارج
ورضوان واحیاهم حیوة لا یعتریها فناء ولا زوال ولا نقصان ویهدیهم فی جنته
من الرضوان. والصلوة والسلام علی خیر من استشهد لاعلاء کلمة الحق
بصدق الجنان. وهو الذی لیس کمثله شیء من الملک والانس والجان وهو
علی الاعیان. وعلی آله واصحابه الذین جاهدوا فی سبیل الله وبذلوا اموالهم
وانفسهم ابتغاء رحمة الرحمن. فاولئک علیهم صلوات من ربهم ورحمة وعمّ بها
وهم هداة سبل الایمان والعرفان. اما بعد بر کسانیکه سلوک طریق هدایت بر گزیده
و دامن فکر از خس و خاشاک ضلالت رچیده اند مخفی و مستتر نخواهد بود که ماجرای
شهادت عظمی سبطین طیبین حضرت حسنین علیهما التسلیمات والتحیات که الحسن
والحسین سیدا شباب اهل الجنة طغرای فرمان مناقب شان است، و دیگر
اسامی وهما ریحانتای من الدنیا گلی از گلستان فضائل این هر دو شفیع عاصیان
خاصه سانحهٔ کربلا و واقعهٔ شهادت جناب سید الشهداء علیه الوف من التحیة والثناء
که عقول عقلا در آن متحیر و هر کسی از اهل خرد در اکتناه آن گم کرده بار مرست که

که دلکبابان دوش نبی باشان محبوبیتی که نسبت با محبوب خدا یعنی حضرت سید الانبیا
علیه افضل الصلوات من الملک الاعلی داشتند روی اینهمه مصیبت بلا دیدند
تجشم ابتلا در خصوص شهادت کشیدند این را چه باید گفت چه معاملات عاشقانه
دلبریست و حالات معشوقانه دیگر شعر گل را چه غم که بر سر تختی تحمل هست
هر جا غمیست بر دل مجروح بلبل ست پس سلفا و خلفا از علما و فضلا سخنها
درین باب گفته و در تحقیق در سلک بیان سفته اند لیکن سخنی که ره بجای رساند
و حرفیکه دل سامع بآن قانع شود بجز کلام بلاغت نظام قدوة المحدثین اسوة المفسرین
زبدة الاصولیین والفقهاء والمتکلمین مولانا استاذنا حضرت شاه عبد العزیز
دهلوی تغمده الله بالرحمة والغفران واسکنه فی اعلی فرادیس الجنان که ذات ملکی
صفاتش بغایت اشتهار در اقطار امصار و دیار مستغنی از تعریف و بی نیاز
از توصیف افتاده قرع صماخ نکرده که در رساله سر الشهادتین پرده از روی این راز
(کوفتن در گوش و سوراخ گوش ۱۲)
سربسته کشوده و این سر مکتوم را چنان وانموده اند که کتب متداوله علما از ان
عاری و اسفار متداوله فضلا ازان خالی ست و رساله مزبوره باکمال بلاغتی که دارد
هر چند برای ایضاح مرام و کشف مقصود کلام کافی و وافی ست لیکن چون شاهد
تعبیرش بحجله عبارات عربی جا گزین و تالیفش بعنوان متین همقرین گشته منفعت
عامه و افادت تامه داعی بر تفسیر و تفصیلش بزبان فارسی آمد تا نفعش عام و فائده
آن تمام باشد لهذا فقیر نامه سیاه سلامت الله که بفحوای این شعر شعر

فی الجمله نسبتی بتو کافی بود مرا بلبل همین که قافیه گل شود بس ست

روزی چند ملازم صحبت با افادت جناب استاذ البریه مانده گلهای تدقیق در ریاض
تحقیق بمانده خواهست که بذریعه ترجمه رساله مسطوره باستحصال نسبتی که ذره را
باآفتاب هست پردازد و باکتساب این سعادت علم افتخار برافرازد چنانچه با وجود

صبح درست از کثرت مشاغل و اندک مهلت باستعمال مسم در ساعتے و دقیقه
از مقامات اصادر روایات بپرداخت و چنانکه مناسب بوده باشد تفصیل
مر روی جمال کشوده این ترجمه را موسوم به تحریر الشهادتین نمود با آنکه شرع
فی المقصود متوکلاً علی مفیض الخیر والجود وانه ولی التوفیق والهدایة وعلیه
التوکل فی البدایة والنهایة قال الاستاد العلامة ادام الله برکاته و ادام
حاسنا بقاءه اِعلَم رحمك الله تعالى انّ الكمالات التی افترقت
فی الانبیاء علیهم السلام قد اجتمعت فی نبینا صلی الله
علیه وسلم بدان رحم کناد مر ترا خدا تعالی البته کمالاتی که متفرق و
منتشر بوده در ذوات پیغمبران علیه السلام همه بتحقیق مجتمع و فراهم شده
در ذات پیغمبر ما علیه الصلوة والثنا و تفصیل این اجمال آنست که ارشاد شود
فقد اُعطی الخلافة کما اُعطی آدم و داؤد علیهما السلام
واُعطی الملك كما اُعطی سلیمان علیه السلام واُعطی الحسن
كما اُعطی یوسف علیه السلام واُعطی الخلة كما اُعطی
ابراهیم علیه السلام واُعطی الكلام كما اُعطی موسی
علیه السلام واُعطی العبادة كما اُعطی یونس علیه
السلام واُعطی الشكر كما اُعطی نوح علیه السلام
پس بتحقیق داده شد خلافت و نیابت را چنانکه داده شده آدم و داؤد علیهما السلام
و داده شد ملک و سلطنت را چنانکه داده شد سلیمان علیه السلام و داده شد
حسن و جمال را چنانکه داده شد یوسف علیه السلام و داده شد خلت و اتحاد را
چنانکه داده شد ابراهیم علیه السلام و داده شد کلام و خطاب را چنانکه داده شد
موسی علیه السلام و داده شد عبادت و طاعت را چنانکه داده شد یونس علیه السلام

و داود شد شکر را چنانکه داده شد نوح علیه السلام تخفّی و مستتر مباد که هر یکی را از
انبیای کرام وصفی و لقبی خاص هست که باعث امتیاز و موجب اختصاص او از
دیگری افتاده چنانکه وصف خلافت که عبارت از نیابت حق در تبلیغ احکام شرع
و ترویج امور دینیه و سیاست و تدبیر مملکت و انتظام عالم و اصلاح حال
بنی آدم و دیگر امور متعلقه به مصالح معاش و معاد بندگان خداست و وصف ملک
و سلطنت که عبارت از ریاست عامه و حکومت تامه است و وصف حسن و جمال
که عبارت است از تناسب اعضا و صباحت خد و رشاقت قد و ملاحت رنگ و لطافت
بدن و خوبی چشم و بینی و دیگر کیفیات و شیونات محبوبان که نه در قیاس و تخمین
عقل و دانش گنجد و نه بمیزان اندازهٔ وهم و گمان سنجد و وصف خلت که عبارت
از یاری جانی و دوستی روحانیست که تعبیرش یکجان و دو قالب کرده اند
و این معنی شانی از شیونات خلت انسانی است اما نسبت بحضرت حق جل و علا
این مرتبه عظمی و عطیه کبری بجائی رسیده که قابل شرح و بیان نیست چنانکه گفته اند
لا این معنی محبت و کیفیت صرف است که تعبیر و عنوانش از لوث تعلق با قوالب
الفاظ پاک و صاف برآمده و وصف کلام که مبنی از تشریف همکلامی با علام است
و وصف عبادت که بظاهر مشعر از اظهار و تضرع و عجز و خضوع و خشوع عبد و عظمت
و جبروت معبود است و حقیقت استهلاک هستی عبد در هستی حق است که نقش
ما سوای معبود در نظر عابد نماند بلکه پیش ظهور نور معبود عابد هم در میان نباشد
و وصف شکر که مراد از قضای حق است بدون صرف اعضا و جوارح و قلب و
روح در امری که مخلوق برای آن شده حاصل نشود بلکه اگر تعبیرش بقضای شاکر
بلقای منعم نمایند اولی و انسب باشد بالجمله وصف خلافت که موصوف بآن
آدم و داود بودند چنانکه ملقب به خلیفة الله گشتند و ملک و سلطنت که از او و هم

عالم حضرت سلیمان ست و حسن و جمال که ضرب المثل بآن یوسف شده اند جلیب
راتحاد که مشتهر باتصاف آن ابراهیم خلیل الله گشته‌اند و کلام که لقب کلیم الله کاشف
از محبوبیت موسی آنست و طهارت و طاعت که یونس باتصاف آن مشهور اند
و شکر که آنرا نامور نوح کرده اند مجموعه این صفات و گلدسته این کمالات ذات
معدن حسنات آن سرور کائنات علیه الصلوات والتسلیمات ست خوش گفت
آنکه گفت شعر حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری * آنچه خوبان همه دارند تو
تنها داری * بلکه اگر دیده بصیرت وا شود و نظر بغور واقعات رود حضرت
ختم المرسلین علیه الصلوة والسلام شریک غالب در جمله اوصاف کمال را آیه
علم یعنی السبق ربانی درین میدان برافراشته قدم اعجاز تو امر را از سائر انبیا
فراتر گذاشته اند چنانچه آدم و داؤد اگر ملقب به خلیفة الله شده اند لوبحث
محمد رسول الله جهگانه بنام نامی او شده اند عفریتی اگر تخت بلقیس در درگاه سلیمان
حاضر نمود حق جل وعلا بخطاب سرور انبیا در مقدمه حضرت ربت کرد و حبا کمال
فرمود زنان مصر مشاهده جمال یوسف اگر دست بجای ترنج بریدند مردان بحر
در آینه کمال مطلق صورت من رآنی فقد رای الحق دیدند ابراهیم اگر لباس
خلت پوشید محمد قبای محبوبیت در بر کشید موسی اگر کلام حق بر طور دارد
شنید حبیب الله سر حق را بر عرش از سر و یکسر دیده سر دیده مشتهر بعبادت اگر
یونس جبائی ست فاذا فرغت فانصب منشور مصطفی ست نوح اگر شکر
مشهور ست احمد در صبر و شکر هر دو شکور الحمد هر جمالی و کمالی که سائر انبیا را
همان و بیشتر از آن بر تر و را انبیا داده چنانچه صفات مذکوره که فرادی فرادی در
ذوات حضرات انبیا رنگ ظهور گرفته اجتماع دارد و امواج آنها در یک ذات
پاک آن سرور عالم فخر بنی آدم صلی الله علیه وآله وسلم جلوه دیگر و کمالی آخر پدید آورد

